★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

جلد نمبر 15 | پیر 23 رمضان المبارک 1446ھ، 24 مارچ 2025ء، 10 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 146

Email:dailyquwat786@gmail.com Www.dailyquwat.com

# ہمارا وطن جمہوریت کے پرچم تلے ترقی کی راہ پر گامزن ہے: آئی ایس پی آر

23 مارچ 1940 ہماری تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن لمحہ ہے، اللہ کی نصرت سے پاکستان جمہوری اداروں کو مستحکم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، چیئرمین جوائنٹ چیفس اور سروس چیفس کی قوم کو یومِ پاکستان پر مبارکباد، آئی ایس پی آر

آج پاکستان عالمی برادری کا ایک ذمہ دار اور باوقار رکن ہے، پاکستان امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، متحد قوم کے طور پر ہم نئی امیدوں کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی اور سروس چیفس نے قوم کو یومِ پاکستان کی 85 ویں سالگرہ پر دلی مبارکباد دی ہے۔آئی ایس پی آر کے مطابق 23 مارچ 1940 ہماری تاریخ کا ایک عظیم اور فیصلہ کن لمحہ ہے،23 مارچ ایک ایسا دن جب ہمارے اجتماعی عزم کو واضح سمت ملی۔یہ دن پاکستانی قوم کے غیر متزلزل عزم کی علامت ہے۔آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہمارا وطن جمہوریت کے پرچم تلے ترقی کی راہ پر(باقی صفحہ پر بقیہ نمبر1)

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## مولانا فضل الرحمان کا سابق صوبائی وزیر رہنماء جے یو آئی مولانا امان اللہ حقانی کے بھائی کی وفات پر اظہار افسوس

اسلام آباد(آن لائن) جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان نے سابق صوبائی وزیر رہنماء جے یو آئی مولانا امان اللہ حقانی کے بھائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر7)

## بلاول بھٹو زرداری آج 2 روزہ دورے پر لاہور پہنچیں گے

پیپلز پارٹی پنجاب کے عہدیدار، اراکین پارلیمنٹ، ٹکٹ ہولڈرز سے ملاقات کریں گے

لاہور(این این آئی) چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری پیر کو 2 روزہ دورے پر لاہور پہنچیں گے۔بلاول بھٹو پیر کو گورنر ہاؤس میں جیالوں کے ساتھ افطاری کریں گے، پیپلز پارٹی پنجاب کے عہدیدار، اراکین پارلیمنٹ، ٹکٹ ہولڈرز، اراکین سی ای سی اور فیڈرل کونسل بلاول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر8)

# بدقسمتی سے کوئی آزاد نہیں، بات کرنے والے کو پیکا کے تحت بند کر دیا جاتا ہے، عمر ایوب

دہشت گردی واقعات کی مذمت کرتے ہیں، بارڈر پر خاردار باڑ لگی ہونے کے باوجود آمدورفت سوالیہ نشان ہے، اس وقت پاکستان کے تمام صوبوں میں حالات خراب ہیں: اپوزیشن لیڈر

23 مارچ کو مینار پاکستان پر قرارداد پاکستان پیش کی گئی تھی، اس قرارداد میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ایک علیحدہ ملک بنایا جائے جہاں مسلمان اپنی آزادانہ زندگی گزار سکے

ہری پور(این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب خان نے کہا ہے کہ بدقسمتی سے اس وقت کوئی آزاد نہیں، بات کرنے والے کو پیکا ایکٹ کے تحت بند کر دیا جاتا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی عمر ایوب نے کہا کہ محمود خان اچکزئی کی سربراہی میں انسٹال رجیم حکومت کیخلاف جماعتیں اکٹھی ہو رہی ہیں، 23 مارچ کو مینار پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

# ملک میں جاری دہشت گردی کی لہر کیخلاف ہم کو ایک ہونا ضروری ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

آج ہمیں یہ عہد کرنا ہے کہ پاکستان کی فلاح و بہبود کے لیے ایک دوسرے کا دست و بازو بنیں گے، آج عالم اسلام کو اکٹھا ہو کر شہید ذوالفقار علی بھٹو جیسی لیڈرشپ دکھانی ہے

دشمن چھپ چھپ کر بزدل لوگوں کے ذریعے حملے کراتا ہے، ان کے پیچھے کون ہے یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے، اسلام دشمن عناصر کی طرف سے ایک مہم چلائی جا رہی ہے، مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے یوم پاکستان کے موقع پر دہشتگردی کیخلاف مل کر لڑنے کا عہد کیا ہے۔اتوار کو یوم پاکستان کے موقع پر گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے صوبائی کابینہ کے ہمراہ مزار قائد پر حاضری دی ۔ انہوں نے بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر فاتحہ خوانی کی، پھول (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری یوم پاکستان پر ایوان صدر میں منعقدہ ہونیوالی تقریب میں تشریف لا رہے ہیں

# قوم، مسلح افواج مادر وطن کے تحفظ کیلئے ہر طرح کی قربانی کیلئے تیار رہیں

## صدر آصف زرداری

یوم پاکستان کے موقع پر اسلام آباد میں ایوان صدر میں یوم پاکستان کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، صدر مملکت آصف زرداری تقریب کے مہمان خصوصی تھے، تقریب میں غیر ملکی سفیروں سمیت اہم شخصیات نے شرکت کی

وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر دفاع خواجہ آصف اور مسلح افواج کے سربراہان اسٹیج پر موجود رہے یوم پاکستان کی پریڈ میں پاک فضائیہ کے شاہینوں نے فلائی پاسٹ کا مظاہرہ کر کے دشمن پر لرزہ طاری کر دیا

اسلام آباد(این این آئی) یوم پاکستان کے موقع پر اسلام آباد میں ایوان صدر میں یوم پاکستان کی خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، صدر مملکت آصف زرداری تقریب کے مہمان خصوصی تھے، تقریب میں غیر ملکی سفیروں سمیت اہم شخصیات نے شرکت کی۔یوم پاکستان کے موقع پر ایوان صدر میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر3)

## مسلم لیگ نے پاکستان بنایا وہی اسے سنوار رہی ہے: عظمیٰ بخاری

ارض پاک کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مسلم لیگ نے پاکستان بنایا وہی اسے سنوار رہی ہے یوم پاکستان پر اپنے بیان میں صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ یوم پاکستان ایک نئی سوچ، نئے حوصلے اور جذبے کا نام ہے، 23 مارچ ہمیں دنیا میں منفرد اور عظیم قوم بننے کی یاد دلاتا ہے، 23 مارچ 1940 کو جس الگ وطن کیلئے عہد کیا گیا وہ اقوام عالم میں آج ایک روشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

کراچی، گورنر سندھ کامران ٹیسوری اور وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## یوم پاکستان، ایوان صدر میں اعلیٰ ترین سول اعزازات دینے کی تقریب

اسلام آباد (این این آئی) یوم پاکستان کے موقع پر ایوان صدر میں اعلیٰ ترین سول اعزازات دینے کی تقریب منعقد ہوئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر5)

## مسلح افواج کے 764 جوانوں اور افسران کیلئے فوجی اعزازات کا اعلان

82 افسران اور جوانوں کو امتیازی اسناد جبکہ 185 کو آرمی چیف تہنیتی کارڈ عطا کیے گئے ہیں

اسلام آباد(این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مسلح افواج کے جوانوں اور افسران کے لیے فوجی اعزازات کا اعلان کیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق پاک فوج، پاک بحریہ اور پاک فضائیہ کے 764 افسران اور جوانوں کو مختلف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر4)

# پاکستان ہم سب کے لیے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت غیر مترقبہ ہے، مریم نواز

آج عہد کریں کہ یوم پاکستان پر وطن عزیز کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں شامل کرنے کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے، پیغام

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے اپنے پیغام میں بانیان پاکستان کی جدوجہد اور شہدا کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ ہمیں قیام پاکستان کے سنہری اغراض و مقاصد کی یاد دہانی کراتا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے پوری قوم کو یوم پاکستان کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر6)

اسلام آباد: پاکستان ایئر فورس قراقرم 8 کا دستہ یوم اپکستان کی تقریب میں فلائی پاسٹ کا مظاہرہ کر رہا ہے

## غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کے انخلا میں 09 دن باقی رہ گئے

اسلام آباد (آن لائن) غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر12)

## بلوچ یکجہتی کمیٹی کی آرگنائزر ماہ رنگ بلوچ کوئٹہ جیل منتقل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے سریاب سے حراست میں لی گئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر13)

## باہمی اختلافات بھلا کر ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے متحد ہونا ہوگا، محسن نقوی

23 مارچ کا دن ہمیں ہمارے آباؤ اجداد کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، پیغام

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہمیں باہمی اختلافات بھلا کر وطن عزیز کے مفادات کو مقدم رکھ کر ملکی ترقی و خوشحالی کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ یوم پاکستان پر قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ 23 مارچ کا دن ہمیں ہمارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر11)

## گورنر پنجاب کی چاندنی چوک فوڈ سٹریٹ میں سحری، شہریوں سے ملاقاتیں

راولپنڈی کے لوگوں سے ملاقاتیں کیں اور عید کے تحائف بھی بچوں میں تقسیم کیے

راولپنڈی (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے آج راولپنڈی کی چاندنی چوک فوڈ سٹریٹ میں سحری کی اور وہاں مقامی عوام کے ساتھ وقت گزارا۔اس موقع پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر14)

## یوم پاکستان پر مینار پاکستان مختلف رنگوں کی روشنیوں سے جگمگا اٹھا

پی ایچ اے کی جانب سے لاہور کے گریٹر اقبال پارک میں لیزر لائٹ شو کا اہتمام

لاہور (این این آئی) یوم پاکستان کے موقع پر مینار پاکستان مختلف رنگوں کی روشنیوں سے جگمگا اٹھا۔ یوم پاکستان کی مناسبت سے پی ایچ اے کی جانب سے لاہور کے گریٹر اقبال پارک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر15)

لاہور: سی او سی بی ڈی پنجاب بریگیڈیر (ر) منصور جنجوعہ یوم پاکستان کی تقریب میں پرچم کشائی کر رہے ہیں

کراچی: کوآرڈینیٹر وزیر اعظم یوتھ پروگرام سندھ فہد شفیق چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سے ملاقات کر رہے ہیں

# جنگ افغانستان اور پاکستان کیلئے مفید نہیں، مولانا فضل الرحمان

پاکستان سے افغانستان جا کر 20 سال تک لڑنیوالوں سے بندوقیں واپس لینے میں افغان طالبان کو بھی مشکلات ہیں

اگر ہم جنگ کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں تو قدم روک لینا چاہیے جامع حکمت عملی کی طرف جانا چاہیے، سربراہ جے یو آئی (ف)

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ جے یو آئی (ف) مولانا فضل الرحمان کا کہنا ہے کہ جنگ افغانستان اور پاکستان کے لیے مفید نہیں ہے۔ نجی ٹیلی ویژن چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جنگ افغانستان اور پاکستان کے لیے مفید نہیں، اگر ہم جنگ کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں تو قدم روک لینا چاہیے جامع حکمت عملی کی طرف جانا چاہیے۔ سربراہ جے یو آئی نے کہا پاکستان سے افغانستان جا کر 20 سال تک لڑنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر16)

## وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر شجرکاری مہم پلانٹ فار پاکستان تیزی سے جاری

سرگودھا (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر17)

## پنجاب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج میں پاکستان آرمی کے جوانوں کی تربیت مکمل

پہلے بیچ میں ملٹری پولیس کے 35 جوانوں کو 2 ہفتے کا تربیتی کورس کروایا گیا

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی قیادت میں محکمہ داخلہ پنجاب نے ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کر لیا۔ پنجاب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج میں پاکستان آرمی کے جوانوں کی تربیت مکمل ہو گئی۔ پہلے بیچ میں ملٹری پولیس کے 35 جوانوں کو 2 ہفتے کا تربیتی کورس کروایا گیا۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر18)

# وفاق پختونخوا حکومت کو افغانستان سے بات کرنے دے، بیرسٹر سیف

حکومت نہ تو خود افغانستان کو انگیج کرتی ہے، نہ کسی اور کو بات کرنے دیتی ہے، حکومت کو افغانستان سے بات کرنے میں کیا رکاوٹ ہے؟

افغانستان سے بات کریں اور ان سے کہیں کہ ٹی ٹی پی کو کنٹرول کریں، دہشتگردی کی لہر میں کمی آئے گی' مشیر اطلاعات کا انٹرویو

پشاور (این این آئی) ترجمان خیبر پختونخوا حکومت بیرسٹر محمد علی سیف کا کہنا ہے کہ اگر وفاقی حکومت کے بقول دہشت گردی کے تانے بانے افغانستان سے ملتے ہیں تو حکومت کو افغانستان سے بات کرنے میں کیا رکاوٹ ہے؟ ایک انٹرویو میں بیرسٹر سیف کا کہنا تھا حکومت نہ تو خود افغانستان کو انگیج کرتی ہے، نہ کسی اور کو بات کرنے دیتی ہے، وفاق کو چاہیے کہ خیبر پختونخوا حکومت کو افغانستان سے بات کرنے دے کیونکہ ہمارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر28)

## قائد حزب اختلاف کے لائیو انٹرویو میں اسکرین پر اچانک بچہ نمودار، معصومانہ ڈانس

احمد خان بھچر نے بچے کو کیمرے کے سامنے سے ہٹانے کی کوشش، بچہ پھر بھی نہ ہٹا

لاہور (این این آئی) نجی ٹی وی چینل پر جاری انٹرویو کے دوران اچانک اس وقت دلچسپ صورتحال پیدا ہو گئی جب پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بھچر کے لائیو (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر30)

## عید الفطر، پہلی سپیشل ٹرین بدھ کے روز کراچی سے لاہور کیلئے روانہ ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے کی طرف سے عید الفطر کی مناسبت سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر29)

کراچی: وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری یوم پاکستان پر مزار قائد پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## نشتر کالونی میں ٹریفک حادثے میں 45 سالہ شخص جاں بحق

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقے میں ٹریفک حادثے میں 45 (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر31)

## راولپنڈی، تعلیمی اداروں میں آئس سپلائی کرنے والے 2 منشیات فروش گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے تعلیمی اداروں میں آئس سپلائی کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر32)

## مزار اقبال پر گارڈ کی تبدیلی کی پروقار تقریب، پاک فضائیہ نے فرائض سنبھال لئے

مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزی نے مزار اقبال پر حاضری دی، گارڈ آف آنرز کا معائنہ کیا

لاہور (این این آئی) یوم پاکستان پر شاعر مشرق مزار اقبال پر گارڈ آف تبدیلی کی پروقار تقریب کا انعقاد ہوا، پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے نے مزار پر اعزازی گارڈز کے فرائض (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر20)

## حج اور عمرہ کے لیے آمد میں اضافے کے ساتھ ساتھ اخراجات میں بھی اضافہ

ریاض (این این آئی) مملکت میں حج اور عمرہ کے لیے آنے والے غیر ملکیوں کے ذوق وشوق کے باعث تعداد میں اضافے کے ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر19)

## پاکستانی سفیر ممتاز زہرا بلوچ کی پیرس میں پاکستانی نژاد فرانسیسی تاجروں سے ملاقات

ملاقات کے دوران سفیر پاکستان نے تاجروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی

پیرس (این این آئی) سفارتخانہ پاکستان، پیرس میں پاکستانی سفیر ممتاز زہرا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر22)

سنگاپور: ہائی کمشنر رابعہ شفیق یوم پاکستان کی مناسبت سے پاکستان ہاؤس میں پرچم کشائی کر رہی ہیں

## مصطفیٰ عامر قتل کیس میں پراسیکیوٹر کو نامعلوم افراد کی دھمکیاں

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے ڈیفنس سے اغوا کے بعد بے دردی سے قتل کیے جانے والے نوجوان مصطفیٰ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر25)

## اسرائیل پر سات اکتوبر کا حملہ، پرانی تحقیقات کے لیے جائزہ کمیٹی قائم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کے نئے سربراہ نے سات اکتوبر کو اسرائیل پر ہونے والے تاریخی حملے کی پہلے سے کرائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر21)

## انارکلی، نیلا گنبد، مال روڈ بارے فیصلوں، پارکنگ منصوبے کیلئے تاجروں سے مشاورت لی جانی چاہیے' صدر انجمن تاجران پاکستان

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول میں تاجر نمائندوں کی شمولیت کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر24)

قصور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ڈسٹرکٹ جیل میں جوتوں کی فیکٹری کا معائنہ کر رہے ہیں

## پاکستان کو مضبوط معیشت بنائیں گے' ملک افضل کھوکھر

حکومتی کاوشوں سے جلد ملک میں مہنگائی کی لہر پر قابو پالیں گے' رکن قومی اسمبلی

رائے ونڈ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ مربوط پالیسی اصلاحات کے فریم ورک کے ساتھ پاکستان کو مضبوط معیشت بنائیں گے، بحیثیت قوم ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا ہے، حکومتی کاوشوں سے جلد ملک میں مہنگائی کی لہر پر قابو پالیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر23)

# سیکیورٹی کلیئرنس کے بعد ریل سروس بحال ہو جائے گی، بلال اظہر

سیکیورٹی خطرات کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، ان خطرات کو کم کر کے ہی ریلوے سروس دوبارہ شروع ہوگی

حکومت دہشت گردی کے خلاف مضبوطی کے ساتھ کھڑی ہے، خاتمے تک غیر متزلزل عزم کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے ریلوے بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ سیکیورٹی کلیئرنس کے بعد بلوچستان میں ریل سروس بحال ہو جائے گی۔ وزیر مملکت برائے ریلوے اور مسلم لیگ نواز کے رہنما بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس کے واقعے کے بعد بلوچستان میں ریلوے سروس پروٹوکول کے ساتھ فوری بحال کی جائے گی۔ مسافروں کی حفاظت اور بہبود یقینی بنانے کے لیے ٹریک اور بوگیوں کو پہنچنے والے نقصانات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر33)

ابوظہبی: پاکستانی سفیر فیصل نیاز ترمذی پاکستان ایمبیسی میں یوم پاکستان کی مناسبت سے پرچم کشائی کر رہے ہیں

## دہشت گردی ملک کے وجود کے لیے خطرہ ہے، رؤف حسن

ملک میں 2 کروڑ سے زیادہ لوگ کرپٹو ایکسچینج میں انوسٹ کر رہے ہے، علی فرید پراچہ

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف رؤف حسن کا کہنا ہے کہ جہاں تک دہشتگردی کا سوال ہے اس پر کوئی دو رائے ہو نہیں سکتیں یہ ملک کے وجود کے لیے خطرہ ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر26)

## سپریم کورٹ میں 24 سے 28 مارچ تک کا ججز روسٹر جاری، 4 بینچز تشکیل

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں پہلا بینچ کیسز سنے گا' سپریم کورٹ ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان میں 24 سے 28 مارچ تک کا ججز روسٹر جاری کر دیا گیا ہے۔ آئندہ ہفتے کیسز کی سماعتوں کیلئے 4 بینچز تشکیل دیے گئے ہیں۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر27)

حیدرآباد: پی ٹی آئی سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ یوم پاکستان کے موقع پر منعقدہ تقریب مین کیک کاٹ رہے ہیں



چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# سٹی نیوز

## دوران آپریشن 02 خطرناک ڈاکو ہلاک

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب پولیس رحیم یار خان نے کچہ کریمنلز کے خلاف بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے دوران آپریشن 02 خطرناک ڈاکو شاہ میر عرف میرا کوش اور ڈاکو حکیم کوش ولد اخوانی کوش کو ہلاک کردیا۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ہلاک دونوں ڈاکو گزشتہ سال کچہ ماچھکہ میں 12 پولیس اہلکاروں کی شہادت میں مرکزی ملزم تھے۔ ڈی پی او رضوان عمر گوندل کی قیادت پولیس نے کچہ ماچھکہ سندھ کے سرحدی علاقے میں سانحہ کچہ ماچھکہ کے پولیس اہلکاروں کی شہادت میں ملوث ڈاکوؤں کے خلاف آپریشن کیا۔ پولیس آپریشن میں بکتر بند گاڑیوں اور ایلیٹ کمانڈوز سمیت پولیس کی بھاری نفری نے حصہ لیا۔ پولیس نے ڈاکوؤں کے ٹھکانوں پر چڑھائی کی تو دوطرفہ شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا اور ڈاکو سندھ کی طرف فرار ہوگئے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ پنجاب پولیس نے سرچ آپریشن کے بعد کچہ کریمنلز کی کمین گاہیں نذر آتش کر دیں اور پولیس بکتر بند گاڑیوں کے ہمراہ ڈاکوؤں کا تعاقب جاری رکھے ہوئے ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پولیس اہلکاروں کی شہادت کے مرکزی ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچانے پر رحیم یار خان پولیس کو شاباش دی۔ ڈی پی او رحیم یار خان رضوان عمر گوندل نے کہا کہ کچے کے شر پسند اور دہشت گرد کریمنلز کو منطقی انجام تک پہنچائیں گے۔

## 23 مارچ کے موقع پر لاہور ٹریفک پولیس کا تحریک آزادی کے قائدین اور جانثاروں کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں: سی ٹی او لاہور

لاہور (کرائم رپورٹر) 23 مارچ کے موقع پر لاہور ٹریفک پولیس کا تحریک آزادی کے قائدین اور جانثاروں کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتا ہوں۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ آزاد وطن ہمارے اسلاف کی قربانیوں کا ثمر ہے یوم پاکستان ہمیں حصول پاکستان کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے قرارداد لاہور نے برصغیر کے مسلمانوں کو عظیم مقصد کے لیے متحد کیا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ ہمیں پاکستان کی پائیدار ترقی، امن و خوشحالی کی منزل مقصود تک پہنچنے کا عزم کرنا ہوگا ہم یوم پاکستان پر مادر وطن اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کے عزم کی تجدید کرتے ہیں یوم پاکستان پر ریلیوں اور تقاریب کے لئے ٹریفک کے بہترین انتظامات کئے گئے ہیں تمام افسران کو فیلڈ میں رہنے کی ہدایات، ٹریفک کا تسلسل برقرار رکھا جائے گا۔ سی ٹی او لاہور ڈاکٹر اطہر وحید نے کہا کہ پاکستان ہمارا گھر ہے اور اسکی تعمیر و ترقی کے لئے ہم سب کو مل کر کام کرنا ہوگا۔

## 23 مارچ 1940 کو صدق دل سے ایک عزم کیا گیا: کمشنر لاہور

### قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں قرارداد لاہور پر عمل کی صورت میں ہمارا عظیم وطن معرض وجود میں آیا: کمشنر لاہور

لاہور (خبر نگار) کمشنر لاہور زید بن مقصود نے 23 مارچ یوم پاکستان عظیم و تاریخی یادگار دن کے موقع پر جاری اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 23 مارچ پاکستان کی تاریخ کا ایک سنہرا دن ہے جو عزم کی مینارہ ہے، 23 مارچ 1940 کو صدق دل سے ایک عزم کیا گیا اور اگلے سات سالوں میں قائداعظم محمد علی جناح کی قیادت میں قرارداد لاہور پر عمل کی صورت میں ہمارا عظیم وطن معرض وجود میں آیا، وژنری قائد اور باشعور عوام کے عزم کو کوئی نہیں توڑ سکتا، ہمت و حوصلے بلند ہوں تو منزل مل کر ہی رہتی ہے، ہمارے آباؤاجداد نے لاکھوں قربانیوں سے یہ وطن حاصل کیا اس کی حفاظت و ترقی ہماری ذمہ داری ہے۔

## 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1290 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1290 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 676 افراد شدید زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 831 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (75 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد وشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 856 ڈرائیوز، 62 کم عمر ڈرائیور، 534 مسافر اور 146 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 240 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 307 متاثرین کے ساتھ پہلے، فیصل آباد 91 حادثات میں 108 متاثرین کے ساتھ دوسرے، گوجرانوالہ 76 حادثات میں 83 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1536 متاثرین میں 1243 مرد اور 291 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 319 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 791 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 426 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات میں 1243 موٹر سائیکلز، 106 آٹو رکشے، 127 کاریں، 28 وین، 10 مسافر بسیں، 36 ٹرک اور 109 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں۔



وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر یوم پاکستان کی مناسبت سے مینار پاکستان کو لیزر لائٹ سے روشن کیا گیا ہے

# وزیر اعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر یوم پاکستان کی مناسبت سے مینار پاکستان میں ملک کا سب سے بڑا لیزر لائٹ شو

### پہلی مرتبہ منٹو پارک میں قرارداد پاکستان پیش کرنے والوں کو روشنیوں سے جگمگاتا خراج تحسین، رات گئے مینار پاکستان سبز اور سفید روشنیوں سے جگمگا اٹھا

### قرارداد پاکستان کی یادگار مینار پاکستان قومی پرچم کا سماں پیش کرنے لگا، لیزر لائٹ کی مدد سے مینار پاکستان پر چاند ستارہ اور قومی پرچم کی شبیہ ابھر آئی

### مینار پاکستان پر جگمگاتی سفید اور سبز روشنیوں نے سماں باندھ لیا، لیزر لائٹ کی مدد سے مینار پاکستان کے آرکیٹیکچرل ڈیزائن کو نمایاں کیا گیا

### مینار پاکستان کے اردگرد لیزر لائٹ سے ٹمٹماتے تاروں کا سہانا منظر، شاہی قلعہ، میوزیم، پنجاب اسمبلی، جی پی او اور دیگر قدیمی عمارتوں پر قومی پرچم کی تھیم سبز لائٹیں روشن

### وزیر اعلی مریم نواز کو یوم پاکستان پر لیزر لائٹ شو پیش کرنے پر عوام کا شاندار خراج تحسین، جھلملاتی روشنیوں نے خواب کا سماں باندھ دیا، لگتا ہے تاروں کی بارات امڈ آئی، شہریوں کے تاثرات

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر یوم پاکستان کی مناسبت سے مینار پاکستان میں ملک کے سب سے بڑے لیزر لائٹ شو میں پہلی مرتبہ منٹو پارک میں قرارداد پاکستان پیش کرنے والوں کو روشنیوں سے جگمگاتا خراج تحسین پیش کیا گیا- رات گئے مینار پاکستان سبز اور سفید روشنیوں سے جگمگا اٹھا- دور سے دیکھنے پر مینار پاکستان کا ہر حصہ روشنیوں سے نمایاں نظر آئے گا- قرارداد پاکستان کی یادگار مینار پاکستان قومی پرچم کا سماں پیش کرنے لگا- لیزر لائٹ کی مدد سے مینار پاکستان پر چاند ستارہ اور قومی پرچم کی شبیہ ابھر آئی - مینار پاکستان پر جگمگاتی سفید اور سبز روشنیوں نے سماں باندھ لیا- لیزر لائٹ کی مدد سے مینار پاکستان کے آرکیٹیکچرل ڈیزائن کو نمایاں کیا گیا- مینار پاکستان کے ڈیزائن میں نمایاں فرشی ستارہ اور تعمیراتی ڈیزائن لیزر لائٹ کی روشنیوں میں جگمگانے لگے- مینار پاکستان کے اردگرد گھومتی وائٹ اور گرین لیزر لائٹ نے دیکھنے والوں کو مبہوت کر دیا- عوام کی بہت بڑی تعداد لیزر لائٹ شو دیکھنے کے لئے امڈ آئی- مینار پاکستان کے اردگرد لیزر لائٹ سے ٹمٹماتے تاروں کا سہانا منظر ہر ایک کو اپنی طرف متوجہ کرنے لگا - وزیر اعلی مریم نواز کی ہدایت پر شاہی قلعہ، میوزیم، پنجاب اسمبلی، جی پی او اور دیگر نجی وسرکاری قدیمی عمارتوں پر قومی پرچم کی تھیم سبز لائٹیں روشن کی گئیں - وزیر اعلی مریم نواز کو یوم پاکستان پر لیزر لائٹ شو پیش کرنے پر عوام نے شاندار خراج تحسین پیش کیا- شہریوں نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مینار پاکستان پر جھلملاتی روشنیوں نے خواب کا سماں باندھ دیا- لاہور کے شہریوں نے بے حد خوشی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ لگتا ہے مینار پاکستان کے افق پر سفید اور سبز جگمگاتے تاروں کی بارات امڈ آئی ہے-

## نمازوں کے اوقات



| | |
|---|---|
| صبح صادق | 5:15 |
| فجر | 6:00 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 4:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 7:30 |

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

## ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

## ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

## مسلم ٹیچرز فورم کا سرکاری سکول کے گودام سے نصابی کتب کی چوری پر گہری تشویش کا اظہار

### واقعے کے تمام محرکات کو سامنے لایا جائے، ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے: عطاء اللہ غلزئی

لاہور (خبر نگار) مسلم ٹیچرز فورم پاکستان نے سرکاری سکول کے گودام سے نصابی کتب کی چوری کے واقعے پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ اس واقعے کے تمام محرکات کو سامنے لایا جائے۔ واقعے میں ملوث افراد کو سخت سزا دی جائے۔ تفصیلات کے مطابق پنجاب کے ضلع تونسہ کے سرکاری گودام سے چالیس ہزار سے زائد کتابیں چوری کر لیں گئیں جس پر ردعمل دیتے ہوئے مسلم ٹیچرز فورم پاکستان کے چیئرمین پروفیسر عطاء اللہ غلزئی نے کہا ہے کہ اس گھناونے فعل میں ملوث تمام افراد کو سامنے لایا جائے اور قرار واقعی سزا دی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیم قوم کا مستقبل ہے، اور نصابی کتب کی چوری نہ صرف علم دشمنی ہے بلکہ بچوں کے خوابوں اور والدین کی امیدوں پر بھی وار ہے۔ یہ واقعہ ہمارے تعلیمی نظام اور سکولوں کی سیکیورٹی پر سوالیہ نشان ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مسلم ٹیچرز فورم حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ مجرموں کو فوری گرفتار کر کے عبرتناک سزا دی جائے اور سکولوں میں سیکیورٹی کے موثر انتظامات کیے جائیں تاکہ ایسے افسوسناک واقعات کا سد باب ہو سکے۔

مرکزی امام بارگاہ سید طفیل شاہ دھرمپورہ حضرت علی (ع) کی شہادت کے حوالہ سے شبیہ تابوت برامد ہوا۔ مجلس وحدت مسلمین لاہور کے ڈپٹی سیکرٹری حیدر عباس حیدری متولی امام بارگاہ طفیل شاہ۔ سید محمد علی بخاری۔ سید حسن علی بخاری جلوس کے ہمراہ ہیں

## وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں محکمہ داخلہ پنجاب نے ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کر لیا

### پنجاب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج میں پاکستان آرمی کے جوانوں کی تربیت مکمل ہوگئی

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں محکمہ داخلہ پنجاب نے ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کر لیا۔ پنجاب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج میں پاکستان آرمی کے جوانوں کی تربیت مکمل ہوگئی۔ پہلے بیچ میں ملٹری پولیس کے 35 جوانوں کو 2 ہفتے کا تربیتی کورس کروایا گیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو سراہا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے اپنے پیغام میں کہا کہ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال میں نظم وضبط اور اسیران کی اصلاح کیلئے عمدہ تربیت کروائی جا رہی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پاکستان آرمی، ملٹری پولیس ✕ کے پہلے بیچ کی پاسنگ آوٹ تقریب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں کمانڈنگ آفیسر 36 ایم پی لیفٹیننٹ کرنل عدنان خالد اور ڈپٹی کمانڈنٹ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج اصغر علی نے شرکت کی۔ پاسنگ آوٹ تقریب میں کورس کے شرکا کو اسناد پیش کی گئیں۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ کورس کے شرکا کو پاکستان کی جیلوں کے انتظام اور لاگو قوانین بارے پڑھایا گیا۔ کورس کے دوران اسیران میں نظم وضبط اور ان کے حقوق کے بارے آگاہ کیا گیا۔ دوران اسیری قیدیوں کی اصلاح اور معاشرے میں ان کی بطور ذمہ دار شہری واپسی کیلئے اصلاحات بارے بتایا گیا۔ کورس کے دوران عملی مشاہدے کیلئے سنٹرل جیل ساہیوال کا دورہ بھی کروایا گیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمانڈنگ آفیسر 36 ایم پی لیفٹیننٹ کرنل عدنان خالد نے کہا کہ پریزن ٹریننگ کالج کی تربیت سے پیشہ وارانہ فرائض کی ادائیگی میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ ملٹری پولیس کے جوانوں کو مستقبل میں بھی پریزن سٹاف ٹریننگ کالج سے کورسز کروائے جائیں گے۔ ڈپٹی کمانڈنٹ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج اصغر علی نے کہا کہ پاکستان آرمی کے جوانوں کی تربیت پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کیلئے اہم سنگ میل ہے۔

## اوور اسپیڈنگ، لین کی خلاف ورزی، اوور لوڈنگ جیسی خلاف ورزیوں کے تدارک کے لیے سخت کریک ڈاؤن

### عید کے موقع پر نیشنل ہائی وے اور موٹر وے پر رش میں اضافہ ہو جاتا ہے

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی موٹروے پولیس رفعت مختار راجہ اور ڈی آئی جی سید فرید علی کی ہدایات پر ایس پی رانا محمد اسماعیل، سیکٹر کمانڈر رحیم یار خان کی زیر نگرانی موٹروے پولیس نے عید کے موقع پر عوام کے محفوظ سفر کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی عید ایکشن پلان ترتیب دے دیا۔ عید کے دوران ٹریفک کے غیر معمولی دبا6، اوور اسپیڈنگ، لین کی خلاف ورزی، اوور لوڈنگ اور زائد کرایہ وصولی جیسی خلاف ورزیوں کے تدارک کے لیے سخت کریک ڈا6ن کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سیکٹر کمانڈر رانا محمد اسماعیل نے میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ عید کے موقع پر نیشنل ہائی وے اور موٹروے پر رش میں اضافہ ہو جاتا ہے، جس کے پیش نظر تمام فیلڈ فارمیشن کو الرٹ رہنے اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے خصوصی ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ مسافر بردار گاڑیوں میں زائد کرایہ وصولی اور اوورلوڈنگ کی روک تھام کے لیے بس مالکان اور ٹرمینل مینیجرز سے ملاقاتیں کی جا رہی ہیں، جبکہ مسافروں کو اوور چارجنگ بارے موٹروے پولیس کو بروقت آگاہ کرنے بارے بریفنگ بھی دی جا رہی ہے۔ عید کے موقع پر جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں کو روکنے کے لیے موٹروے پولیس نے مقامی پولیس کے ساتھ مل کر خصوصی اسکاڈ تشکیل دیا ہے، جو اسنیپ چیکنگ اور حساس مقامات پر گشت بڑھانے میں مصروف ہے۔ سیکٹر کمانڈر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عید کے دنوں میں وقت سے پہلے سفر کی منصوبہ بندی کریں، جلد بازی سے گریز کریں اور ٹریفک قوانین کی مکمل پاسداری کرتے ہوئے ایک ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں۔ کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں موٹروے پولیس کی ہیلپ لائن 130 پر فوری رابطہ کریں۔

## ٹریفک پولیس یوم پاکستان پر اپنے محسنوں کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے: ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (کرائم رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے یوم پاکستان کے حوالے سے عوام الناس کے لئے پیغام دیا کہ ٹریفک پولیس یوم پاکستان پر اپنے محسنوں کی عظیم قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ 23 مارچ یوم پاکستان یکجہتی اور تجدید عہد کا دن ہے آج اس بات کا عہد کریں کہ اس ملک کی تعمیر و ترقی کے لیے انفرادی طور پر اپنا کردار ادا کریں گے سڑکوں پر نظم وضبط اور ٹریفک روانگی اپ کے تعاون سے مشروط ہے۔ ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ نے کہا کہ پولیس پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے پرعزم ہے ہم اس ملک اور عوام کی جان و مال کی حفاظت کے لئے ہر قربانی کیلئے تیار ہیں یکجہتی اور تجدید عہد کے دن ملک میں یکساں قانون کے نفاذ اور قوانین کی پاسداری کا نیا عہد کرتے ہیں۔

## رمضان المبارک میں تھیلیسیما میں مبتلا بچوں کو بلڈ کی فراہمی میں دشواری ہوتی ہے

### ماشاللہ تمام بلڈ ڈونرز نے دل کھول کر تھیلیسیما میں مبتلا بچوں کو خون کے عطیات دیئے

لاہور (پ ر) جیسا کہ آپ سب احباب جانتے ہیں کہ رمضان المبارک میں تھیلیسیما میں مبتلا بچوں کو بلڈ کی فراہمی میں دشواری ہوتی ہے اس چیز کو مدنظر رکھتے ہوئے 16 مارچ بروز اتوار علی رضا آباد علاقہ نواب صاحب حسین پلاسٹک فیکٹری میں پنوار راجپوت بلڈ بنک کیجانب سے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں تمام بلڈ ڈونرز کی افطاری کا بھی اہتمام کیا گیا۔ ماشاللہ تمام بلڈ ڈونرز نے دل کھول کر تھیلیسیما میں مبتلا بچوں کو خون کے عطیات دیئے۔ بلڈ ڈونیشن کیمپ میں سرپرست اعلی پنوار راجپوت بلڈ بنک رانا نواز صاحب نے خصوصی شرکت فرمائی اور تمام بلڈ ڈونرز کی حوصلہ افزائی کی اور بانی و چیئرمین پنوار راجپوت بلڈ بنک رانا عبدالشکور پنوارزادہ اور انکی پوری ٹیم کو رمضان المبارک میں کامیاب بلڈ ڈونیشن کیمپ کرنے پر خراج تحسین پیش کیا۔

رمضان المبارک میں تھیلیسیما میں مبتلا بچوں کیلئے پنوار راجپوت بلڈ بنک کی جانب سے بلڈ ڈونیشن کیمپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سرپرست اعلی پنوار راجپوت بلڈ بنک رانا نواز بانی وچیئرمین پنوار راجپوت بلڈ بنک رانا عبدالشکور پنوارزادہ اور انکی پوری ٹیم نے شرکت کی

## سردار محمد خان لغاری کی موت ملک اور قوم کا ناقابل تلافی نقصان ہے

### فکر کے علمبردار اور تمام مکتبہ فکر کی مقبول اور غیر متنازعہ شخصیت تھے: ڈاکٹر مفتی محمد کریم

لاہور (پ ر) وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ پاکستان کے چیئرمین ڈاکٹر مفتی محمد کریم خاں نے جمعیت علمائے پاکستان کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل ممتاز مذہبی و سیاسی شخصیت سردار محمد خان لغاری کی اچانک وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سردار محمد خان لغاری نے اہل سنت والجماعت کے موقف کی ہمیشہ ترجمانی کی اور مذہبی سیاست میں متحرک رہے۔ سردار محمد خان لغاری کی موت ملک اور قوم کا ناقابل تلافی نقصان ہے اور اُن کے انتقال کی وجہ سے دینی و روحانی حلقوں میں پیدا ہونیوالا خلاء کبھی پر نہیں ہوگا۔ انہوں نے سردار محمد خان لغاری کی مذہبی، سیاسی اور سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سردار محمد خان لغاری حریت فکر کے علمبردار اور تمام مکتبہ فکر کی مقبول اور غیر متنازعہ شخصیت تھے۔ سردار محمد خان لغاری قائد ملت اسلامیہ شاہ احمد نورانی صدیقی کے رفیق کار تھے انہوں نے زندگی بھر نفاذ نظام مصطفی ﷺ کے لئے جدوجہد کرتے رہے۔ سردار محمد خان لغاری کی دینی، ملی اور قومی خدمات ملکی تاریخ کا روشن باب ہیں۔ برائے رابطہ: ترجمان تنظیمات اہلسنت 03008046698۔

## شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری وڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں شہریوں سے لاکھوں روپے زیورات موبائل فونز موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گڑھی شاہو میں وحید سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون✕ رائے ونڈ میں شکیل سے 1 لاکھ 20 ہزار روپے اور موبائل فون✕ اسلام پورہ میں غلام فرید سے 1 لاکھ روپے اور موبائل فون✕ نصیر آباد میں رضوان سے 70 ہزار روپے اور موبائل فون✕ نوانکوٹ میں رزاق سے 50 ہزار روپے موبائل فون اور دیگر سامان لوٹ لیا گیا۔ مانگامنڈی اور مصطفی آباد سے گاڑیاں جبکہ انارکلی مناواں اور گلشن راوی سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

## 23 مارچ کی مناسبت سے یوم پاکستان کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس راجہ رفعت مختار کے احکامات کی روشنی میں ڈپٹی کمانڈنٹ این ایچ ایم پی پولیس ٹریننگ کالج شیخوپورہ ایس پی امداد اللہ شاہد کی زیر نگرانی این ایچ ایم پی ٹریننگ کالج شیخوپورہ میں 23 مارچ کی مناسبت سے یوم پاکستان کی مناسبت سے پرچم کشائی کی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک، قومی ترانے اور پرچم کشائی سے ہوا جس کے بعد چاک وچوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی۔ تقریب میں ڈی ایس پی رانا محمد جاوید، انسپکٹر سید محمد وصی حیدر کاظمی، چیف ڈرل انسٹرکٹر رائے غریب عالم، روڈ سیفٹی انچارج محمد شہباز، پی آر او سید محمد قوی سمیت دیگر افسران، ٹرینیز اور دیگر نے شرکت کی۔

## نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا

لاہور (کرائم رپورٹر) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک کے مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں میجر اکرم شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر محمد اکرم شہید 4 اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے علاقہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے وہ 13 اکتوبر 1963 کو پاکستان آرمی میں کمیشن حاصل کر کے فرنٹیئر فورس رجمنٹ میں شامل ہوئے۔ 1971 کی پاک بھارت جنگ میں انہیں مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر تعینات کیا گیا تھا۔ میجر اکرم شہید نے اس یادگار معرکے میں نہایت جرات اور استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور 5 دسمبر 1971 کو جام شہادت نوش کیا ان کی شاندار خدمات اور بہادری کے اعتراف میں انہیں پاک فوج کا اعلی ترین فوجی اعزاز نشان حیدر عطا کیا گیا۔

## باغبانپورہ: 15 سالہ لڑکی کی گلا کٹی لاش برآمد ہوئی

### ترجمان ایدھی کے مطابق 15 سالہ لڑکی کو بے دردی سے گلا کاٹ کر قتل کیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) باغبانپورہ کے علاقے میں شاہ گوہر پیر دربار قبرستان سے 15 سالہ لڑکی کی گلا کٹی لاش برآمد ہوئی ہے۔ ترجمان ایدھی کے مطابق 15 سالہ لڑکی کو بے دردی سے گلا کاٹ کر قتل کیا گیا تاہم شناخت نہ ہو سکی، پولیس اور فرانزک ٹیم شواہد اکٹھے کر کے مختلف پہلو6ں پر تحقیقات کر رہی ہے۔ پولیس اور تحقیقاتی اداروں کی کارروائی کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانہ منتقل کیا جائے گا۔ ایس پی کینٹ اویس شفیق کا کہنا ہے کہ پولیس کی مدعیت میں نامعلوم ملزم کے خلاف مقدمہ درج کیا جا رہا ہے، لاش کے متعلق آس پاس کے لوگوں سے پتہ جوئی کی جا رہی ہے۔ ایس پی کینٹ نے ایس ڈی پی او باغبانپورہ کو فوری ملزم کو ٹریس کر کے گرفتار کرنے کی ہدایت کر دی۔ انہوں نے کہا کہ مزید کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جا رہی ہے۔

## پنجاب پولیس محفوظ پنجاب اور محفوظ پاکستان کے عزم کی تائید کرتی ہے: آئی جی پنجاب

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے یوم پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ پنجاب پولیس محفوظ پنجاب اور محفوظ پاکستان کے عزم کی تائید کرتی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے تحریک آزادی کے قائدین اور جانثاروں کی عظیم قربانیوں کو بھرپور خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب پولیس یوم پاکستان پر ملک وقوم کی خدمت، حفاظت، اور انصاف کی فراہمی کے عہد کی تجدید کرتی ہے۔ ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ یوم پاکستان پر دہشتگردوں، شر پسند اور جرائم پیشہ عناصر کو جڑ سے اکھاڑنے کے عزم کو دہراتے ہیں۔ پنجاب پولیس شہریوں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی ایجنسیز کے تعاون سے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملانے کیلئے کوئی کسر نہیں اٹھا رکھے گی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ یوم پاکستان پر لاہور سمیت پنجاب بھر میں نکلنے والی تمام ریلیوں اور تقاریب کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی گئی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مزید کہا کہ چیلنجز سے نبرد آزما ہو کر محفوظ پنجاب اور محفوظ پاکستان کی منزل تک پہنچیں گے۔

## لاہور ڈویژن اور ورکشاپ ڈویژن افسران کے مابین میو گارڈن کلب میں 5 ٹیپ بال کرکٹ میچوں کی دوستانہ سیریز کھیلی گئی

### آفیسرز کی دونوں کرکٹ ٹیموں نے اچھی کرکٹ کھیلی: ڈی ایس ریلوے لاہور محمد حنیف گل

لاہور (صابر غوری) لاہور ڈویژن اور ورکشاپ ڈویژن افسران کے مابین میو گارڈن کلب میں 5 ٹیپ بال کرکٹ میچوں کی دوستانہ سیریز کھیلی گئی۔ لاہور ڈویژن افسران کی ٹیم نے 5 میچوں کی سیریز میں 3 میچ جیت کر سیریز اپنے نام کی جبکہ ورکشاپ ڈویژن نے 2 میچوں میں کامیابی حاصل کی۔ دونوں کرکٹ ٹیموں نے سنسنی خیز مقابلوں کے دوران شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے شائقین کرکٹ کے دل جیت لیے۔ لاہور ڈویژن ٹیم کی کپتانی سید محمد علی ذیشان زیدی جبکہ ورکشاپ ڈویژن کی کپتانی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ورکشاپ کاشف فاروق بٹ نے کی۔ اس موقع پر ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل کا کھلاڑیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہنا تھا کہ ہار جیت کھیل کا حصہ ہے تاہم ہر کھلاڑی میں جیت کا جذبہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آفیسرز کی دونوں کرکٹ ٹیموں نے اچھی کرکٹ کھیلی ہے۔ اس موقع پر وائس پریزیڈنٹ پاکستان ریلوے سپورٹس بورڈ حمدان نزیر نے کہا کہ ریلوے میں کھیلوں کے فروغ کیلئے کوشاں ہیں۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل، وائس پریزیڈنٹ سپورٹس بورڈ حمدان نزیر، ڈپٹی چیف الیکٹریکل انجینئر انجم شہزاد، ڈپٹی چیف انجینئر راجہ افتخار، ڈپٹی سی پی او شہباز ببر، ڈپٹی چیف انجینئر سگنل اینڈ ٹیلی کام علی نواب خان، ڈویژنل میڈیکل آفیسر صائمہ ممتاز کے علاوہ دیگر افسران بھی 5 میچوں کی دوستانہ سیریز سے خوب لطف اندوز ہوئے۔

## پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کے ریٹائرڈ ملازمین: خدمت گزار مگر نظر انداز: محبوب الٰہی سیکرٹری لیبر

### مہنگائی کے اس دور میں 6200 روپے ماہانہ پنشن کسی مذاق سے کم نہیں جب کہ کئی: ریٹائرڈ ملازمین کی دہائی

لاہور (پ ر) پی آئی اے ایک قومی ادارہ ہے جس کی بنیاد ان محنتی اور قابل ملازمین نے رکھی جنہوں نے اپنی زندگیاں پی آئی اے کی ترقی کیلئے وقف کی۔ پائلٹس، انجینئرز، ٹیکنیشنز، کیبن کریو، گراؤنڈ سٹاف اور ایڈمنسٹریٹو افسران نے دہائیوں تک انتھک محنت کر کے اسے بلندیوں تک پہنچایا۔ لیکن آج جب یہی لوگ ریٹائر ہو چکے ہیں اور ایک پرسکون زندگی گزارنے کے خواہشمند ہیں تو انہیں نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ ریٹائرڈ ملازمین کو وہ عزت اور سہولیات نہیں دی جا رہیں جن کے وہ حقدار ہیں کئی دہائیوں تک خدمات انجام دینے والے افراد آج اپنی پنشن کے لئے دربدر کی ٹھوکریں کھا رہے ہیں جو پنشن مل رہی ہے وہ بھی اتنی کم ہے کہ ایک عام زندگی گزارنا مشکل ہو چکا ہے مہنگائی کے اس دور میں 6200 روپے ماہانہ پنشن کسی مذاق سے کم نہیں جب کہ کئی ملازمین کو صرف 1500 سے 12000 روپے تک پنشن دی جا رہی ہے۔ پی آئی اے کا پنشن فنڈ اس وقت 40 ارب روپے کے خسارے میں ہے جس کی وجہ سے پنشنرز کی مشکلات مزید بڑھ گئی ہیں۔ انتظامیہ کیجانب سے کئی سالوں سے ان مسائل کو حل کرنے کے بجائے صرف نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اسکے علاوہ بد انتظامیہ کے الزامات بھی سامنے آ چکے ہیں۔ جن میں 4 ارب روپے کی بے ضابطگیوں کا ذکر کیا جا رہا ہے یہ صورتحال ریٹائرڈ ملازمین کیلئے مزید مایوسی کا باعث بن رہی ہے۔ ریٹائرڈ ملازمین کو سفری سہولیات کے ساتھ میڈیکل کی سہولیات کے بھی مسائل ہیں۔ اعلیٰ حکام سے التماس ہے کہ مسئلہ کی سنگینی کو سمجھتے ہوئے فوری طور پر حل کیا جائے۔

## انسداد تجاوزات مہم کے تحت گول چوک سے ملحقہ بازاروں میں تجاوزات کو ختم کروانے کے احکامات پر انکروچمنٹ ٹیم کا بازاروں کا دورہ

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر انسداد تجاوزات مہم کے تحت گول چوک سے ملحقہ بازاروں میں تجاوزات کو ختم کروانے کے احکامات پر انکروچمنٹ ٹیم کا بازاروں کا دورہ انکروچمنٹ ٹیم کے ہمراہ وسیم جاوید سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا پنجاب نے گڑ بازار انارکلی بازار صدر بازار اور حق بازار میں عوامی دشواری کا باعث بننے والی عارضی تجاوزات ختم کروادی گئیں ان بازاروں میں موجود دکانوں سے ملحقہ پختہ تجاوزات کو ختم کروایا سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر پیرا پنجاب وسیم جاوید کا کہنا تھا کہ عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہماری اولین ترجیح ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید کی جانب سے ہمیں تجاوزات مافیا کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت سخت اقدامات اٹھانے کا عندیہ ہے۔

## رمضان سہولت بازاروں کا قیام ایک بڑا اور انقلابی اقدام ہے

### رمضان بازاروں میں شہریوں کو روزمرہ استعمال کی اشیاء خصوصی رعایتی نرخوں پر فراہم کی جا رہی ہیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے رمضان سہولت بازاروں کا قیام ایک بڑا اور انقلابی اقدام ثابت ہو رہا ہے، رمضان بازاروں میں شہریوں کو روزمرہ استعمال کی اشیاء خصوصی رعایتی نرخوں پر فراہم کی جا رہی ہیں جس سے عوام کی بڑی تعداد مستفید ہو رہی ہے یہ بات مشیر صحت پنجاب جنرل (ر) ڈاکٹر اظہر کیانی نے ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کے ہمراہ رمضان سہولت بازار جہلم کا دورہ کرتے ہوئے کہی۔ جہاں انہوں نے بازار میں دستیاب اشیاء کے معیار، قیمتوں اور دستیابی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میثم عباس نے مشیر صحت کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ سہولت بازار میں 30 سے زائد اسٹالز اور دکانیں قائم کی گئی ہیں جہاں عوام کو معیاری اور انتہائی کم قیمت پر اشیاء دستیاب ہیں۔ مشیر صحت پنجاب نے مختلف اسٹالز کا دورہ کرتے ہوئے اشیائے خورد ونوش کی قیمتوں اور معیار کا بغور جائزہ لیا اور خریداروں سے بات چیت کرتے ہوئے ان کے تاثرات بھی سنے۔ شہریوں نے رمضان بازار کے قیام کو ایک احسن اقدام قرار دیتے ہوئے ضلعی انتظامیہ کے انتظامات کو سراہا۔ اس موقع پر مشیر صحت پنجاب نے ہدایت کی کہ ضلعی انتظامیہ رمضان بازار کی مستقل نگرانی جاری رکھے تاکہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے اس عوامی اور فلاحی منصوبے کو کامیابی سے ہمکنار کیا جا سکے اور عوام کو بہترین سہولیات فراہم کی جا سکیں۔

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# پاکستان عظیم عطیہ خداوندی ہے: ڈپٹی کمشنر ذوالقرنین لنگڑیال

## 23 مارچ تجدید عہد کا دن ہے اس روز برصغیر کے مسلمانوں کے مذہبی تشخص، کلچرل، ثقافت اور روایات کی بقا کیلئے الگ، آزاد اور خود مختار ریاست کی بنیاد رکھی گئی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے کہا کہ 23 مارچ تجدید عہد کا دن ہے اس روز برصغیر کے مسلمانوں کے مذہبی تشخص، کلچرل، ثقافت اور روایات کی بقا کیلئے الگ، آزاد اور خود مختار ریاست کی بنیاد رکھی گئی اور قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں 14 اگست 1947 کو دنیا کے نقشے پر پہلی نظریاتی ریاست پاکستان کا قیام عمل میں آیا اور آج سبز ہلالی پرچم کے سائے تلے ہم ایک آزاد اور درجہ اول کے شہری کے طور پر مکمل مذہبی آزادی سے زندگی بسر کر رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے آج ڈی سی آفس کے سبزہ زار میں یوم پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اسسٹنٹ کمشنر انعم بابر، سی او میونسپل کارپوریشن ملک اعجاز حسین، سی ای او ایجوکیشن مجاہد حسین علوی اور سول ڈیفنس آفیسر شاہد پرویز کے علاوہ ریسکیو 1122 اور چیف وارڈن سول ڈیفنس سیالکوٹ طاہر مجید کھوکھر کی ہدایت پر تنظیم شہری دفاع سیالکوٹ کے باوردی رضاکاروں و کچھ شہریوں نے شرکت کی۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا کہ ملک پاکستان بلاشبہ ایک مشکل دور سے گذر رہا ہے اور اللہ کے فضل سے یہ تمام چیلنجز کا مقابلہ کرتا ہوا ایک مضبوط اور فلاحی ریاست بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عظیم عطیہ خداوندی ہے اور برصغیر کے مسلمانوں کو الگ ملک نہ ملتا تو ان کو ہندو کانگریس کے واردا اور ودیا ایجوکیشن سسٹم اور کلچرل کے تحت زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوتے اور ان کو معاشرے میں نچلے درجے کا شہری رہتے ہوئے زندگیاں بسر کرنی پڑتی۔ انہوں نے کہا کہ آج ہمیں تحریک آزادی پاکستان کے رہنماؤں اور کارکنان کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے جن کی بدولت ہمیں پاکستان ملا۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال نے پرچم کشائی کی رسم انجام دی اور ریسکیو 1122 اور سول ڈیفنس کے دستوں نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی تقریب کے آخر میں ملک و قوم کی سلامتی اور استحکام کیلئے دعا کی گئی۔

## یوم پاکستان کی پرچم کشائی کی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی

### تقریب میں سائرن بجا کر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور شہداء کے خاندانوں قومی ہیروز کو خراج عقیدت پیش کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ملک بھر کی طرح ضلع ننکانہ صاحب میں بھی یوم پاکستان کی پرچم کشائی کی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راؤ نے ضلعی افسران و دیگر شرکاء کے ہمراہ پاکستانی پرچم بلند کیا، پولیس اور ریسکیو 1122 کے چاک و چوبند دستے نے پاکستانی پرچم کو سلامی پیش کی۔ تقریب میں سائرن بجا کر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی اور شہداء کے خاندانوں قومی ہیروز کو خراج عقیدت پیش کیا گیا اور ملکی سالمیت و خوشحالی کیلئے دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ کا اہم اور یادگار دن تحریک پاکستان میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ یوم پاکستان علامہ اقبال کے عظیم خواب، قائد اعظم محمد علی جناح کے ارادے اور برصغیر کے مسلمانوں کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ ڈی سی ننکانہ نے کہا کہ ہم عہد کرتے ہیں قومی یکجہتی، باہمی محبت، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دیکر وطن عزیز کو عظیم سے عظیم تر بنائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی بڑی نعمت ہے نوجوان نسل کو بزرگوں کی قربانیوں کو یاد رکھنا چاہیے، آزاد قومیں اپنی ثقافت اور نظریے کو زندہ رکھتی ہیں۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو شرینہ جونیجو، اسسٹنٹ کمشنر وجیہہ نمرین سمیت ضلعی افسران، طلبا اور اساتذہ کی کثیر تعداد موجود تھی۔

## یوم پاکستان کے سلسلہ میں ضلع بھر کے سرکاری سکولوں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) یوم پاکستان کے سلسلہ میں ضلع بھر کے سرکاری سکولوں میں تقریبات کا انعقاد کیا گیا، سکولوں کے پرنسپلز اساتذہ اور طالب علموں نے بھرپور انداز میں تقریبات میں حصہ لیا اور جوش و جذبے کا اظہار کیا، اس موقع پر ترجمان سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے کہ وطن عزیز کو ترقی یافتہ ممالک کی صف میں کھڑا کرنے کے لیے ہمیں دور حاضر کے جدید علوم پر دسترس حاصل کرتے ہوئے آگے بڑھنا ہوگا اور جذبہ حب الوطنی کے تحت پاکستان کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے وطن عزیز کے دشمنوں کو ہر محاذ پر شکست دینا ہوگی، ملک کی بقا کی خاطر پوری قوم سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی طرح ملک کی سلامتی کے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے۔

## 23 مارچ: یوم پاکستان کی تقریبات، قومی یکجہتی اور عزم کا عہد

### پاکستانی عوام کے عزم، حوصلے اور قومی یکجہتی کی علامت بھی ہے

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال) پاکستان بھر میں آج 23 مارچ کو یوم پاکستان جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے۔ یہ دن نہ صرف پاکستان کے قیام کے حوالے سے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے، بلکہ پاکستانی عوام کے عزم، حوصلے اور قومی یکجہتی کی علامت بھی ہے۔ یوم پاکستان کی مرکزی تقریبات اسلام آباد میں منعقد ہو رہی ہیں، جہاں وزیر اعظم پاکستان، صدر پاکستان اور اعلیٰ حکومتی شخصیات نے شرکت کی۔ اس دن کی مناسبت سے ملک بھر میں محافل، تقاریب اور اجتماعات کا انعقاد کیا گیا ہے، جن میں خصوصی دعائیں، ملی نغمے اور مشاہیر کی تقریریں شامل ہیں۔ یوم پاکستان 1940 میں لاہور میں قرارداد پاکستان کی منظوری کے دن کی یادگار ہے، جب آل انڈیا مسلم لیگ کے اجلاس میں قائد اعظم محمد علی جناح کی قیادت میں مسلمانوں کے لیے ایک علیحدہ وطن کی ضرورت کا عہد کیا گیا تھا۔ اس دن کے نتیجے میں پاکستان کا قیام ممکن ہوا۔ یوم پاکستان کے حوالے سے ملک بھر میں خصوصی تعطیل دی گئی ہے اور تعلیمی اداروں میں اس دن کی اہمیت پر لیکچر اور مباحثے منعقد ہو رہے ہیں۔ عوامی مقامات پر پاکستان کے پرچم کی نمائش کی جا رہی ہے اور ملی نغموں کا سماں ہے۔ پاکستانی عوام نے اس دن کو عہد کیا ہے کہ وہ اپنے وطن کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے، اور قومی یکجہتی کو مزید مضبوط بنائیں گے۔

## جہلم شہر کے مضافاتی علاقوں میں ملاوٹ شدہ مصالحہ جات کی کھلے عام فروخت

### پنجاب فوڈ اتھارٹی بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی، شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر کے مضافاتی علاقوں میں ملاوٹ شدہ مصالحہ جات کی کھلے عام فروخت، پنجاب فوڈ اتھارٹی بے بسی کی تصویر بن کر رہ گئی، شہریوں کا ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر کے مضافاتی علاقوں کے دکاندار سرخ مرچ مصالحہ بلدی گوشت، دودھ دہی، دالیں، سوجی بیسن سمیت دیگر مصالحہ جات کو خطرناک کیمیکل رنگوں اور چاول کے بھوسے کی ملاوٹ کر کے دکانوں پر کھلے عام فروخت کیے جا رہے ہیں۔ بعض افراد نے جعلی مصالحہ جات تیار کرنے کیلئے گھروں میں منی چکیاں قائم کر رکھی ہیں۔ ان غیر معیاری مصالحہ جات کو ہوٹلز، میرج ہالز میرج گارڈن مارکیٹز سمیت کریانہ کی دکانوں پر دیدہ دلیری کیساتھ فروخت کیا جا رہا ہے جسے سادہ لوح گاہک خرید کر کھانوں میں استعمال کرتے ہیں جس سے شہری بڑی تعداد میں معدے کی خطرناک بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں شہریوں نے ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ ناقص و غیر معیاری مصالحہ جات تیار اور فروخت کرنیوالے دکانداروں کیخلاف آپریشن کروایا جائے تاکہ شہری موذی امراض سے محفوظ رہ سکیں۔

## سکولوں، کالجز، ہسپتالوں اور سرکاری اداروں میں یوم پاکستان کی مناسبت سے تقریبات منعقد کی گئیں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایات پر ضلع بھر کے سکولوں، کالجز، ہسپتالوں اور سرکاری اداروں میں یوم پاکستان کی مناسبت سے تقریبات منعقد کی گئیں اور قومی پرچم سرکاری عمارتوں پر لگائے گئے اور منعقدہ تقریبات میں ملکی ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں بھی کی گئیں، ترجمان ضلعی انتظامیہ نے کہا ہے کہ اپنے بزرگوں کی لازوال قربانیوں سے آج ہم آزاد فضاؤں میں سانس لیتے ہیں، وطن کی محبت ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ اقوام عالم میں پاکستان کا نام روشن کرنے کے لیے ہر مکتبہ فکر کو اپنا مخصوص کردار ادا کرے۔

## ڈی پی او چکوال کی زیر صدارت کھلی کچہری کا انعقاد

### کھلی کچہری میں شریک سائلین نے بھی تعریفوں کے پل باندھ دیئے

چوآسیدن شاہ (ایم ایوب سلطانی) ڈی پی او چکوال کی زیر صدارت کھلی کچہری میں بہترین کارکردگی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے مالک ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ مرزا آصف محمود اور انکی ٹیم کے چرچے، کھلی کچہری میں شریک سائلین نے بھی تعریفوں کے پل باندھ دیئے، ڈی پی او چکوال احمد محی الدین نے بھی کارکردگی کا اعتراف کرتے ہوئے مرزا محمد آصف اور انکی ٹیم کی کارکردگی کو مثالی قرار دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چوآسیدن شاہ میں گزشتہ روز ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چکوال احمد محی الدین کی زیر صدارت کچہری کا انعقاد کیا گیا جس میں سائلین سمیت بڑی تعداد میں معززین علاقہ نے شرکت کی۔ اس موقع پر سائلین بالخصوص بشارت ایریا میں تہرے قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری قصبہ دوالمیال میں قاتل کو ٹریس کرنے اور چوآسیدن شاہ شہر میں چند سال قبل قتل کیے جانیوالے نوجوان کے قاتل کی آزاد کشمیر سے گرفتاری پر ایس ایچ او تھانہ چوآسیدن شاہ مرزا محمد آصف محمود اور انکی ٹیم میں شامل اسسٹنٹ سب انسپکٹر ماجد کی بہترین کارکردگی کو سراہتے ہوئے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی پی او چکوال نے بھی مذکورہ بالا پولیس افسران کی تعریف کی اور ایس ایچ او مرزا محمد آصف کی پوری ٹیم کو بیس ہزار روپے بطور انعام دینے اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازنے کا اعلان کیا۔

## آرگنائزڈ کرائم یونٹ کی کاروائی دو سالہ پرانی چوری کی واردات ٹریس

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عاطف نذیر کے احکامات کے مطابق حافظ آباد پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے شبانہ روز مصروف عمل ہے، تھانہ سٹی حافظ آباد میں دو سال قبل درج ہونے والے چوری کے مقدمے میں آرگنائزڈ کرائم یونٹ حافظ آباد کی ٹیم نے ملزمان کو گرفتار کرتے ہوئے مال مسروقہ برآمد کر لیا، آرگنائزڈ کرائم یونٹ حافظ آباد میں اے ایس آئی اعجاز احمد اور محمد عثمان غنی نے متاثرہ شہری کو ملزمان سے اس کے مال مسروقہ کی رقم تین لاکھ روپے ریکور کرتے ہوئے واپس دے دی، اس موقع متاثرہ شہری نے ڈی پی او حافظ آباد عاطف نزیر اور انچارج آرگنائزڈ کرائم یونٹ عہد حسین تارڑ کا شکریہ ادا کیا۔

# یوم پاکستان قومی اتحاد و یکجہتی کی تجدید کا دن ہے: ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ

## ہم نے ان قربانیوں کو کبھی رائیگاں نہیں جانے دینا اور قومی اتحاد سے پاکستان کو دنیا کا ترقی یافتہ ملک بنانا ہے

23 March
PAKISTAN DAY
منجانب: کمشنر/ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو/نویدہ بخاری قوت بیورو) یوم پاکستان صرف تاریخی دن نہیں بلکہ ہمارے قومی اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی کی تجدید کا دن ہے، قرارداد پاکستان نظریے کی بنیاد پر علیحدہ وطن کے حصول کیلئے ہمارے آباؤ اجداد اور عظیم رہنماؤں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے کہ ہم نے ان قربانیوں کو کبھی رائیگاں نہیں جانے دینا اور قومی اتحاد سے پاکستان کو دنیا کا ترقی یافتہ ملک بنانا ہے، ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ نوید احمد کا یوم پاکستان کی مرکزی تقریب کے شرکاء، میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو میں اظہار خیال۔ یوم پاکستان کے موقع پر ڈپٹی کمشنر دفتر میں مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک نعت رسول مقبول ﷺ سے کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے پرچم کشائی کی، پرچم کشائی کے بعد ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی قیادت میں سیالکوٹ روڈ دستگیر چوک تک ریلی بھی نکالی گئی۔ تقریب کے شرکاء نے سبز ہلالی پرچم تھام رکھے تھے، ریسکیو 1122 سول ڈیفنس کے جوانوں نے سلامی پیش کی، ملکی سلامتی کے لیے دعائیں بھی مانگی گئی، تقریب کے اختتام پر پاکستان کا قومی ترانہ بجایا گیا۔ پروقار تقریب کے موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) فیصل سلطان، اسسٹنٹ کمشنرز (سٹی) اقراء مبین گوندل، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر معیز منصور، علمائے اکرام، کرسچن کمیونٹی، سرکاری ملازمین سکول و کالجز کے طلباء، اساتذہ، سول سوسائٹی، پولیس، 1122 ریسکیو، پولیس، سول ڈیفنس، میونسپل کارپوریشن، ضلع کونسل، لوکل گورنمنٹ، جی ڈبلیو ایم سی، ایجوکیشن، ہیلتھ، واسا سمیت سول سوسائٹی، ضلعی انتظامیہ کے افسران و ملازمین اور شہریوں کی بڑی تعداد شریک ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر نوید احمد نے کہا کہ 23 مارچ ہمیں اس عہد کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے بزرگوں نے اللہ کے دین کے نفاذ کے لیے کیا تھا۔ قرارداد پاکستان محض ایک سیاسی اعلان نہیں بلکہ ایک نظریاتی جدوجہد کا آغاز تھی۔ ایک ایسے خطے کے لیے، جہاں مسلمان قرآن و سنت کے مطابق آزاد زندگی گزار سکیں۔ ہمیں چاہیے کہ ہم اس دن کی اصل روح کو پہچانیں، اور پاکستان کو واقعی ایک اسلامی فلاحی ریاست بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں۔ یہی ہمارے شہداء کا خواب اور ہماری منزل ہے۔ یوم پاکستان تجدید عہد کرنے کا دن ہے، میں اس دن کے موقع پر پاکستان کے شہداء کو سلام پیش کرتا ہوں، یوم پاکستان کا دن ملی جوش و جذبے کے ساتھ منایا جا رہا ہے، پاکستان درست سمت پر گامزن ہے، جلد قوم یکجہتی سے پاکستان کا شمار دنیا کے ترقی یافتہ ممالک میں ہوگا۔ تمام تحصیلوں (وزیرآباد، کامونکی، صدر، نوشہرہ ورکاں، علی پور چٹھہ) میں بھی یوم پاکستان کی مناسبت سے تقریبات کا انعقاد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز نے پرچم کشائی کی تقریبات کے بعد یوم پاکستان ریلیوں میں بھی شرکت کی۔

## ملک پاکستان کی شکل میں ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کیا: میاں خالد محمود

### قائد اعظم محمد علی جناح و دیگر اکابرین تحریک آزادی کی حصول پاکستان کی جدوجہد کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) استحکام پاکستان پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری و سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود نے کہا ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناح و دیگر اکابرین تحریک آزادی کی حصول پاکستان کی جدوجہد کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا قرارداد پاکستان نے ہماری تاریخ کا رخ بدل ڈالا شدید ترین مخالفت کے باوجود آزاد ملک پاکستان کی شکل میں ہمارے آباؤ اجداد نے اپنے خوابوں کو شرمندہ تعبیر کیا اور ایک علیحدہ مملکت کا قیام یقینی بنا کر انسانی تاریخ کا سنہرا باب رقم کیا، قرارداد پاکستان آج ہمیں اجتماعیت کا درس دیتی اور وطن کے استحکام و ترقی کی خاطر بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا پیغام دیتی ہے لہٰذا پاکستانی قوم کو عہد کرنا ہوگا کہ نظریہ پاکستان ہمارے اکابرین کی میراث ہے اس کی حفاظت کیلئے کسی بھی قسم کی قربانی سے گریز نہیں کریں گے قرارداد پاکستان تمام تر تعصبات اور اختلافات سے بالا تر ہو کر بطور پاکستانی ملکی تعمیر و ترقی اور قومی خوشحالی کیلئے کام کرنے کا عملی تصویر پیش کرتی ہے اسی قرارداد کی روشنی میں ہمارے بزرگوں نے بے پناہ قربانیاں دیکر وطن عزیز پاکستان حاصل کیا ہے ہمیں اب اس عزم کا بھرپور اعادہ کرنا چاہئے کہ اس دھرتی کی حفاظت اور ترقی کیلئے ہر ممکن کردار ادا کریں گے نسل نو کو قیام پاکستان کے مقاصد اور تحریک پاکستان کے بارے میں آگاہ کرنا ہماری ذمہ داری ہے تاکہ وہ آنے والے کل میں ملک کو روشن اور ترقی یافتہ بنانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں، قرارداد پاکستان ہمارا فخر ہے جس کے تحت ہمارے اکابرین نے بھرپور جدوجہد کی اور انگریز کے چنگل سے آزادی حاصل کی تاکہ پاکستان میں مسلمانوں کو اپنے خدا کی عبادت کرنے سے کوئی روک نہ سکے ہم قائد اعظم کے پاکستان کو اپنی آخری سانس تک قائم و دائم رکھتے ہوئے وطن عزیز کی حفاظت کریں گے اور اس پر بری نگاہ ڈالنے والوں کو شکست کے ساتھ ساتھ عبرت ناک سبق بھی سکھائیں گے تاکہ پھر کبھی کسی میں اتنی ہمت پیدا نہ ہو سکے کہ وہ پاکستان پر نگاہ رکھے، اس وقت ملک کو جن چیلنجز کا سامنا ہے ان سے نمٹنے کیلئے تحریک آزادی کی جدوجہد کا جذبہ اور یکجہتی پیدا کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ملک کو درپیش چیلنجز سے نجات دلائی جاسکے قرارداد پاکستان وہ اہم دستاویز ہے۔

## کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی سے ہونہار کمسن طالبعلم کی ملاقات

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی سے ہونہار کمسن طالبعلم کی ملاقات، قائد اعظم محمد علی جناح اور موجودہ حکومت کی ایک سالہ کارکردگی پر اردو اور انگلش میں پر اعتماد انداز میں تقریر سنائی، کمشنر کی طرف سے بچے کی بھرپور حوصلہ افزائی کی گئی۔ پانچویں جماعت کے طالب علم محمد متعال لطیف نے کمشنر سے ملاقات میں پر جوش اور پر اعتماد انداز میں تقریر سناتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وزارت اعلیٰ کے ابتدائی برس کے ترقیاتی، تعمیراتی اور خوشحالی پروگرامز سے اہل وطن خوش ہیں۔ صحت، تعلیم، امن و امان، انفراسٹرکچر، آئی ٹی، ٹرانسپورٹ، زراعت سمیت تمام شعبوں میں مثالی اقدامات ہو رہے ہیں نوجوانوں کو قرض مل رہا ہو طلبا و طالبات کو ای بائیکس اور سکالرشپس مل رہی ہوں مریضوں کو مفت ادویات اور ہسپتالوں میں علاج معالجے کی بہترین سہولیات جبکہ نئے ہسپتالوں کی تعمیر کے ساتھ ساتھ سوئی سڑکوں کا جال بچھا کر پنجاب کو ترقی کے نئے دور میں داخل کر دیا ہے۔ بچے کی تقریر پر کمشنر سید نوید حیدر شیرازی نے اسے شاباش دی اور اسے ڈی پی ایس سکول میں داخلہ دینے کا اعلان کیا۔ اس موقع پر وہاں موجود شہریوں نے بھی تقریر پر بچے کو خوب داد دی۔

## فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن دنیاوی لالچ سے ہٹ کر ممبران اور فلاح عامہ کا کام کر رہی ہیں

### ایسوسی ایشنوں اور فلاح اداروں کا اصل مقصد دوسروں کی زندگی میں روشنی لانی ہوتی ہے

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے مسلم یتیم خانہ کے بچوں کے اعزاز میں افطار ڈنر کے موقع پر مہمان خصوصی صدر انجمن اسلامیہ پرویز خالد شیخ، صدر پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس محمد صادق نے خطاب کرتے ہوئے کہا ایسوسی ایشنوں اور فلاحی اداروں کا اصل مقصد دوسروں کی زندگی میں روشنی لانی ہوتی ہے اسی جذبہ کے ساتھ فلاح عامہ اور مخلوق خدا کی بہتری کے لیے کردار ادا کیا جانا چاہیئے انسانیت کی معراج اسی میں ہے کہ وہ اپنی ذات سے دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہو اور ان کی زندگی میں آسانیاں لانے کے لیے کردار ادا کرے پروفیشنل فوٹو جرنلسٹس ایسوسی ایشن بلاشبہ ایک تاریخ ساز ایسوسی ایشن ہے جو دنیاوی لالچ سے ہٹ کر ممبران اور فلاح عامہ کا کام کر رہی ہیں جس کی فلاح عامہ اور مخلوق خدا خدمات کا پریس کلب اور صحافی تنظیمیں، فوٹو جرنلسٹس معترف ہے اور اپنی مثال آپ ہیں انہوں نے مزید کہا کہ گی روحانی برکات بھی حاصل ہوں گی جب ہم اپنے اخلاق کو بہتر بنائیں، جھوٹ، غیبت اور فضول مشاغل سے بچیں انھوں نے مزید کہا کہ عبادات کے ساتھ ساتھ اپنے ارد گرد ضرورت مندوں کا بھی خیال رکھنا چاہیے اور ان کی مدد کرنی چاہیے جب لوگوں کے مسائل حل درست طریقہ سے آگاہی مل جاتی ہے تو مسائل حل ہو جاتے ہے یہ ایک منظم پلیٹ فارم زیادہ مفید اور وسعت کا حامل طریقہ ہے اور اپنی تمام تر توانائیاں کاز کو آگے بڑھانے میں صرف کریں گے کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ ہم اپنے اندر پوشیدہ صلاحیتوں کو استعمال کرنے کی ہمت اور جستجو پیدا کریں تقریب سے جنرل سیکرٹری سعید سوہی، سینئر نائب صدر چوہدری امین، انیس صدیق، غلام مصطفیٰ، اکرم وکی، آصف غوری، اقبال کریمی، شوکت سلطان بٹ، محمد بلال، محمد راشد و دیگر نے بھی خطاب کیا۔

## لائنز کلب انٹرنیشنل کی خدمات گرانقدر ہیں۔ لائن محمد خالد وسیم

### لائنز کلب نے رمضان میں 15 لاکھ روپے انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے خرچ کئے

Sialkot Lions Club
GENERAL BODY MEETING
Lion Muhammad Khalid Waseem & Family

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) لائنز کلب سیالکوٹ کے اعزاز میں پروقار تقریب کا انعقاد زیر اہتمام لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ سکینہ حسین حویلی میں ہوا پروقار افطار ڈنر لائن کلب شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے لائن محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ لائنز کلب انسانیت کی خدمت میں سرگرم عمل ہے لائنز کلب نے رنگ و نسل اور مذہب سے بالاتر انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار ہو کر رمضان المبارک میں 15 لاکھ روپے کے فلاحی منصوبوں پر عمل درآمد کیا کلب کے صدر لائن محمد خالد وسیم نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں مہمانان خصوصی اور کلب کے ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کلب کے فلاحی منصوبوں پر روشنی ڈالی انہوں نے بتایا کہ سیالکوٹ لائنز کلب کے زیر اہتمام ذہنی پسماندہ بچوں کے ادارے "دی لائٹ" اور سول ہسپتال کے ٹی بی وارڈ کے لیے ممبران ہر سال خطیر رقم عطیہ کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ کلب نے رمضان المبارک میں ایک نیا فلاحی منصوبہ شروع کیا، جس کے تحت ضرورت مند سفید پوش افراد کے محلے کی دکانوں پر ادھار کھاتوں کی پوشیدہ طور پر ادائیگی کی گئی۔ لائن ممبران نے صدر کی کال پر لبیک کہتے ہوئے صرف ایک ماہ میں تقریباً 15 لاکھ روپے ادا کیے۔ تقریب میں مہمانان خصوصی لائن طاہر کپور ڈسٹرکٹ میٹر، لائن فیضان مجید کپور پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر، لائن شفقت چوہدری کونسل وائس چیئرمین، لائن محمد سلیم سیکنڈ وائس ڈسٹرکٹ گورنر، لائن عاشق علی باجوہ پاسٹ ڈسٹرکٹ گورنر، لائن رانا سہیل ریجن چیئرمین، لائن محمد امین ریجن چیئرمین اور لائن نعیم یوسف زون چیئرمین نے شرکت کی تقریب کی نظامت سیکرٹری کلب لائن آفتاب حسین ناگرہ ایڈووکیٹ نے کی۔ دیگر شرکاء میں لائن ملک نصیر، لائن ملک اشرف، لائن روف بٹ، لائن ظفر جعفری، لائن محمد وسیم، لائن اعجاز غوری، لائن جبار علوی، لائن شمس عمران، لائن ادیب بٹ، لائن عظیم بٹ، لائن یونس مغل، لائن سجاول وسیم، لائن حسن وسیم، لائن شہزاد گوگا اور اسامہ وسیم شامل تھے تقریب کے آخر میں لائنز کلب نے افطار ڈنر کے میزبانوں وسیم فیملی اور دیگر مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔ وسیم فیملی کی طرف سے لائن حسن وسیم نے کلب میں شامل ہونے والوں اور دیگر مہمانان گرامی کا شکریہ ادا کیا۔

## یوم پاکستان کے موقع اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ریلی کا انعقاد کیا گیا

### ریلی میں ڈی او جاوید چوہان، سینٹری انسپکٹر ملک تاج دین و تحصیل انتظامیہ صحافی برادری سمیت معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی

شرقپور شریف (نامہ نگار) یوم پاکستان کے موقع اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی میں ڈی او جاوید چوہان، سینٹری انسپکٹر ملک تاج دین و تحصیل انتظامیہ صحافی برادری سمیت معززین علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی یہ ریلی بڑا اڈہ شرقپور سے شروع ہو کر ملک مظفر پارک پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جس پر یوم پاکستان کے حوالے سے نعرے درج تھے۔ ریلی کے اختتام پر ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور سربلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔

## اسسٹنٹ کمشنر صدر ناصر شہزاد ڈوگر کی زیر نگرانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سدرہ ڈار نے پرچم کشائی کی

### ملک بھر کی طرح لدھیوالا وڑائچ میں بھی یوم پاکستان کی تقریب منعقد ہوئی

یوم پاکستان
23 MARCH
PAKISTAN DAY

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ملک بھر کی طرح لدھیوالا وڑائچ میں بھی یوم پاکستان کی تقریب منعقد ہوئی ڈپٹی کمشنر نوید احمد کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر صدر ناصر شہزاد ڈوگر کی زیر نگرانی چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سدرہ ڈار نے پرچم کشائی کی۔ تقریب میں میونسپل کمیٹی کے اہلکاروں نے بھرپور شرکت کرتے ہوئے ریلی بھی نکالی ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اٹھا رکھے تھے جس پر یوم پاکستان کے حوالہ سے نعرے درج تھے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے چیف آفیسر سدرہ ڈار کا کہنا تھا کہ آج ہم ایک آزاد ریاست میں زندگی گزار رہے ہیں قائد اعظم محمد علی جناح، علامہ اقبال کی بدولت آج ہم ایک آزاد ریاست کے مالک ہیں آج کے دن پاکستان وجود میں آیا جس کے بعد تمام مسلمان ایک خوشگوار زندگی گزار رہے ہیں ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی بلدیہ آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔

PAKISTAN DAY - 23 MARCH
23

## ,,ستھرا پنجاب،، مہم انتظامیہ کی نااہلی کے باعث بری طرح متاثر ہو چکی

### تحصیل بھر میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گلیاں، محلے اور شاہراہیں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکی ہیں

عارفوالا (نامہ نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے شروع کی گئی، ستھرا پنجاب، مہم انتظامیہ کی نااہلی کے باعث بری طرح متاثر ہو چکی ہے تحصیل بھر میں صفائی کے ناقص انتظامات کے باعث گلیاں، محلے اور شاہراہیں کچرے کے ڈھیروں میں تبدیل ہو چکی ہیں جبکہ متعلقہ بلدیہ افسران اپنی جیبیں بھرنے کے چکر میں خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں عوام کی شکایات کے پیش نظر بھی بلدیہ ملازمین سمیت افسران کے کانوں میں جوں تک نہیں رینگ رہی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ستھرا پنجاب پروگرام صرف فوٹو سیشن اور کاغذوں کی کاروائی تک محدود ہو کر رہ گیا ہے شہر بھر سمیت پٹھان نمبر دو پٹھان نمبر ایک محلہ ضیا نگر محلہ شمس آباد محلہ عیدگاہ گلشن اقبال کالونی عیدگاہ روڈ مال منڈی روڈ پاک پتن روڈ سمیت شہر بھر میں سرکاری اور غیر سرکاری عمارتوں کے ساتھ گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے تعفن اور بدبو پھیلنے لگی ہے تعفن کی وجہ سے بچے اور بوڑھے افراد مختلف موذی امراض میں مبتلا ہونے لگے ہیں جبکہ گندگی کے ڈھیروں پر بیٹھنے والے مچھروں کی وجہ سے ڈینگی جیسی موذی امراض پھیلنے کا خدشہ ہے شہر اور گلی محلوں میں صفائی ستھرائی کی ناقص صورتحال کی وجہ سے شہر کچرا کنڈی میں تبدیل ہو گیا ہے مقامی افراد کا کہنا ہے کہ بلدیہ انتظامیہ کی جانب سے شہر بھر کی اہم شاہراہوں اور بازاروں سے کوڑے کے ڈھیر اٹھانا اپنی ہتک سمجھنے لگے ہیں شہر کے متعدد محلوں اور ٹاؤنز میں کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پڑے رہتے ہیں ایک دن صفائی کر کے دوبارہ کبھی کئی دن بازاروں اور شاہراہوں کی صفائی نہیں کی جاتی اہل علاقہ کا مزید کہنا ہے کہ یہ مخصوص افسران صرف مخصوص گروپوں کے مفادات کے تحت کام کر رہے ہیں جبکہ عوامی مسائل پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل کی ہے کہ فوری طور پر صفائی کے ناقص انتظامات کا نوٹس لیا جائے۔

## ہم قیام پاکستان کے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں: چوہدری محمد اشفاق چیمہ

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) افسوس کہ ہم قیام پاکستان کے مقاصد حاصل کرنے میں ناکام رہے ہیں، حصول پاکستان کے بعد ہم ایک قوم کی بجائے سیاسی مذہبی گروہی لسانی تقسیم کا شکار ہو کر اسلامی ملی وحدت سے محروم ہو گئے ان خیالات کا اظہار چیئرمین پاکستان پیس کونسل چوہدری محمد اشفاق چیمہ نے یوم پاکستان کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انھوں نے کہا کہ اپنی کوتاہیوں یا اغیار کی سازشوں نے ہمیں ناقابل تلافی نقصان پہنچایا وطن عزیز بنانے والی مخلص قیادت سے ہمیں محروم کر دیا گیا بعد میں آنے والوں نے تعمیر و ترقی کی بجائے اقربا پروری پر توجہ دی جس کے نتیجے میں وطن عزیز اربوں کھربوں کا مقروض ہو گیا ہم جن ملکوں کی امداد کیا کرتے تھے آج ان کی منتیں کرنے پر مجبور ہیں ڈاکٹر ناصر تحسین علوی نے کہا کہ ہمیں اپنی روش بدلنی ہوگی نئی نسل کو بزرگوں کی قربانیوں اور قیام پاکستان کے مقاصد سے آگاہ کرنا ہوگا دور حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق تعلیم کو فروغ دینا ہوگا ہر شعبہ زندگی میں میرٹ کو فروغ دے کر اقربا پروری کی بیخ کنی کرنا ہوگی سیاسی مذہبی گروہی و لسانی گروہ بندی کی حوصلہ شکنی کر کے پیار محبت اتحاد اور یکجہتی کو عام کرنا ہوگا اسلامی شرعی اصولوں کے مطابق معیشت اور معاشرت کو تشکیل دے کر ہی اصل مقاصد کا حصول ممکن ہو سکتا ہے۔

## ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھٹی، چھوٹے دوکانداروں کو بھاری جرمانے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھٹی، چھوٹے دوکانداروں کو بھاری جرمانے۔ رمضان المبارک میں مہنگائی کنٹرول کرنے کیلئے سرکاری نرخنامہ تو جاری کر دیا گیا مگر ناجائز منافع خوروں کو کھلی چھوٹ دے دی گئی مرغی کے گوشت کا سرکاری ریٹ 600 روپے سے کم مگر مارکیٹ میں فروخت 750 روپے تک پہنچ گئی اور سرکاری ریٹ پر فروخت نہ کرنے والے چھوٹے دوکانداروں کو بھاری جرمانے کیے جا رہے ہیں جبکہ دوکانداروں کا کہنا ہے کہ ہول سیل میں ہمیں سرکاری ریٹ کے مطابق مال نہیں ملتا جس وجہ سے ہمیں مہنگا بیچنا پڑتا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر مرغی کے گوشت کی قیمت کم کرنی ہے تو ناجائز منافع خوروں کو کنٹرول کیا جائے تاکہ شہریوں کو ریلیف مل سکے

## وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کیمطابق ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ میں افطاری

### 4 ہزار افراد کی افطاری کا اہتمام کیا گیا۔ سپرنٹنڈنٹ ملک بابر علی

District Jail Sialkot

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ میں شہر اقبال سیالکوٹ کی مخیر شخصیت امجد اقبال چیمہ نے جیل سپرنٹنڈنٹ ملک بابر علی کیساتھ مل کر سیالکوٹ جیل میں مقید 4 ہزار قیدیوں کو گرینڈ افطار ڈنر دیا۔ باقاعدہ طور پر خوبصورت گول میز و کارپٹ بچھا کر پروقار انداز میں افطار ڈنر سے قبل باقاعدہ تلاوت کلام پاک و نعت شریف سے آغاز کرنے کے بعد معروف عالم دین نے خوبصورت انداز میں وعظ و نصیحتیں بیان کیا۔ جیل سپرنٹنڈنٹ ملک بابر علی نے اس موقع پر اپنے جاری میڈیا بیان میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن اور ہوم سیکرٹری پنجاب و آئی جی جیل خانہ جات میاں فاروق نذیر کی ہدایات کے عین مطابق ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ میں گرینڈ افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا۔ شہر اقبال کی تحصیل سمبڑیال سے تعلق رکھنے والی انسان دوست شخصیت امجد اقبال چیمہ نے افطاری کیلئے مکمل تعاون کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ قیدیوں کی روضہ کشائی کرانا اللہ تعالیٰ اور پیارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بہت پسند ہے الحمد للہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس نیک کام کی توفیق عطا فرمائی۔

## رائیونڈ تحصیل میں موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں اضافہ شہری پریشان

### شہریوں، تاجر، صحافی برادری کا موٹر سائیکلوں کی چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار

رائیونڈ (تحصیل رپورٹر عبدالرزاق سید سے) سینئر صحافی، مرکزی پریس کلب رائیونڈ کے چیف ایگزیکٹو سید ظفر ساجد کی موٹر سائیکل دن دہاڑے چوری تفصیلات کے مطابق سہ پہر چار بجے سید ظفر ساجد کی رہائش گاہ کے باہر سے چور موٹر سائیکل لے کر فرار ہو گیا پولیس ہیلپ لائن پر رابطہ کرنے کے بعد مقامی پولیس موقع پر پہنچی ایف آئی آر کی درخواست تھانہ میں جمع کروائی گئی ایس پی صدر کے آفس سے رابطہ کیا گیا جس پر انہوں نے ای ٹیگ نمبر مانگا جو فراہم کیا گیا موٹر سائیکل چوری کی اطلاع ملنے پر سینئر صحافی اور مرکزی پریس کلب کے چیئرمین چوہدری عبدالرحمن رامے فوری طور پر موقع پر پہنچے سی سی ٹی وی کیمرے غیر فعال ہونے کی وجہ سے کوئی مصدقہ ثبوت نہیں مل سکا واقعہ کی اطلاع ملنے پر ایس پی ظفر عباس نقوی نے بھی رابطہ کیا لیکن ابھی تک پرچے کا اندراج نہیں ہو سکا مقامی سیاسی سماجی اور کاروباری حلقوں نے شہر میں موٹر سائیکلوں کی چوری کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے چوہدری محمد سرور گجر سرپرست اعلیٰ مرکزی پریس کلب، جنرل سیکرٹری سید عبدالرزاق حسین ڈپٹی چیئرمین سید قمر جعفری نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موٹر سائیکل کی فوری بازیابی اور چوروں کو عبرت ناک سزا دی جائے۔ یاد رہے شہر میں بڑھتی ہوئی منشیات فروشی کی وجہ سے نشہ کرنے والے لوگ اس طرح کی وارداتیں کرنے پر مجبور ہیں جب تک شہر میں نشہ اور اشیاء کی فروخت بند نہیں ہوگی اس طرح کی چوریاں معمول کا حصہ بنی رہیں گی۔

## غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کا کریک ڈاؤن جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف محکمہ سول ڈیفنس کا کریک ڈاؤن جاری، 2 پٹرول پمپ سیل، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر سمیت دیگر افسران نے ٹیموں کے ہمراہ متعدد مقامات پر پیٹرول پمپس کی انسپکشنز کیں اور کاغذات مکمل مہیا نہ کرنے پر 2 غیر قانونی پیٹرول پمپس النا صر پیٹرولیم سروس 27/21 اور اغوری پیٹرولیم سروس 21/29-30 دیپالپور روڈ اوکاڑہ کو موقع پر سیل کر دیا اور ملزمان کے خلاف تھانہ صدر میں ایف آئی آرز کا اندراج کروا دیا جبکہ رواں ماہ محکمہ سول ڈیفنس نے غیر قانونی پیٹرول پمپ مالکان کو مجموعی طور پر 2 لاکھ 58 ہزار روپے کے جرمانہ عائد کیا، 13 پمپس کو سیل کیا اور 03 کے خلاف مقدمات کا اندراج کروایا، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا کہ غیر قانونی پیٹرول پمپس کام کرنے کی ہر گز مجاز نہیں اور خلاف قانون چلائے جانے والے پٹرول پمپس کے خلاف بلا امتیاز سخت کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

## غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کاروائی

### غیر قانونی اور ناقص ایل پی جی گیس سلنڈر استعمال کرنے پر چھوٹی بڑی 15 گاڑیاں بند کر کے ان سے گیس سلنڈر اتار کر قبضہ میں لے لیے گئے

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) سیکرٹری ڈسٹرکٹ ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی اقصیٰ ریاض کی غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کاروائی۔ غیر قانونی و ناقص ایل پی جی گیس سلنڈر استعمال کرنے پر چھوٹی بڑی 15 گاڑیاں بند کر کے ان سے گیس سلنڈر اتار کر قبضہ میں لے لیے گئے سیکرٹری ڈی آر ٹی اے اقصیٰ ریاض شہر کے مختلف علاقوں اور بائی پاس پر غیر قانونی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے پانچ مسافر ویگنوں کو بند کر کے ان سے گیس سلنڈر اتار کر قبضہ میں لے لیے جبکہ اندرون شہر اور دیگر علاقوں میں چلنے والے رکشوں کے خلاف بھی کاروائی کرتے ہوئے 10 رکشوں کو بند کر کے ان پر نصب غیر قانونی ایل پی جی گیس سلنڈر قبضہ میں لے لیے گئے۔ سیکرٹری ڈی آر ٹی اے اقصیٰ ریاض کا کہنا تھا کہ ایل پی جی سلنڈر کا گاڑیوں میں استعمال غیر قانونی ہے اور بعض اوقات بڑے حادثے کا باعث بھی بنتا ہے اس لیے مسافر گاڑیوں اور رکشوں میں کسی صورت بھی ایل پی جی سلنڈر استعمال کرنے کی اجازت نہیں اور جو ٹرانسپورٹر اپنی گاڑیوں میں ایل پی جی سلنڈر کا استعمال کریگا انکی گاڑیوں کو بند کر کے انکے خلاف کاروائی کرتے ہوئے گیس سلنڈر قبضہ میں لے لیے جائینگے۔

## جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر صوبے بھر میں شجر کاری مہم کا شاندار آغاز کر دیا گیا

### اس مہم کا مقصد ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانا اور صوبے کو سرسبز و شاداب بنانا ہے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر جنگلات کے عالمی دن کے موقع پر صوبے بھر میں شجر کاری مہم کا شاندار آغاز کر دیا گیا۔ اس مہم کا مقصد ماحولیاتی آلودگی پر قابو پانا اور صوبے کو سرسبز و شاداب بنانا ہے۔ وزیر اعلیٰ کے ویژن کے مطابق، ڈپٹی رجسٹرار اسد ریاض بھٹی، جوائنٹ رجسٹرار وقاص احمد اور کوآپریٹو ڈیپارٹمنٹ کے دیگر افسران نے واپڈا سٹی میں پودا لگا کر مہم کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر مقررین نے درختوں کی اہمیت اور ماحولیاتی تحفظ میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ درخت نہ صرف آلودگی کم کرنے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں بلکہ ماحولیاتی توازن برقرار رکھنے اور موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ حکومتی سطح پر جاری اس مہم کے تحت صوبے بھر میں لاکھوں درخت لگائے جائیں گے تاکہ آنے والی نسلوں کو ایک صحت مند اور سرسبز ماحول فراہم کیا جا سکے۔ عوام سے بھی اپیل کی گئی کہ وہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ماحول کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کریں۔

## یوم پاکستان کے سلسلہ میں مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہوئی

### اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کہا کہ 23 مارچ یوم پاکستان اس عہد کی تجدید کا دن ہے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم پاکستان کے سلسلہ میں مرکزی تقریب ڈسٹرکٹ کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ جہاں ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے پرچم کشائی کی، پرچم کشائی کی تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ، اسسٹنٹ کمشنر سلمان اکبر، سی ای او ایجوکیشن محمد اکرم اشرف، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد، ڈی ایس پی رانا قیصر جمیل، ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر محمد عدنان نواز سمیت دیگر افسران، اساتذہ، ملازمین اور شہریوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ملک و قوم کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور سربلندی کیلئے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نے کہا کہ 23 مارچ یوم پاکستان اس عہد کی تجدید کا دن ہے جس دن پاکستان کے قیام کیلئے قرارداد منظور کی گئی آج ہمیں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح، ڈاکٹر علامہ محمد اقبال اور انکے دیگر ساتھیوں کو بھی خراج تحسین پیش کرنا ہے جنہوں نے قیام پاکستان کیلئے انتھک کوششیں کیں۔ انکا کہنا تھا کہ اگر آج ہمیں ایک آزاد اسلامی ملک پاکستان حاصل نہ ہوتا تو ہمیں ہندوؤں کی غلامی میں رہنا پڑتا لیکن بانی پاکستان اور ان کے دیگر ساتھیوں کی کاوشوں سے ہمیں ایک آزاد اسلامی جمہوریہ ملک حاصل ہوا۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک پاکستان اور پاکستان کے قیام کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے بزرگ، نوجوان اور ملک و قوم کی حفاظت کرنے والے پاک فوج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکاروں کی خدمات پوری قوم کیلئے فخر اور ناقابل فراموش ہیں پوری قوم اپنے ان ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتی ہے۔

## معمولی رنجش پر محنت کش کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کی کوشش،

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) معمولی رنجش پر محنت کش کو فائرنگ کر کے قتل کرنے کی کوشش، مضروب کو تشویشناک حالت کے پیش نظر سول ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا، واہنڈو پولیس نے مقدمہ درج کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا، تفصیل کے مطابق نواحی علاقہ ٹھٹھہ گلاب سنگھ کا رہائشی علی رضا اپنے ڈیرہ پر بیٹھا تھا کہ ملزم عمران عرف مانو نے کر اس سے پیسے مانگے تو علی رضا نے کہا کہ میں تم کو کس بات کے پیسے دوں میرا تمہارا تو کوئی لین دین نہ ہے اس بات سے مشتعل ہو کر ملزم عمران نے اپنے دستی پسٹل سے علی رضا پر فائرنگ شروع کر دی، گولیوں کی زد میں آ کر علی رضا شدید زخمی ہو گیا جسے تشویشناک حالت کے پیش نظر سول ہسپتال گوجرانوالہ منتقل کر دیا گیا، مقامی پولیس تھانہ واہنڈو نے مضروب کے چچا رانا عتیق کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا، اہل علاقہ نے بتایا کہ ملزم عمران نے چند دن قبل گاؤں کے رہائشی ایک اور نوجوان کو کلہاڑی کے وار کر کے شدید زخمی کر دیا تھا جبکہ ملزم کے خلاف پہلے سے گینگ ریپ اور دیگر سنگین نوعیت کے مقدمات درج ہیں کوئی بھی شریف شہری ملزم کے خلاف گواہی دینے سے بھی ڈرتا ہے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

# جنگ جوئی میں سیاسی اقدامات نظر انداز کرنے کا رویہ

قومی سلامتی کمیٹی کے ان کیمرا خصوصی اجلاس نے گزشتہ روز ملک میں بڑھتی ہوئی دہشت گردی کے خلاف ہر قیمت پر جنگ جیتنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ البتہ اس حوالے سے جاری ہونے والے اعلامیہ اور پاک فوج کے سربراہ کی بریفنگ کے دوران طاقت کے استعمال پر زور دیا گیا۔ اس مسئلہ کو حل کرنے کے لیے اعتماد سازی یا کسی سیاسی حل کا کوئی ذکر نہیں ہوا۔ حیرت ہے کہ کئی دہائی تک بلوچستان میں علیحدگی پسند رجحانات کا سامنا کرنے اور خیبر پختون خوا میں تقریباً ربع صدی سے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے کے باوجود ملک کے سیاسی وعسکری لیڈر اس حوالے سے عوامی رابطہ کاری، مقامی مسائل سے آگاہی اور حکمرانوں وعوام میں موجود فاصلہ دور کرنے کے اہم پہلوو?ں پر غور نہیں کر پائے۔ اعلامیہ میں تحریک انصاف کے حوالے سے افسوس کا اظہار کیا گیا کہ اس نے اس اہم اجلاس میں شریک نہ ہو کر ایک اہم قومی منصوبہ سے دوری اختیار کی۔ وزیر اعظم کے علاوہ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے بھی واضح کیا کہ 'ملک کی سلامتی سے بڑھ کر کوئی ایجنڈا، تحریک اور شخصیت نہیں ہے۔ یہ ہماری اور آنے والی نسلوں کی بقا کی جنگ ہے'۔ اس طرح ایک ایسی پارٹی کے ساتھ سیاسی حساب برابر کرنے کی کوشش کی گئی جو اگرچہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں تو موجود نہیں تھی لیکن قومی اسمبلی میں اس کے 90 کے لگ بھگ ارکان موجود ہیں اور وہ ملک کی اہم سیاسی جماعت ہے۔ ایسی پارٹی کے نمائندوں کے ساتھ مکالمہ کی ضرورت سے انکار ممکن نہیں۔ خاص طور سے اگر ملک میں جمہوری عمل جاری رکھنے کا ارادہ ہے اور انتخابات ہی ابھی تک حکومت سازی کا واحد قانونی آپشن ہیں تو حکومت اپوزیشن کی اہم اور مقبول پارٹی کو نظر انداز کرنے کا خطرہ مول نہیں لے سکتی۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اعلامیہ میں اگرچہ مکالمہ جاری رکھنے کی بات کی گئی ہے لیکن گزشتہ روز کے اجلاس کے حوالے سے جو معلومات بھی فراہم کی گئی ہیں وہ مکالمہ، سیاسی افہام وتفہیم اور تشدد کے علاوہ پرامن ماحول پیدا کرنے کے بارے میں امید افزا نہیں ہیں۔ یوں لگتا ہے کہ فوج ہی نہیں حکومت بھی اس وقت ملک میں جاری دہشت گردی اور بدامنی کو دبانے کے لیے طاقت کے موثر استعمال کو ہی واحد حل سمجھتی ہے۔ اگر فوجی قیادت کسی شورش یا بدامنی کی صورت حال میں طاقت کے استعمال کو واحد حل کے طور پر پیش کرتی ہے تو اس پر حرف زنی نہیں کی جاسکتی۔ فوج کی تربیت مسائل کو طاقت کے زور پر حل کرنے ہی کی ہوتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کا آئین عسکری اداروں کو ملک کی منتخب سول حکومت کے زیر نگیں رکھنے پر زور دیتا ہے۔

کسی بدامنی کی صورت میں اگرچہ فوج ہی کو معاملات سنبھالنے کے لیے بھیجا جائے گا لیکن یہ فیصلہ سیاسی لیڈروں کو کرنا چاہیے کہ کب اور کتنی فوجی طاقت ضروری ہے۔ سول حکومت کے قیام اور اسے بااختیار بنانے کا مقصد ہی یہ ہوتا ہے کہ طاقت کو غیر ضروری طور سے اندھا دھند استعمال نہ کیا جائے۔ امن وامان کی کسی بھی صورت حال میں عسکری قوت سے سرکشی پر اترے ہوئے عناصر پر یہ واضح کیا جاتا ہے کہ ریاست کی طاقت کا مقابلہ ممکن نہیں ہے لیکن اس کے ساتھ ہی سیاسی متبادل اور مکالمہ وبات چیت کا راستہ دکھا کر انہیں کسی حل پر آمادہ کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ دنیا میں ہر مسلح تنازعہ وتصادم کا حل، اسی طریقے سے تلاش کیا جاتا ہے۔ صرف طاقت پر انحصار اور کچل دینے کا ارادہ کر کے کوئی مسئلہ حل نہیں ہوتا۔ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں صرف فوجی قیادت کے مشورے کے مطابق طاقت استعمال کرنے، علما سے فتوے لینے، جدید ہتھیاروں کی خریداری کے لیے وسائل فراہم کرنے اور ریاست کے اختیار کو چیلنج کرنے والے عناصر کو کچل دینے جیسے فیصلے تو کیے گئے

# ملکی افق پر آمریت کے منڈلاتے بادل

حقائق

تحریر

وسیم علی مغل

حکومت نے دہشت گردی کے خلاف یک آواز ہونے کے لیے قومی اسمبلی کی سکیورٹی کمیٹی کا اجلاس بلایا تھا جس میں عسکری قیادت نے بھی شرکت کی۔ تاہم تحریک انصاف اور متعدد دیگر اپوزیشن پارٹیوں کی عدم شرکت سے قومی یکجہتی کا تاثر قوی نہیں ہوسکا۔ یہ ہی یہ واضح ہوا کہ دہشت گردی کے خلاف سب سیاسی عناصر مل کر ایک ہی حکمت عملی اختیار کرنے پر تیار ہیں۔ تحریک انصاف نے ایک روز قبل اس اہم اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کیا تھا تاہم اجلاس سے پہلے اچانک اس فیصلہ کو تبدیل کرتے ہوئے بتایا گیا کہ عمران خان کو پیرول پر رہا کر کے اجلاس میں مدعو نہ کرنے کی وجہ سے تحریک انصاف اور اس کی حمایت کرنے والی سیاسی جماعتوں نے اجلاس میں شریک نہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔ سیاسی طور سے یہ غلط اور قومی مفاد کے برعکس فیصلہ تھا لیکن یوں معلوم ہوتا ہے کہ عمران خان ہر موقع کو اپنی رہائی اور سیاسی مقاصد کے لیے استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف منعقد ہونے والے اجلاس میں ملک کی سب سے بڑی پارٹی کی عدم شرکت سے سیاسی تقسیم گہری ہوگی اور جمہوری ادارے کمزور ہوں گے۔ عمران خان کی مسلسل حراست ایک سنگین اور پریشان کن مسئلہ ہے لیکن تحریک انصاف کو ان کی رہائی کے سوال کو قومی سلامتی وسیاسی مفاہمت کے معاملات سے منسلک کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اس سے پہلے عمران خان کی رہائی ہی کے سوال پر تحریک انصاف نے حکومت کے ساتھ شروع ہونے والے مذاکرات کا بائیکاٹ کیا تھا۔ اور اب دہشت گردی کی سنگین صورت حال میں پارلیمانی کمیٹی کے اجلاس کا بائیکاٹ کر کے تحریک انصاف نے قومی منظر نامہ پر خود کو مزید تنہا کیا ہے۔ اس دوران پارٹی سے منسلک عناصر فوج کے خلاف اور بلوچستان میں دہشت گردی کا ارتکاب کرنے والے عناصر کی حمایت میں سوشل میڈیا پر بیانیہ بنانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ یہ حکمت عملی ملکی سیاست کو جامد اور جمہوری راستہ مسدود کرنے کا سبب بنے گی۔ یوں لگتا ہے کہ عمران خان اب بھی کسی عوامی انقلاب کی امید کر رہے ہیں جو نہ صرف ان کی رہائی بلکہ ان کی اقتدار میں واپسی کا راستہ ہموار کرے گا۔ تاہم اس مقصد کے لیے اگر فوج میں انتشار ڈالنے کی ویسی ہی منصوبہ بندی کی جارہی ہے جو سانحہ 9 مئی کے وقت کی گئی تھی تو اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد نہیں ہوں گے۔

تحریک انصاف قومی اسمبلی میں سب سے بڑی تنہا پارٹی کی حیثیت رکھتی ہے۔ قومی سلامتی کے ان کیمرا اجلاس میں شریک ہو کر اس کے نمائندے اپنا موقف پیش کر سکتے تھے اور اس تاثر کو بھی قوی کر سکتے تھے کہ حکومت کے تمام جابرانہ ہتھکنڈوں کے باوجود تحریک انصاف جمہوری عمل پر یقین رکھتی ہے اور کسی مشکل میں قوم کو اکیلا نہیں چھوڑے گی۔ البتہ اس اجلاس میں شریک ہونے کا اعلان کرنے اور بعد میں اسے تبدیل کرنے کے طریقے نے پارٹی کے اندر پائی جانے والی نظریاتی تقسیم کو بھی واضح کر دیا ہے۔ عمران خان کو سمجھنا چاہیے کہ جھوٹ اور نفرت کی بنیاد پر محض سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے ذریعے نہ تو کوئی انقلاب برپا کیا جاسکتا ہے اور نہ ہی ملک میں جمہوری عمل کو مستحکم کیا جاسکے گا۔ جمہوریت اسی وقت موثر اور فعال ہوسکتی ہے جب عوام کے ووٹ لے کر ان کی نمائندگی کا دعویٰ کرنے والے ارکان قومی اسمبلی اپنا پارلیمانی کردار ادا کریں اور اہم قومی مسائل میں مناسب فورم سے اپنی رائے سامنے لائیں۔

---

# ایک یرغمالی کی ڈائری

تحریر: حماد غزنویس

یہ ان دنوں کا ذکر ہے جب ہمارے ہاں اسکول صرف سرکاری ہوا کرتے تھے، ہم سنٹرل ماڈل اسکول لاہور میں پڑھتے تھے جو ہر لحاظ سے صوبے کا ایک رفیع الشان تعلیمی ادارہ تھا، اسکول کی عمارت پُرشکوہ، کمرے کشادہ، اسمبلی گراؤنڈ وسیع، اور اساتذہ طلباء کی تعلیم وتربیت میں یک سُو ہوا کرتے تھے۔ بورڈ کے امتحان میں میٹرک کی پہلی دس پوزیشنوں میں سے اگر کوئی ایک آدھ کسی اور اسکول کا طالبِ علم ''چُرا'' لیتا تو ہم اسے کسی گہری سازش کا شاخسانہ گردانتے تھے۔ اب آجائیے، اسکول کی فیس کی طرف، ماہانہ فیس تھی اڑھائی روپے سکہ رائج الوقت، اور کیوں کہ بھائی صاحب بھی اسی اسکول میں تھے تو 'کِن شپ' قانون کی وجہ سے ہم آدھی فیس ادا کرتے تھے یعنی سوا روپیہ۔ یہ رقم والد صاحبؒ کی ماہانہ آمدن کا تقریباً 25.0 فی صد بنتا تھا۔ اس حساب سے ہم نے دس سال میں 150 روپے فیس کی مد میں ادا کر کے میٹرک پاس کیا۔

اب ''شرفاء'' کے بچے سرکاری اسکولوں میں نہیں جاتے، ہمارے معاشرتی حلقے میں تو کسی کے بچے سرکاری اسکول میں نہیں پڑھتے، اور ہمارا معاشرتی حلقہ بنیادی طور پر مڈل کلاس اور لوئر مڈل کلاس اصحاب پر مشتمل ہے۔ میری ایک بیٹی لاہور کے ایک معروف پرائیوٹ اسکول میں اے لیول کی طالبہ ہے اور ایک بیٹی ایک نجی تعلیمی ادارے میں بی اے میں پڑھتی ہے، ان کی مجموعی فیس میری ماہانہ آمدن کا تقریباً 20 فی صد ہے۔ یاد رہے کہ اگر سب عوامل کو مدِ نظر رکھ کر دیکھا جائے تو میری ماہانہ آمدن اپنے والد صاحبؒ سے یقیناً زیادہ ہے۔ سادہ لفظوں میں، مدت ہوئی یہ ریاست اپنے شہریوں کو مناسب تعلیم فراہم کرنے کے بنیادی فرض سے ہنسی خوشی دست بردار ہو چکی ہے اور شہری بھی رو پیٹ کے اس تلخ حقیقت سے سمجھوتا کر چکے ہیں، جنہیں بچے پڑھانے کا 'شوق' ہے وہ یہ پہاڑ ہزار جتن کر کے خود چڑھتے ہیں۔ یہ 1970 کی بات ہے کہ والد صاحبؒ کو عارضہءِ قلب لاحق ہوا تو انہیں علاج کی غرض سے گنگا رام ہسپتال لے جایا گیا جو کہ ایک سرکاری ہسپتال ہے، اُس وقت پرائیویٹ ہسپتال شاید ہی کوئی ہو، سب مریض سرکاری ہسپتالوں کا ہی رُخ کیا کرتے تھے، ابو جی نے ایک ماہ سے زیادہ ہسپتال میں قیام کیا، اور وہ تن درست ہو کر گھر لوٹ آئے۔ علاج پر جو رقم خرچ ہوئی وہ بس اتنی ہی تھی کہ ایک استاد کو کسی سے قرض نہیں لینا پڑا۔ پچھلے سال دسمبر میں مجھے بھی کچھ ایسی ہی حالتِ دل کا سامنا ہوا، امراضِ دل کے پنجاب میں سب سے بڑے ہسپتال کے سربراہ سے ہماری یاد اللہ تھی، انہوں نے برادرانہ مشورہ دیا کہ کسی پرائیویٹ ہسپتال میں علاج کروا سکتے ہیں تو وہاں چلے جائیں، مشورے پر عمل کیا گیا اور علاج کے لیے درکار رقم کا ''بندوبست'' کر لیا گیا۔ ہمارا صحت کا نظام خود وینٹی لیٹر پر ہے۔ سرکاری ہسپتالوں کو مذبح خانے بنے بھی اب ایک زمانہ بیت چکا ہے، ان ہسپتالوں میں اب لاچار شہری جاتے ہیں

، ریاست اپنے شہریوں کو صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کب کی ناکام ہو چکی ہے، اب تو بس کبھی کبھی کسی ہسپتال کے ایم ایس کو معطل کر کے کاروائی ڈال دی جاتی ہے، اور پھر چل سو چل۔

---

# ڈیپ اسٹیٹ اور ہارڈ اسٹیٹ: حقیقت یا سراب؟

تحریر: ارشد زمان

ہیلری کلنٹن نے 2011 میں ایک انٹرویو کے دوران "ڈیپ اسٹیٹ " کے تناظر میں پاکستان کا ذکر کرتے ہوئے دعویٰ کیا تھا کہ پاکستان میں ایک ایسی غیر منتخب اسٹیبلشمنٹ موجود ہے جو پالیسی سازی پر اثر انداز ہوتی ہے۔ اس بیان کے بعد یہ بحث چھڑ گئی کہ آیا پاکستان واقعی ایک ڈیپ اسٹیٹ ہے یا نہیں؟ ڈیپ اسٹیٹ کیا ہے؟ ڈیپ اسٹیٹ (Deep State) اس غیر مرئی مگر طاقتور ریاستی ڈھانچے کو کہا جاتا ہے جو رسمی حکومتی اداروں کے پیچھے رہ کر ریاستی فیصلوں پر اثر انداز ہوتا ہے۔ اس میں فوجی اسٹیبلشمنٹ، بیوروکریسی، انٹیلی جنس ایجنسیاں، عدلیہ، بڑے کاروباری ادارے اور بعض اوقات میڈیا کے بااثر عناصر شامل ہو سکتے ہیں۔ پاکستان میں یہ اصطلاح خاص طور پر فوج اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کے سیاسی معاملات میں کردار کے حوالے سے استعمال کی جاتی ہے۔ ہارڈ اسٹیٹ کیا ہے؟ پاکستان کے آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے حالیہ بیانات میں ملک کو ایک "ہارڈ اسٹیٹ" بنانے کی بات کی ہے۔ ہارڈ اسٹیٹ (StateHard) ایک ایسا نظامِ حکومت ہوتا ہے جہاں طاقت، جبر اور سخت گیر پالیسیوں کے ذریعے ریاستی کنٹرول قائم رکھا جاتا ہے۔ ایسی ریاست میں قانون نافذ کرنے والے ادارے، فوج، خفیہ ایجنسیاں اور بیوروکریسی فیصلہ سازی میں مرکزی کردار ادا کرتی ہیں، جبکہ جمہوری اور عوامی رائے کو نظر انداز کر کے سخت اقدامات کیے جاتے ہیں۔

ڈیپ اسٹیٹ اور ہارڈ اسٹیٹ میں کیا فرق ہے؟ اگر ڈیپ اسٹیٹ اور ہارڈ اسٹیٹ کی تعریفات کو دیکھا جائے تو بظاہر دونوں میں زیادہ فرق نظر نہیں آتا، لیکن چند نمایاں فرق درج ذیل ہیں: • ڈیپ اسٹیٹ ایک خفیہ نظام ہوتا ہے، جو پس پردہ رہ کر پالیسی سازی پر اثر انداز ہوتا ہے۔ • ہارڈ اسٹیٹ کھلے عام سخت گیر طرزِ حکمرانی اختیار کرتا ہے اور طاقت کے مظاہرے سے حکومتی امور چلاتا ہے۔ • ڈیپ اسٹیٹ میں فیصلے پس پردہ ہوتے ہیں، جبکہ ہارڈ اسٹیٹ میں یہی قوتیں براہِ راست سخت گیر پالیسیاں نافذ کرتی ہیں۔ کیا یہ غیر علانیہ مارشل لا کا اعتراف ہے؟ اگر ڈیپ اسٹیٹ غیر جمہوری قوتوں کے پس پردہ کنٹرول کا نام ہے اور ہارڈ اسٹیٹ اس کنٹرول کے عملی مظاہرے کو ظاہر کرتی ہے، تو کیا ہم یہ سمجھیں کہ آرمی چیف کے بیان سے ملک میں غیر علانیہ مارشل لا کا اعتراف اور اعلان کیا گیا ہے؟ یہ ایک سنجیدہ سوال ہے، جس پر مختلف حلقوں میں بحث جاری ہے۔ بعض ناقدین کا کہنا ہے کہ یہ بیان ریاستی قوتوں کے جمہوری نظام پر غالب آنے اور جمہوری روایات کو مزید محدود کرنے کا اشارہ ہے۔ اگر ایسا ہے تو کیا یہ ریاستی جبر میں اضافے کی طرف ایک قدم نہیں؟ یہ حقیقت ہے کہ طاقت کے بل بوتے پر چلائی جانے والی پالیسیاں وقتی طور پر کچھ مسائل کو دبا تو سکتی ہیں، لیکن ان کا نتیجہ ہمیشہ مزاحمت، انتشار اور عدم استحکام کی صورت میں نکلتا ہے۔ قومی سلامتی، سیاسی استحکام اور معاشی ترقی کا انحصار طاقت کے بجائے شفافیت، دیانت داری اور عوامی شمولیت پر ہے۔ ریاستی مسائل کی بنیادی وجوہات پاکستان کو درپیش بنیادی مسائل درج ذیل نکات کے گرد گھومتے ہیں: 1۔ فوج کا سیاست، معیشت اور میڈیا میں غیر آئینی کردار 2۔ انتخابی عمل میں انجینئرنگ اور جمہوری اداروں کی کمزوری 3۔ احتساب کے غیر شفاف اور غیر منصفانہ نظام 4۔ عدلیہ پر دباؤ؟ اور قانون کی بے بسی 5۔ جبری گمشدگیاں

---

# اتفاق میں ہی اتفاق نکلا



صحافت ایک مقدس پیشہ ریاست کا چوتھا ستون معاشرے کی انکھ کہلواتا ہے لیکن جہاں بھی اس صحافی برادری کو دیکھا اکثر ٹوٹ پھوٹ کا شکار نظر ائی چھوٹے سے چھوٹے شہر میں بھی چار پانچ پریس کلب ہمیں دکھائی دیے اور ہم اندازہ ہی نہیں لگا سکتے کہ ان میں کون جرنلسٹ ہے اور کون نہیں کون حق کی جنگ لڑ رہا ہے اور کون معاشرے میں ظالموں کا ساتھ دیتا ہوا نظر ارہا ہے لاہور سے اسلام اباد اور اسلام اباد سے کراچی تک صحافت میں دھڑے نظر اتے ہیں اور ہر کوئی اپنے اپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے اپنا نعرہ لے کر سامنے ایا ہوا ہے صحافی کو مارنے کے لیے کوئی باہر سے نہیں اتا بلکہ یہ خود ایک دوسرے کا گریبان چاک کرتے ہیں ایک دوسرے کے کپڑے اتارتے ہیں اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کے لیے معاشرے کے ناسوروں سے مل کر اپنے اپ کو تباہ کرنے میں اپنا کردار ادا کرتے ہیں لیکن اس وقت میری خوشی کی انتہا نہ رہی جب میری نظر ایک تصویر پر پڑی اس تصویر میں کھاریاں پریس کلب کے صدر حاجی عبدالرؤف اتفاق پریس کلب کھاریاں کے صدر بہلول مرتضی اور گلیانہ پریس کلب کے صدر مصدق عزیز ایک جگہ خوش اسلوبی سے کھڑے نظر ائے اور معلوم کرنے پر پتہ یہ چلا کہ یہ ایک اتحادی گروپ ہے پریس کلب اپنے اپنے نام اپنا اپنا لیکن اتحاد قائم ہے اور یہ سب اپنے اپ کو صحافی ہی نہیں مانتے بلکہ دوسرے کے وجود کو بھی تسلیم کرتے ہیں اور اس اتحاد میں جو سب سے پہلے عہد کیا گیا ہے کہ ہم نے معاشرے کے ناسوروں کو ختم کرنا ہے ہم نے بلیک میلنگ کو ختم کرنا ہے ہم نے صحافت میں جعل سازی کو ختم کرنا ہے صحافت میں جو ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالتے ہیں ہم نے ایسا کام کرنے والوں کے خلاف جنگ لڑنی ہے جب تک ہمارے اپنے گھر مضبوط نہیں ہوں گے ہم معاشرے کی مضبوطی کے لیے بھی جنگ نہیں لڑ سکتے اور معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ یہ ایک اتحادی گروپ ہے تین صدور کا اپس میں بغل گیر ہونا تین پریس کلب کا اپس میں اتحاد کرنا اس بات کی دلیل تھی کہ صحافت مضبوط ہونے جا رہی ہے رقم نے پوری دلچسپی لیتے ہوئے ان تین پریس کلبوں کے متعلقہ سوچا اور اتفاق پریس کلب کے بانی محمد سلیمان قادری سے گفتگو کی اور ان سے پوچھا کہ اپ نے کیا سوچ کر اتنا بڑا قدم اٹھایا ہے وہیں پر اتفاق پریس کلب کے صدر بہلول مرتضی اور سیکرٹری جنرل بابر چودری بھی موجود تھے تو تینوں عہدے دوران نے دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم نے مثبت صحافت کو عام کرنا ہے ہم نے معاشرے میں بہتری لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہے ہماری اپس میں تو کوئی جنگ نہیں ہے تو پھر کیوں نہ ہم ایک جگہ یہ اکٹھے ہو کر معاشرے کی بہتری کے لیے کوئی بہتر کام کر جائیں اتفاق پریس کلب کے صدر ایک خوبرو اور ایک بااخلاق نوجوان تھے انہوں نے اپنی بات کو اگے بڑھاتے ہوئے کہا یہ کھاریاں شہر ہے اگر ہمارے بس میں ہو تو ہم پورے پاکستان میں جا کر یہ کمپین چلائیں کہ خدا کے واسطے صحافی ایک ہو جاؤ ایک گٹھ جوڑ کر کے پاکستان کی بہتری کے لیے کام کرو بڑی بے تابی کے ساتھ بہلول مرتضی اپنی بات کر رہے تھے کہ درمیان میں بابر چوہدری نے بات کو کاٹتے ہوئے معذرت کے ساتھ کہا قلم کے تقدس کو بحال رکھنا بڑا مشکل کام ہے اس دور میں یہ پیغمبروں کا شیوہ ہے اور اس کی پاکیزگی کو برقرار رکھنے کے لیے ہمیں دن رات جنگ لڑنی ہوگی تحصیل کھاریاں میں اتفاق پریس کلب نے اتفاق کی جو رسم ڈالی ہے انشاء اللہ تعالی اخری سانس تک کھاریاں پریس کلب اور گلیانہ پریس کلب کے ساتھ مل کر ہم بہتر کام کرتے ہوئے نظر ائیں گے محمد سلیمان قادری نے کہا کہ میں نے 2015 میں یہ پودا لگایا تھا اتفاق پریس کلب کی صورت میں اج الحمدللہ پنجاب پورا جانتا ہے کہ کھاریاں میں اتفاق پریس کلب ایک خوبصورت پریس کلب ہے اور کھاریاں پریس کلب کے صدر حاجی عبدالراؤف ان کے سرپرست اعلی حاجی ملک شبیر اعوان اور سیکرٹری جنرل افتاب نظر یا دیگر جتنے بھی عہدے دران ہیں سب کے سب تعاون کرنے والے ہیں اور ہم امید کرتے ہیں کہ انشاء اللہ تعالی یہ تعاون ہمیشہ جاری رہے گا اور رہی گلیانہ پریس کلب کی بات تو مصدق عزیز سے لے کر نیچے تک جتنی بھی صحافت وہاں پر موجود ہے نوجوان قیادت ہے اور مسائل کو سمجھنے والے لوگ ہیں اور انہوں نے ہمارے ساتھ مل کر جو عہد کیا ہے ہم اس عہد کو اخری سانس تک نبھانے کی کوشش کریں گے بانی محمد سلیمان قادری نے کہا کہ ہمارے سرپرست اعلی مدثر بٹ سرپرست گلزار نوشی چیئرمین شہزادہ سلیم خلجی اور دیگر عہدے دوران جو ہیں وہ سب کے سب ورکر لوگ ہیں اور ہمارے اس اتفاق میں ہمارے ساتھ اس قدر تعاون کیا ہوا ہے سب نے کہ ہم ایک اواز پر

سب مل کر کسی بھی معاملے کو وقت سے پہلے سلجھانے میں کامیاب ہو سکتے ہیں میں سوچ میں پڑ گیا کہ ایک چھوٹی سی تحصیل کھاریاں میں اتنا اتفاق ہے تو پھر یہ بڑے بڑے شہر کیوں نہیں ظالموں کے خلاف ڈٹ جاتے یہ کیوں نہیں اپس میں اتحاد اتفاق سے رہتے لیکن پھر اواز ائی نہیں اتفاق میں ہی اتفاق ہے شاید ان کے پاس کچھ اتفاق پریس کلب جیسا اتفاق نہیں ہے جس کو اٹھا کر یہ کھاریاں پریس کلب اور گلیانہ پریس کلب جیسے فراغ دل لوگوں کے پاس جائیں اور ان کی رضامندی سے اتفاق میں اتفاق ہو جائے لیکن میری دعا ہے کہ انے والے وقت میں ہر شہر میں ایسے لوگ دیکھے جائیں ایسا اتفاق دیکھا جائے ایسا پیار دیکھا جائے ایسا اتحاد دیکھا جائے اگر ایسا ہو گیا تو معاشرے کے ناسور کہیں کے بھی نہیں رہیں گے

---

# نصف افرادی قوت کی ترقی اور آر سی ڈی پی کا کردار

تحریر محمد مرتضیٰ کھوکھر

ابھی چند روز پہلے دنیا بھر میں خواتین کا عالمی دن منایا گیا۔ پاکستان میں دوسرے اداروں کی طرح رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرامز نے بھی خواتین کا عالمی دن منایا۔ یہ ادارہ صنف نازک کی معاشرتی ومعاشی اور سیاسی سطح پر حیثیت کو تسلیم کرتے ہوئے انہیں برابری کے حقوق اور یقینی تحفظ فراہم کرنے کا عزم اور تہیہ کرتا ہے۔ اگر میں ترقی یافتہ ممالک کی نصف افرادی قوت یعنی خواتین کی بات کروں تو انہوں نے نہ صرف عزم کیا بلکہ اس عزم کو عملی شکل بھی دی جس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ وہ ممالک ترقی یافتہ ممالک کی صف اول میں شامل ہیں اور نہ صرف ان کے مرد بلکہ خواتین بھی معاشرتی، معاشی اور سیاسی سرگرمیوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا چکی ہیں۔ لیکن اگر میں بات کروں پاکستانی معاشرے کی تو یہ عزم اپنے خواب کی تکمیل کی طرف رواں دواں ہے۔ حکومت پاکستان اور دیگر نان گورنمنٹ اداروں اور سول سوسائیٹیز کی کاوشوں کے نتیجے میں پاکستانی معاشرے میں خواتین کی ترقی کے حوالے سے کافی مثبت تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں۔ خواتین نے تعلیم، صحت، انجینئرنگ، میڈیا، انتظامیہ، اور سیاست جیسے شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ یہ ترقی حکومتی پالیسیوں، سول سوسائٹی کی کوششوں، اور خواتین کی خود اعتمادی کا نتیجہ ہے۔ مثال کے طور پر پاکستان میں خواتین کی تعلیم کے فروغ کے لیے کئی اقدامات کیے گئے ہیں۔ جس کے نتیجے میں لڑکیوں کے اسکول اور کالج میں داخلے کی شرح میں اضافہ ہوا ہے۔ اسی طرح، میڈیکل اور انجینئرنگ جیسے پیشہ ورانہ شعبوں میں خواتین کی شرکت نمایاں ہے۔ میڈیا کے شعبے میں بھی خواتین نے اپنی موجودگی کا احساس دلایا ہے۔ اور وہ صحافی، اینکر، اور پروڈیوسر کے طور پر اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ سیاست کے میدان میں بھی خواتین نے اپنی جگہ بنائی ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں خواتین نے وزیر اعظم اور وزیر اعلی جیسے اعلی عہدوں پر فائز ہو کر اپنی قیادت کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ اس کے علاوہ، مقامی سطح پر بھی خواتین نے انتظامی امور میں اہم کردار ادا کیا ہے، جیسے کہ اسسٹنٹ کمشنر اور دیگر انتظامی عہدوں پر کام کرنا۔ خواتین کو معاشی، سیاسی اور معاشرتی سطح پر ترقی یافتہ بنانے کے لیے جن اداروں کی جدوجہد جاری وساری ہے۔ ان میں آر سی ڈی پی یعنی رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ پروگرامز اور آر سی ڈی ایس یعنی رورل کمیونٹی ڈویلپمنٹ سوسائٹی بھی سر فہرست ہیں آر سی ڈی پی بنیادی طور پر ایک نان بینکنگ فنانسنگ کمپنی ہے جو خواتین کو معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لیے انہیں مائیکرو فنانسنگ جیسی سروسز مہیا کر رہی ہے۔ لیکن خواتین کی ترقی کا یہ سفر ابھی زیر تکمیل ہے۔ پاکستانی معاشرے میں اب بھی کئی چیلنجز موجود ہیں۔ جیسے کہ صنفی عدم مساوات، خواتین کے خلاف تشدد، اور معاشی مواقع تک رسائی میں رکاوٹیں اور ان سب چیلنجز کی وجوہات کئی طرح کی ہیں مثلا سب سے بڑی اور اہم وجہ جو ہماری نصف افرادی قوت کے ضیاع کا باعث بن رہی ہے وہ ہمارا معاشرتی رویہ ہے جس میں ہم لوگوں نے یہ سماجی رویہ اپنا رکھا ہے کہ فلاں کام خواتین کے لیے مخصوص ہے اور فلاں کام صرف مرد ہی کر سکتے ہیں مثلا خواتین تو صرف اچھا کھانا ہی پکا سکتی ہیں یا پھر بچوں کی دیکھ بھال ہی ان کے ذمہ ہے۔ یا پھر خواتین اچھی لیڈر شپ کوالٹی کی حامل نہیں ہوتی، مرد ہی بہترین کاروباری صلاحیتوں کے حامل ہو سکتے ہیں۔ عورتوں کی نسبت مرد مضبوط اور بہتر فیصلہ کرنے کی قابلیت رکھتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔ جس کی وجہ سے ہماری نصف آبادی معاشرتی تعمیری سرگرمیوں سے دور ہے۔ آج بھی ہمارے ملک کے پسماندہ علاقوں اور طبقات میں صنفی عدم مساوات دیکھنے کو ملتا ہے۔ مثلا بیٹے کی تعلیم پر زیادہ توجہ دینا اسے اعلی تعلیم کے لیے دوسرے شہروں میں بھیجنا اور بیٹی کی تمام صلاحیتوں کا دبا دیا جانا کہ یہ اب دوسرے شہر میں گھر سے دور جا کر رہے گی لوگ کیا کہے گئے۔ بس اتنا کافی کہ یہ یہ کچھ پڑھنے لکھنے کے قابل ہو جائے اس کی شادی ہی تو کرنی ہے وغیرہ وغیرہ۔ لیکن اگر کوئی صنف نازک اپنے حق کے لیے جنگ کرتے ہوئے یہ مرحلہ عبور کر بھی لے تو پھر بھی ضروری نہیں کہ وہ معاشرتی وتعمیری سرگرمیوں میں اپنا کمال دیکھا سکے کیونکہ وہ یہ سب اپنے سسرال اور شوہر کی منشا کے مطابق ہی کر سکتی ہیں۔ بہت سی ایسی خواتین جو قابل ڈاکٹر اور بہت سی خواتین اعلی صلاحیتوں کی حامل ہیں لیکن وہ معاشرے میں اپنا وہ کردار ادا نہیں کر پاتی جو وہ کر سکتی ہیں یا کرنا چاہتی ہیں۔ اور اس سے بھی بڑھ کر ستم یہ ہے کہ جو اپنی یہ جنگ بھی جیت کر عملی میدان میں اترتی ہیں ان کو الگ سے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ جس کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بہت سی خواتین ان مسائل سے گھبرا کر گھروں میں ہی مقید ہو جاتی ہیں۔ ہماری نصف افرادی قوت کی تعمیری سرگرمیوں میں حائل ایک بڑی رکاوٹ ذرائع آمدورفت اور نقل وحمل کی مسائل ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ کسی بھی تعمیری اور معاشی سرگرمیوں سے دور رہتی ہیں۔ اسی چیلنج کی وجہ سے وہ تعلیم کے میدان سے لیکر معاشی ومعاشرتی سرگرمیوں سے کوسوں دور ہیں۔ خواتین مارکیٹ لنکس میں بھی کئی طرح کے مسائل اور عدم مساوات کا شکا رہتی ہیں اور اسی بنا پر مردوں کے مقابلے میں بہت کم آمدنی حاصل کر پاتی ہیں۔ اجرت پر کام کرنے والی خواتین اپنی محنت کے عوض بہت کم کما پاتی ہیں۔ ادارے کی کئی خواتین کلائنٹس کا یہ کہنا ہے کہ وہ گھروں میں کپڑا بیچنے کے لیے لاہور کی نامور مارکیٹ سے کپڑا خریدتی ہیں ان میں سے کئی خواتین کا کہنا ہے کہ اس مارکیٹ میں کئی دوکانیں ایسی ہیں جن کے مالک کہتے ہیں کہ وہ خواتین کو ڈیل نہیں کرتے اس سے بڑی عدم مساوات کی زندہ مثال میں کیا بتاؤں کہ مارکیٹ جہاں سے انہوں نے اپنے کاروبار کے لیے مال خریدنا اور آگے بیچنا ہوتا ہے وہاں وہ عدم مساوات کا شکار کر دی جائے۔ اس عدم مساوات کی وجہ سے آج کے ترقی یافتہ اور گلوبل ویلج میں ہماری نصف افرادی قوت پر کئی اثرات مرتب ہو رہے ہیں مثلا نہ صرف عالمی بلکہ ریجنل سطح پر بھی خواتین کی شرح ترقی ہمارے ہمسایہ ممالک سے کئی گنا کم ہیں۔ ورلڈ بنک کی ایک رپورٹ جو پاکستانی خواتین کا معیشت میں کردار پر لکھی جا چکی ہے اس میں بتایا گیا ہے کہ پاکستانی خواتین موجودہ دور کی جدید تعلیم اور ٹیکنالوجی سے سے آراستہ نہیں ہیں۔ جس کی وجہ یہ ہے کہ 10 میں سے صرف 4 خواتین کے پاس موبائل ہیں اور ان میں سے 2 فیصد وہ ہیں جو انٹرنیٹ یا ٹیکنالوجی کے لیے نہیں بلکہ صرف کال سننے یا کرنے کے لیے ہیں اسی طرح سے 55 ملین پاکستانی خواتین ان بینکڈ یعنی بنکوں تک رسائی ہی نہیں رکھتی۔ اور جو تھوڑی بہت ہیں وہ ڈیجیٹل بنکنگ سے کوسوں دور ہیں۔ تقریبا 8 ملین خواتین وہ ہیں جو بغیر معاوضہ کے کام کر رہی ہیں۔ تین میں سے ہر ایک خاتون اسی وجہ سے اپنے آپ کو سماجی جگہوں پر غیر محفوظ محسوس کر رہی ہوتی ہے کیونکہ عورت جب کمزور ہوتی ہے تو اس کو ہراساں کرنے کی ہمت ہر کوئی رکھتا ہے۔ زیادہ تر دیہات میں خواتین اپنے نام پر کوئی پراپرٹی رجسٹر نہیں کروا سکتی تمام خاندان کی پراپرٹی گھر کے مرد کے نام ہی رجسٹر ہوتی ہے۔ وہ اپنے والدین کی پراپرٹی کی حصہ دار نہیں بن سکتی۔ ان سب کا حل یہ ہیں کہ خواتین کا مضبوط کیا جائے کہتے ہیں کہ عورت مضبوط تر تبھی محفوظ تر۔ اور مضبوط عورت وہی عورت ہوتی ہے جو معاشی طور پر مضبوط ہوتی ہے۔ تو اس کے لیے ہمیں یہ کرنا ہوگا کہ ہم آج کے دن عہد کرئے کہ ہم نہ صرف اپنے اپنے گھروں میں بلکہ ہر سطح پر جہاں جہاں ہمارا خواتین کی ترقی میں کردار ہو سکتا ہے اس کو بخوبی نبھائیں۔ اس کے لیے اگر میں آر سی ڈی پی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کے طور پر اپنا اور اپنے ادارے اور سٹاف کی کاوشوں کو سراہوں تو بہت اچھا ہوگا۔ سب سے پہلا جو ہمارا کردار ہے وہ مرد وعورت کے معاملات میں اپنے سماجی رویوں کو بدلنا ہیمثلا مرد یہ کام کر سکتا اور عورت یہ کام نہیں کر سکتی وغیرہ وغیرہ۔ مجھے ایک مرتبہ سپین جانے کا اتفاق ہوا۔ وہاں سیرو سیاحت کے دوران جب ایک مقام پر رکے تو کیا دیکھا کہ ہمارے قیام کے دوران تین سے چار 72 ویلر کار گوٹرالے آ کے رکے اور ان میں سے سات یا آٹھ نوجوان لڑکیاں نکلی میرے میزبان دوست نے مجھے بتایا کہ لڑکیاں جن کی عمر لگ بھگ 23 سے 25 سال کے درمیان تھیں ان کار گوٹرالوں کی ہیلپرز اور ڈرائیور ہیں

---

# "عورت ایک حسین حقیقت"



تریاق

سفینہ سلیم

sweetleo443@gmail.com

عورت ایک خوبصورت حقیقت ہے، جس کی ہر پہچان ایک منفرد اور حسین رنگ میں ڈوبی ہوئی ہے۔ اس کی ذات میں بے شمار خصوصیات اور صفات پوشیدہ ہیں، جو نہ صرف فطرت کے حسین رنگوں کی مانند ہیں بلکہ معاشرتی اور روحانی ترقی کی علامت بھی ہیں۔ عورت کا کردار زمین وآسمان کی خوبصورتی میں بسی ہوئی ہے۔ وہ کبھی سرسبز وادیوں کی طرح تازگی ہے، کبھی چاندنی رات کی نرم روشنی ہے۔ اس کا وجود فطرت کی ہر لطافت میں شامل ہے، جیسے بہار کی ہوا، جھیل کی نرم لہریں، اور پھولوں کی خوشبو۔ وہ نرگس کے پھولوں کی طرح چمکتی ہے، تتلیوں کی طرح آزاد اور بے فکر، اور گلابوں کی طرح خوشبو سے مسحور کرتی ہے۔

عورت کا رشتہ مختلف رنگوں، خوشبوؤں اور احساسات سے جڑا ہوا ہے۔ وہ نرم ونازک، مگر بے حد مضبوط اور عزم وحوصلے کی مالک بھی ہے۔ جیسے کہ اس کی نظر، اس کا جسم، اس کی چال، ہر قدم میں محبت اور حسن کا جلوہ نظر آتا ہے۔ اس کی آواز میں سرور اور دل کو سکون دینے والی تاثیر ہے۔ عورت کی حیثیت اور وقار ہر حیثیت میں منفرد ہے۔ وہ ماں کی صورت میں دنیا کے سب سے عظیم رشتہ کی صورت اختیار کرتی ہے، بیٹی کے طور پر وہ گھر میں محبت کی ایک کرن ہوتی ہے، بیوی کی حیثیت میں وہ ایک سچے رشتہ کی مضبوط بنیاد ہوتی ہے، اور بہن کی صورت میں وہ خاندان کی محبت کا مرکز ہوتی ہے۔ اس کا ہر رشتہ اپنی جگہ بہت اہم ہے اور ہر حیثیت میں اس کی محبت، قربانی اور جدوجہد کی کوئی حد نہیں۔

عورت کا جوش، جوانی، ترنم اور روپ نہ صرف اسے دنیا کے جمالیاتی عنصر میں شامل کرتے ہیں، بلکہ وہ معاشرتی زندگی میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے اندر بے شمار راز، محبت اور الفت چھپی ہوئی ہے، جو اس کی موجودگی کو ہر جگہ ایک مخصوص سکون اور اطمینان عطا کرتی ہے۔ عورت کے بغیر گھر نامکمل اور ویران لگتا ہے عورت کی حرمت اور عزت کا تحفظ ہر معاشرتی نظام کی بنیاد ہے۔ وہ ہر حالت میں اپنے ایمان، عفت، اور شرافت کو بلند رکھتی ہے، اور اپنی حیثیت کا پتا اس کے کردار اور اعمال سے چلتا ہے۔ جب وہ معاشرے میں نکلتی ہے اسے بہتر پتہ ہوتا ہے کہ اس حد تک کس کے قریب ہونا ہے اور کتنا کس پر اعتماد کرنا ہے۔ عورت نہ صرف فطرت کی حسین تخلیق ہے، بلکہ وہ معاشرتی توازن کی محافظ بھی ہے۔ اس کے بغیر دنیا کا حسن مکمل نہیں ہوسکتا۔ عورت کی اہمیت کو نظر انداز کرنا نہ صرف معاشرتی بگاڑ کا باعث بنتا ہے بلکہ روحانیت اور اخلاقی سطح پر بھی ایک بہت بڑی کمی کا سبب بنتا ہے۔ اسی طرح، عورت کا کردار زندگی کے ہر شعبے میں نمایاں ہے۔ اس کی تعلیم، محنت، اور عزم سے معاشرتی ترقی ممکن ہے۔ وہ ہر میدان میں اپنی جگہ بناتی ہے، چاہے وہ گھریلو زندگی ہو یا پیشہ ورانہ، ہر جگہ اس کی محنت اور قربانیوں کا اثر دکھائی دیتا ہے۔

عورت کا پورا وجود ایک معجزہ ہے، جو قدرت کی سب سے حسین تخلیق کا جزو ہے۔ وہ اپنے اندر محبت، عزم، اور قوت کا ایک سمندر سمیٹے ہوئے ہے۔ اس کی محبت میں بے شمار رنگ اور گہرائیاں ہیں، جو نہ صرف انسانیت کی بقا کا پیغام دیتی ہیں بلکہ وہ معاشرتی رشتہ داریوں میں بھی ایک مضبوط کڑی کی مانند ثابت ہوتی ہے۔ عورت وہ عظیم ہستی ہے جو نہ صرف کسی بھی خاندان کا محور ہوتی ہے بلکہ ساری انسانیت کی فلاح و بہبود میں اس کا کردار ناگزیر ہے۔ عورت کا مقام حقیقتاً بہت عظیم ہے اور اس کی اہمیت کو کسی بھی معاشرتی، ثقافتی یا روحانی تناظر میں کم نہیں کیا جا سکتا۔ اس کی روحانیت، محبت، قربانی، اور جدوجہد اس کے وجود کو ایک لافانی حقیقت بنا دیتی ہے۔ عورت میں ایک غیر معمولی قوت اور عزم ہوتا ہے، جو اسے ہر میدان میں کامیاب بنانے کی صلاحیت دیتا ہے۔ وہ جب عزم کر لیتی ہے تو دنیا کی کوئی طاقت اس کی راہ میں رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ اس کی قوت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ ایک ہی وقت میں ماں، بیوی، بیٹی، بہن، اور دوست بن کر مختلف کردار ادا کرتی ہے اور ہر کردار میں اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتی ہے۔

عورت کی قربانیاں بے شمار ہوتی ہیں۔ وہ اپنے خاندان کی خوشیوں کے لئے اپنی خواہشات کو ترک کر دیتی ہے، اور اس کی محبت بے مثال ہوتی ہے۔ ماں کے روپ میں وہ اپنے بچے کی پرورش کرتی ہے، بیوی کے طور پر اپنے شوہر کا سہارا بنتی ہے، اور بہن کی صورت میں اپنے بھائی کی مددگار ہوتی ہے۔ اس کی محبت میں بے لوثی اور بے پناہ قربانی ہوتی ہے، جو کسی بھی لفظ میں بیان کرنا مشکل ہے۔ عورت کے اندر ایک گہرا احساس ہوتا ہے جو ہر رشتہ میں اسے عظمت بخشتا ہے۔ وہ اپنے جذبات، احساسات اور خواہشات کو بہت سنجیدگی سے سمجھتی ہے اور انہیں بہت محبت سے جھیلتی ہے۔ اس کے جذبات میں شدت اور نرمی کا حسین امتزاج ہوتا ہے۔ وہ جہاں سخت حالات میں بھی اپنا حوصلہ نہیں ہارتی، وہیں محبت کے ہر لمحے کو پوری دلجمعی کے ساتھ محسوس کرتی ہے۔ اس کے اندر خود اعتمادی اور خودداری کا ایسا حسین توازن ہوتا ہے، جو اسے ہر صورت میں مضبوط بناتا ہے۔ وہ کسی بھی تعلق میں اپنی عزت اور خود مختاری کا خیال رکھتی ہے، اور اپنی محبت کو اس کے قابل بناتی ہے۔ اس کی ہر حرکت، ہر بات میں ایک گہرا حسن اور جذبات کی پاکیزگی ہوتی ہے جو اسے منفرد بناتی ہے۔ عورت صرف فرد کے طور پر نہیں، بلکہ معاشرے کی کامیاب تشکیل کیلئے بھی اہم ہے۔ وہ کسی بھی قوم کی ترقی اور فلاح کیلئے بہت ضروری ستون ہے۔ وہ اپنے کردار اور محنت کے ذریعے معاشرتی تبدیلیاں لانے کی صلاحیت رکھتی ہے۔ عورت جب تعلیم حاصل کرتی ہے تو وہ نہ صرف خود کو بلکہ پورے معاشرے کو نیا رخ دیتی ہے۔ ایک عورت کی زندگی میں عزم وہمت اور محبت کا جتنا حصہ ہوتا ہے، اتنا ہی وہ اپنے آس پاس کے لوگوں کی زندگیوں میں بھی مثبت تبدیلیاں لاتی ہے۔ وہ اپنے گھر سے باہر نکل کر اپنے معاشرتی حقوق کی پاسداری کرتے ہوئے اپنے خیالات اور رائے کا آزادانہ اظہار کرتی ہے۔ وہ کبھی خود کو کمتر نہیں سمجھتی، بلکہ خود کو اس دنیا کی سب سے عظیم تخلیق سمجھ کر اپنی عزت نفس کو قائم رکھتی ہے۔ عورت کی جسمانی خوبصورتی بھی ایک لازوال حقیقت ہے۔ لیکن اس کا حسن صرف ظاہری نہیں ہوتا، بلکہ اس کی اندرونی خوبصورتی، اس کا کردار، اس کی ذہانت، اس کی سخاوت، اور اس کی محبت اس کو حقیقت میں بے مثال بناتی ہیں، اس کا حسن ہر حالت میں اپنی ایک الگ ہی شان رکھتا ہے، چاہے وہ کسی مشکل سے جوجھ رہی ہو یا اپنی خوشیوں میں محو ہو۔ عورت کا ہر قدم، ہر نظر، ہر مسکراہٹ ایک پیغام دیتی ہے کہ دنیا میں محبت اور حسن کی کوئی حد نہیں ہے۔

عورت کا رشتہ خدا کے ساتھ بھی ایک نہایت اہم اور مقدس رشتہ ہوتا ہے۔ وہ اپنے ایمان، اپنی دعا اور اپنی عبادت کے ذریعے اپنے روحانی سفر کو بہتر بناتی ہے۔ اس کی زندگی میں ایک خاص سکون اور اطمینان ہوتا ہے جو اسے اپنی عبادات اور تعلقات کے ذریعے حاصل ہوتا ہے۔ وہ خدا کی رضا کی کوشش کرتی ہے، اور اس کے دل میں ہر وقت خدا کی عظمت اور شکر گزاری کا جذبہ ہوتا ہے۔ عورت ایک عظیم اور باوقار ہستی ہے جس کا معاشرتی، ثقافتی اور روحانی کردار بے حد اہم ہے۔ وہ زندگی کے تمام شعبوں میں اہم ترین کردار ادا کرتی ہے، چاہے وہ ماں ہو، بیوی ہو، بہن ہو، یا بیٹی۔ قرآن اور حدیث میں بھی عورت کو عزت اور مقام دیا گیا ہے۔

قوت
SHOWBIZ

SiriusXM
gettyimages
Credit: Jason Koerner

فلوریڈا: کومیامی بیچ، فلوریڈا میں SiriusXM اسٹوڈیوز میں فوٹوشوٹ کروا رہی ہیں

# اداکارہ نیلم منیر نے زندگی کی 33 بہاریں دیکھ لیں

دبئی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ نیلم منیر آج اپنی 33 ویں سالگرہ منا رہی ہیں، ہر دلعزیز اداکارہ نیلم منیر نے زندگی کی 33 بہاریں دیکھ لی ہیں۔ نیلم منیر کے ہمسفر محمد راشد نے اہلیہ کی سالگرہ کے موقع پر اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹ انسٹاگرام پر محبت بھری اسٹوری شیئر کی ہے جسے اداکارہ نے اپنے اکاؤنٹ پر ری شیئر کیا ہے۔ محمد راشد نے اہلیہ کو سالگرہ کی مبارکباد دیتے ہوئے ان سے محبت کا اظہار کیا ہے، اداکارہ کے شوہر نے اپنی انسٹا اسٹوری میں اہلیہ کو اپنی دنیا قرار دیتے انہیں اپنے لیے خوشی اور راحت کا باعث قرار دیا ہے۔ محمد راشد نے اپنی حسین اہلیہ کی خوبصورتی کی تعریف کی ہے اور ان کے مستقبل کے لیے دعائیں اور نیک تمناں کا اظہار کیا ہے۔ اداکارہ نے رواں سال کے آغاز میں دبئی کے رہائشی محمد راشد سے شادی کی تھی۔

# کرکٹر یوزویندر چاہل اور انکی سابق اہلیہ کے درمیان طلاق کی تفصیلات سامنے آگئیں

ممبئی (این این آئی) بھارتی کرکٹر یوزویندر چاہل اور انکی سابق اہلیہ کوریوگرافر (رقاصہ) دھناشری ورما کے درمیان ہونے والی طلاق کی تفصیلات سامنے آگئی ہیں جس کے مطابق یوزویندر چاہل دھناشری ورما کو پونے پانچ کروڑ روپے ادا کرنے پر راضی ہوگئے ہیں۔ واضح رہے کہ ان دونوں کی 2020 میں شادی ہوئی تھی تاہم گزشتہ لگ بھگ ایک برس سے یہ الگ رہتے تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق یوزویندر چاہل ایک مستقل مینٹیننس) شادی ختم ہونے پر شوہر کی جانب سے بیوی کو ادا کی جانے والی رقم (پر مبنی رقم ادا کرنے پر تیار ہوگئے ہیں اور وہ اس مد میں پونے پانچ کروڑ روپے دھناشری ورما کو دینگے۔ بتایا جاتا ہے کہ اس رقم میں سے دو کروڑ 37 لاکھ روپے وہ پہلے ہی ادا کر چکے ہیں، جبکہ بقیہ رقم ادا نہ کرنے کو فیملی کورٹ کے حکم کی خلاف ورزی سمجھا جائے گا۔ اس سے قبل متعدد رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ دھناشری ورما نے اس مد میں 60 کروڑ روپے طلب کیے تھے، تاہم بعد میں دھناشری کے خاندان نے اسے غلط قرار دیا تھا۔

allbl
gettyimages
Credit: Derek

اٹلانٹا، جارجیا میں ریگل اٹلانٹک اسٹیشن پر "ڈارون" کے ریڈ کارپٹ پریمیئر میں شرکت کر رہی ہیں

gettyimages
Credit: Don Arnold

سڈنی، آسٹریلیا میں "گائز اینڈ ڈولز" سڈنی اوپننگ نائٹ ریڈ کارپٹ کے دوران پوز دیتی ہوئی

# فراڈ کیس میں عدالت کا اداکارہ نازش جہانگیر کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

## اداکارہ نے شوبز انڈسٹری میں مواقع فراہم کرنے کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے اور قیمتی گاڑی ہتھیالی، اسود ہارون کا الزام

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ نازش جہانگیر کے خلاف فراڈ اور امانت میں خیانت کے سنگین الزامات پر وارنٹِ گرفتاری جاری کر دیے گئے۔ لاہور کی کینٹ کچہری کے جوڈیشل مجسٹریٹ نے نازش جہانگیر کے خلاف امانت میں خیانت، فراڈ اور دھمکیاں دینے کے الزامات کے تحت وارنٹِ گرفتاری جاری کیے ہیں۔ عدالت نے پولیس کو اداکارہ کو گرفتار کر کے 22 مارچ کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔ یہ مقدمہ لاہور کے علاقے ڈیفنس کے رہائشی اسود ہارون کی درخواست پر درج کیا گیا ہے، جنہوں نے الزام عائد کیا ہے کہ اداکارہ نے شوبز انڈسٹری میں مواقع فراہم کرنے کا جھانسہ دے کر ان سے لاکھوں روپے اور قیمتی گاڑی ہتھیا لی۔ اسود ہارون کا مزید کہنا ہے کہ جب میں نے اپنی رقم اور گاڑی کی واپسی کا مطالبہ کیا تو مجھے ایک فارم ہاس میں بلایا گیا، جہاں مسلح افراد نے یرغمال بنا کر تشدد کا نشانہ بنایا اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دیں۔ عدالت نے مقدمے کی سماعت کے بعد اداکارہ نازش جہانگیر، سکندر خان اور دیگر ملزمان کے خلاف وارنٹِ گرفتاری جاری کیے ہیں اور پولیس کو جلد از جلد گرفتاری عمل میں لا کر ملزمان کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ تاحال اداکارہ نازش جہانگیر کی جانب سے اس معاملے پر کوئی بیان سامنے نہیں آیا ہے۔

# عامر خان اور ودیا بالن کی نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم سے ملاقات

## ملاقات میں فلم پروڈیوسر سدھارتھ رائے کپور، رونی اسکریووالا اور اداکار و ڈائریکٹر آشوتوش گواریکر بھی شامل تھے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار عامر خان اور اداکارہ ودیا بالن نے نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم سے ملاقات کی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نیوزی لینڈ کے وزیر اعظم کرسٹوفر لکسن بھارت کے دورے پر آئے ہوئے تھے، ملاقات میں فلم پروڈیوسر سدھارتھ رائے کپور، رونی اسکریو والا اور اداکار و ڈائریکٹر آشوتوش گواریکر بھی شامل تھے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ملاقات میں بھارتی فلم انڈسٹری اور نیوزی لینڈ کی انڈسٹری کے درمیان تعلقات کو بڑھانے پر بات چیت کی گئی۔ اس ملاقات کے حوالے سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم نے ذاتی طور پر ان مشہور شخصیات کو مدعو کیا تھا۔ بعدازاں نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم نے ملاقات کی تصویر سوشل میڈیا پر بھی شیئر کی اور لکھا کہ فلمیں ہماری معیشت میں پیسے اور روزگار کے مواقع پیدا کرتی ہیں اور میں اس حوالے سے مزید کچھ دیکھنا چاہتا ہوں۔ انہوں نے لکھا کہ ہم مزید کیا کر سکتے ہیں اس حوالے سے بالی ووڈ کے چند ستاروں سے ان کے خیالات جان کر بہت اچھا لگا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم کرسٹوفر لکسن 16 سے 20 مارچ تک بھارت کے دورے پر تھے۔

قوت
SPORTS
PAKISTAN
PAKISTAN

لاہور: وزیر کھیل پنجاب ملک فیصل ایوب کھوکھر نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# مسلسل شکستوں سے گھبرانا نہیں ہے، کرکٹ بورڈ حکام کا فیصلہ

## سینئرز کے ساتھ بھی ہار رہے تھے نئے پلیئرز اگر ابھی نتائج نہ دے سکے تو آئندہ تو کام آسکتے ہیں، پی سی بی کا اتفاق

''گھبرانا نہیں ہے'' کا فیصلہ کر لیا ہے اور تنقید سے کسی دباؤ میں آئے بغیر نوجوان کھلاڑیوں کو مواقع دینے کا سلسلہ جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئنز ٹرافی میں مایوس کن کارکردگی کے بعد قومی سلیکٹرز نے نیوزی لینڈ سے ٹی ٹوئنٹی سیریز میں کئی نوجوان کھلاڑیوں کو مواقع دیے ہیں، بابر اعظم اور محمد رضوان جیسے سینئرز اسکواڈ کا حصہ نہیں بن سکے۔ قیادت سلمان علی آغا نے سنبھالی ہوئی ہے، پہلے ٹی ٹوئنٹی میں 91 رنز پر ڈھیر ہونے والے گرین شرٹس کو 9 وکٹ سے بدترین شکست کا سامنا کرنا پڑا، دوسرے میچ میں 5 وکٹ سے ناکامی ہاتھ آئی۔ اس دوران نئے کھلاڑیوں کی کارکردگی مایوس کن رہی، حسن نواز دونوں میچز میں صفر کی خفت کا شکار رہی، عرفان خان 1 اور 11 رنز بنا سکے، عبدالصمد 7 اور 11 رنز تک محدود رہے، پہلے میچ کے پاور پلے میں پاکستان نے 4 وکٹ پر 14 جبکہ دوسرے میں 2 وکٹ پر 48 رنز بنائے، یہ میچ بارش کی وجہ سے 15 اوورز فی اننگز تک محدود کیا گیا، اس میں 41 ڈاٹ بالز (تقریباً 7 اوورز) شامل ہیں۔ اس کارکردگی کے بعد نوجوان کھلاڑیوں کی صلاحیتوں پر سوال اٹھنے لگے ہیں، البتہ پی سی بی نے تنقید کو نظرانداز کرتے ہوئے نئے ٹیلنٹ کو ہی آزمانے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق لاہور میں منعقدہ اجلاس کے دوران قومی ٹیم کی کارکردگی پر بھی غور کیا گیا، اس موقع پر شرکا نے کہا کہ ہم جدید کرکٹ کھیلنے کے معاملے میں بہت پیچھے ہیں۔

Tetra Pak
Tetra Pak
Tetra Pak
1

اسلام آباد: یونائیٹڈ کی پی ایس ایل 10 کے لیے شرٹ کو دیکھا رہے ہیں

# پاکستان کی ٹیکن 8 ایونٹ میں جنوبی کوریا کیخلاف تاریخی کامیابی

## ٹیکن 8 ایونٹ میں تاریخی کامیابی حاصل کر کے ٹیکن 8 ای اسپورٹس میں جنوبی کوریا کا دیرینہ تسلط ختم کر دیا

سیول (زیڈ این این) پاکستانی ٹیم نے جنوبی کوریا میں منعقد ہونے والے ٹیکن 8 ایونٹ میں شاندار کامیابی حاصل کر کے دنیا کی سب سے مضبوط ٹیکن ٹیم ہونے کا اعزاز اپنے نام کر لیا۔ پاکستان کی ایک ٹیم نے اس ہفتے سیول میں منعقد ہونے والے ٹیکن 8 ایونٹ میں تاریخی کامیابی حاصل کر کے ٹیکن 8 ای اسپورٹس میں جنوبی کوریا کا دیرینہ تسلط ختم کر دیا۔ اس ٹورنامنٹ کے آغاز میں پاکستانی ٹیم کو سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑا اور پہلے دن ہونے والے 3 میچز میں شکست ہوئی لیکن ای اسپورٹس کے شوقین قومی کھلاڑیوں نے ہمت نہیں ہاری اور شاندار کم بیک کرتے ہوئے دوسرے اور تیسرے دن زبردست کارکردگی دکھا کر چیمپئن شپ اپنے نام کر لی۔ فائنل راؤنڈ میں پاکستان کا سامنا میزبان جنوبی کوریا کی مایہ ناز ٹیم سے ہوا جو ٹیکن میں اپنی مہارت اور جارحانہ حکمتِ عملی کے لیے مشہور ہے۔ پاکستانی ٹیم نے سخت مقابلے کے باوجود غیر معمولی حکمتِ عملی اور مہارت سے نئی تاریخ رقم کر دی اور اس گیم پر قائم جنوبی کوریا کے دیرینہ تسلط کو ختم کر دیا۔ یہ شاندار کامیابی اس بات کو ظاہر کرتی ہے کہ پاکستانی صرف روایتی کھیلوں کے میدان میں ہی نہیں بلکہ ای اسپورٹس میں بھی پیچھے نہیں رہے۔

# ٹی 20 رینکنگ جاری، آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ نمبر 1 بیٹر، ویسٹ انڈیز کے باؤلر اکیل حسین کا پہلا نمبر

دبئی (زیڈ این این) آئی سی سی کی جانب ٹی ٹوئنٹی پلیئرز رینکنگ جاری کر دی گئی، جس کے مطابق بلے بازوں آسٹریلیا کے ٹریوس ہیڈ اور بولرز میں ویسٹ انڈیز کے اکیل حسین کا پہلا نمبر ہے۔ بیٹرز میں پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم ایک درجہ تنزلی کے بعد 8 ویں نمبر پر چلے گئے جبکہ محمد رضوان کا بیٹرز کی رینکنگ میں نواں نمبر ہے۔ نیوزی لینڈ کے ٹم سائفرٹ 20 درجے ترقی کے بعد 13 ویں نمبر پر آگئے، نیوزی لینڈ کے فن ایلن 8 درجے ترقی کے بعد 18 ویں نمبر پر آگئے۔ بولرز کی فہرست کی بات کی جائے تو ٹاپ 20 میں بھی کوئی پاکستانی بولر شامل نہیں ہے۔ فاسٹ بولر حارث رؤف چار درجے ترقی کے بعد 26 ویں نمبر پر موجود ہیں جبکہ شاہین آفریدی 6 درجے تنزلی کے بعد 30 ویں نمبر پر چلے گئے۔ نیوزی لینڈ کے جیکب ڈفی 23 درجے ترقی کے بعد 12 ویں نمبر پر آگئے۔ آل راؤنڈرز میں بھارت کے ہاردیک پانڈیا کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ پاکستان کے اسٹار بیٹر بابر اعظم ایک درجہ تنزلی کے بعد 8 ویں نمبر پر چلے گئے، محمد رضوان کا بیٹرز کی رینکنگ میں نواں نمبر

# ویمن کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائرز، قومی ویمن کرکٹرز کا تربیتی کیمپ لاہور میں لگے گا

لاہور (زیڈ این این) آئی سی سی ویمن کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائرز کے سلسلے میں پاکستان کی ویمن کھلاڑیوں کا 10 روزہ تربیتی کیمپ لاہور میں لگے گا، کھلاڑیوں کو فوری رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ آئی سی سی ویمن کرکٹ ورلڈ کپ کوالیفائر کے سلسلے میں پاکستان کی ویمن کھلاڑیوں کا 10 روزہ تربیتی کیمپ لاہور میں لگے گا، کھلاڑی مقامی ہوٹل میں رپورٹ کرنے کے بعد جمعے سے ٹریننگ کا آغاز کریں گی۔ کرکٹرز ہیڈ کوچ محمد وسیم کی زیر نگرانی میں تربیتی کیمپ میں حصہ لیں گی، کھلاڑی مقامی ہوٹل میں رپورٹ کرنے کے بعد آج ٹریننگ کا آغاز کریں گی، فوری رپورٹ کی ہدایت کیمپ میں خواتین کھلاڑیوں کو اسکلز بڑھانے کی ٹریننگ دی جائے گی کیمپ میں فٹنس کے ساتھ فیلڈنگ، بولنگ اور بیٹنگ کی پریکٹس کرائی جائے گی، جبکہ خواتین کھلاڑیوں کے درمیان پریکٹس میچز بھی ہوں گے۔ ویمنز پلیئرز کا کیمپ 30 مارچ تک جاری رہے گا۔ کھلاڑی مقامی ہوٹل میں رپورٹ کرنے کے بعد آج ٹریننگ کا آغاز کریں گی، فوری رپورٹ کی ہدایت

# چیمپئنز ٹرافی، بھارتی ٹیم کیلئے 1 ارب 88 کروڑ 21 لاکھ سے زائد انعام کا اعلان

## انعامی رقم کھلاڑیوں، کوچنگ اور سپورٹ اسٹاف کے علاوہ سلیکشن کمیٹی کے اراکین میں بھی تقسیم کی جائے گی

نئی دہلی (زیڈ این این) بھارت کے اسٹار کرکٹر روہت شرما کی کپتانی میں آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی جیتنے والی بھارتی ٹیم کیلئے بورڈ نے بڑی انعامی رقم کا اعلان کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے چیمپئنز ٹرافی جیتنے والی ٹیم کیلئے 58 کروڑ بھارتی روپے (یعنی پاکستانی روپوں میں 1 ارب 88 کروڑ 21 لاکھ سے زائد) انعامی رقم کا اعلان کیا ہے۔ بھارتی بورڈ کی جانب سے اعلان کردہ انعامی رقم کھلاڑیوں، کوچنگ اور سپورٹ اسٹاف کے علاوہ سلیکشن کمیٹی کے اراکین میں بھی تقسیم کی جائے گی۔ انعامی رقم کے اعلان کے موقع پر بی سی سی آئی کے صدر روجر بنی نے کہا کہ آئی سی سی ایونٹ جیتنا خاص لمحہ تھا، انعام کا مقصد کھلاڑیوں سمیت سپورٹ کی حوصلہ افزائی کرنا ہے تاکہ انکی محنت کو تسلیم کیا جا سکے۔ واضح رہے کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی میں بھارتی ٹیم نے ناقابل شکست رہتے ہوئے ٹائٹل اپنے نام کیا تھا، ابتدائی گروپ راؤنڈ میں بھارت نے بنگلا دیش، پاکستان اور نیوزی لینڈ کو شکست دی اور سیمی فائنل میں آسٹریلیا کو ہرایا بعدازاں کیویز کو فائنل میں بھی شکست سے دوچار کر کے تیسری بار ٹرافی اپنے نام کی۔

# کھلاڑیوں کو آرام دینا چاہیے، چاہے وہ بابر اعظم ہو یا کوئی اور، شاہد آفریدی

Tetra Pak
Tetra Pak
Tetra Pak
Tetra Pak

اسلام آباد: ٹیٹرا پاک پاکستان اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے حکام پی ایس ایل سیزن 10 کے لیے اپنی جاری شراکت کے بارے میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

## عثمان خان اور محمد حسنین جیسے باصلاحیت کرکٹرز کو موقع نہیں دیا جا رہا، بینچ پر بٹھا رکھا ہے: سابق کپتان

لاہور (زیڈ این این) سابق ٹیسٹ کپتان شاہد خان آفریدی نے قومی کرکٹ ٹیم میں ردوبدل پر شدید تنقید کرتے ہوئے دورہ نیوزی لینڈ کے لیے سلیکشن پر تیر برسا دیے۔ مقامی ہوٹل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خان آفریدی نے کہا کہ مسلسل کرکٹ کھیلنے سے کھلاڑی تھکاوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں، کھلاڑیوں کو آرام دینا چاہیے۔ چاہے وہ بابر اعظم ہو یا پھر کوئی اور ہو۔ دس سے گیارہ فرسٹ کلاس کھیلنے والوں کو دورہ نیوزی لینڈ پر بھیج دیا گیا۔ شاہد خان آفریدی نے پاکستان ٹیم کی سلیکشن پر بھی سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جہاں اسپنر کی ضرورت تھی وہاں پیسر بھر دیے۔ اپنے دور کے معروف بیٹسمین، سابق ٹیسٹ کپتان اور بیٹنگ کوچ محمد یوسف کھلاڑیوں کو آف اسپن بولنگ پر کھیلنا سکھا رہے ہیں، پاکستان ٹیم کے لیول پر سکھایا نہیں جاتا۔ عثمان خان اور محمد حسنین جیسے باصلاحیت کرکٹرز کو موقع نہیں دیا جا رہا، کافی عرصے سے ان کھلاڑیوں کو بینچ پر بیٹھا رکھا ہے۔ ہر وکٹ پر دو سو اسکور نہیں ہو سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کرکٹ کو صرف مستقل کوچ ہی نہیں بلکہ پی سی بی کو بھی ایک مستقل چیئرمین کی ضرورت ہے۔ سابق کپتان نے کہا کہ بابر اعظم کو کپتانی کے بھرپور مواقع دیے گئے، یہ اچھا اقدام تھا۔ دوسری جانب محمد رضوان کو صرف چھ ماہ کی کپتانی سونپی گئی۔ پاکستان میں ٹیلنٹ بہت ہے ضائع بھی اس ہی حساب سے ہو رہا ہے۔

ONE NATION
ONE PASSION
pcb.c

لاہور: چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ کے مشیر عامر میر، چیف فنانشل آفیسر جاوید مرتضیٰ کے ہمراہ قذافی اسٹیڈیم میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# صنعت وتجارت نیوز

# معیشت نامہ

## یوم پاکستان کے موقع پر میونسپل کمیٹی نارنگ میں پروقار تقریب کا انعقاد

### میونسپل آفیسر بشریٰ نفیسہ نے پرچم کشائی کی: پاکستان زندہ باد کے نعرے

PAKISTAN
Resolution Day
202

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) یوم پاکستان کے موقع پر میونسپل کمیٹی نارنگ میں پروقار تقریب کا انعقاد پرچم کشائی اور ریلی نکالی گئی جس میں میونسپل ریگولیشن آفیسر میڈم بشریٰ نفیسہ بلدیہ ملازمین نجی سکول کے بچوں اور اساتذہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا جس کے بعد ریلی نکالی گئی جس میں شرکاء نے ملی نغمے گا کر وطن سے محبت کا اظہار کیا اس موقع پر میونسپل آفیسر بشریٰ نفیسہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یوم پاکستان ہمیں آزادی کیلئے کی گئی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے ہمارے اکابرین اور آباؤ اجداد نے آزادی کے حصول کیلئے لازوال قربانیاں دیں ہمیں چاہیے کہ ہم قومی یکجہتی اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کریں نوجوان نسل جدید تعلیم سے آراستہ ہو تاکہ دنیا میں ملک پاکستان کا نام روشن ہو ریلی کے شرکاء نے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے ریلی میں شریک نجی سکول کے بچوں نے قومی ہیروز کو خراج تحسین پیش کیا۔

## یوم پاکستان ہمیں بزرگوں کی آزادی کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے: علی شہزاد اسلم

### وطن عزیز کیلئے قربانیاں دینے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں: سیاسی وسماجی شخصیت

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) یوم پاکستان ہمیں آزادی کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے یہ تجدید عہد کا دن ہے کہ ہم وطن عزیز کی سربلندی وقار اور بقاء کی خاطر کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے ملک کی بقاء ہی قوم کی بقاء ہے 23 مارچ 1940 کو قرداد پاکستان منظور ہوئی ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان پر اللہ تعالی کا خاص کرم ہے یہاں پر قدرت کے انمول تحفوں کی بھرمار ہے یہ دنیا میں کسی جنت سے کم نہیں ہے ان شاء اللہ پاکستان رہتی دنیا تک قائم ودائم رہے گا اس کی بہتری اور تعمیر وترقی کیلئے آخری سانس تک کوشش کرتے رہیں گے اس کے تحفظ اور دفاع کیلئے قوم کا بچہ بچہ ہمیشہ تیار ہے وطن عزیز کیلئے قربانیاں دینے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

## سانگلہ ہل انجمن طلباء اسلام اور المصطفی ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے حسب روایت یوم علی کرم اللہ وجہہ الکریم جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) سانگلہ ہل انجمن طلباء اسلام اور المصطفی ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے حسب روایت یوم علی کرم اللہ وجہہ الکریم جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا تفصیلات کے مطابق انجمن طلباء اسلام اور المصطفی ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام یوم علی کرم اللہ وجہہ الکریم انتہائی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا یہ تقریب ننکانہ صاحب کی تحصیل سانگلاہل کے ایک نجی ہال میں منعقد ہوئی جس میں مرکزی جنرل سیکرٹری مصطفائی تحریک پاکستان حافظ قاسم مصطفائی ضلعی صدر صاحبزادہ سعید احمد انصاری مصطفائی تحریک پروفیسر ڈاکٹر نواز کنول ڈویژنل نائب صدر رانا جماعت علی مصطفائی تحریک ضلعی صدر المصطفی ویلفیئر سوسائٹی میاں ضیاء المصطفی قادری اور نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ میڈیا کوآرڈینیٹر مصطفائی تحریک ڈسٹرکٹ ننکانہ صاحب سمیت علاقے بھر کی کثیر تعداد نے شرکت کی اس تقریب کی صدارت پیر سید قمر الدین گیلانی سجادہ نشین آستانہ عالیہ ڈوگری شریف نے کی اس موقع پر شرکاء کا کہنا تھا کہ مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کی ذات اقدس مسلمانوں کے لیے روشنی کا منبع ہے کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کا میں مولا اس کا علی مولا علی کا نام لینا اور مولا علی کرم اللہ وجہہ الکریم کا چہرہ دیکھنا بھی عبادت ہے۔

## عید قریب آتے ہی مہنگائی کو پر لگ گئے: شہری پریشان

### عید کی خریداری کرنے گئے شہریوں کا رش دیکھ کر منافع خوروں کے منہ میں پانی آ گیا

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) عید قریب آتے ہی مہنگائی کو پر لگ گئے انتظامیہ کی مبینہ ملی بھگت سے منافع خوری عروج پر انتظامیہ نے اشیائے خوردونوش اور سبزی وپھل فروشوں کو کھلی چھوٹ دے دی شہری عید کی خریداری کرنے بازاروں میں پہنچ گئے رش دیکھ کر منافع خوروں کے منہ میں پانی بھر آیا منہ مانگی قیمتیں وصول کی جا رہی ہیں انتظامیہ منافع خوری پر قابو پانے میں بری طرح ناکام نظر آ رہی ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انتظامیہ مبینہ طور پر منافع خوروں کے ساتھ ملی ہوئی ہے عوام کیلئے کوئی ریلیف نہیں ہے متعلقہ ادارے خاموشی سے تماشہ دیکھ رہے ہیں شہریوں نے اپیل کی ہے کہ منافع خوری پر قابو پانے کیلئے انتظامیہ حرکت میں آئے اور ضروریات زندگی کی اشیاء سستے داموں فراہم کی جائیں تاکہ بدترین مہنگائی کے دور میں عید کی خوشیاں دیکھ سکیں۔

## 23 مارچ یوم پاکستان، ہم مسلمان ایک قوم ہیں اسی میں ہماری بقا ہے: صاحبزادہ عاصم حبیب

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب ظفروال کے بانی اور پیٹرن چیف الحاج صاحبزادہ محمد عاصم حبیب سلہریا نے یوم پاکستان پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ ہم پنجابی پختون بلوچ اور سندھی بعد میں پہلے ایک قوم مسلمان ہیں یہی دوقومی نظریہ ہے اسی کی بنیاد پر پاکستان بنا۔ یہی قرارداد پاکستان تھی۔ جو 23 مارچ 1940 کو منظور ہوئی اسی کی بنیاد پر تحریک پاکستان چلی۔ اسی نظریے پر اقبال اور قائداعظم نے جدوجہد کی۔ اسی بنیاد پر لاکھوں لوگوں نے ہجرت کی اسی بنیاد پر لاکھوں جانوں کی قربانیاں دی گئیں۔ یہ نظریہ ہی ہماری قومی حیات ہے۔ یہی نظریہ ہماری بقا کا ضامن ہی۔ اگر ہم دشمن کے دام فریب میں آ کر پنجابی بلوچی سندھی پختون اور کشمیری سوچ میں تقسیم ہو گئے تو پھر پاکستان کی بنیاد کمزور ہو جائے گی۔ صرف پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الا اللہ کا نعرہ ہی ہمیں بچا سکتا ہے۔

## چنیوٹ: یوم پاکستان ملی جوش وجذبے اور شایان شان طریقے سے منایا گیا

### اس سلسلے میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع چنیوٹ میں یوم پاکستان ملی جوش وجذبے اور شایان شان طریقے سے منایا گیا اس سلسلے میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میونسپل کمیٹی کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل طلحہ سعید، اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ اشفاق رسول، چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مظفر بیگ، نمائندہ ڈی پی او ڈی ایس پی انویسٹی گیشن محمد ظفر اور دیگر افسران کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا۔ پنجاب پولیس کے چاق وچوبند دستے نے سلامی پیش کی، بینڈ کی دھنوں پر قومی ترانہ پڑھا گیا اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی، امن وسلامتی، قومی یکجہتی کے لئے خصوصی دعا اور تحریک پاکستان کے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔ ڈپٹی کمشنر نے اہل وطن کو یوم پاکستان کی مبارکباد دی اور میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ کا اہم اور یادگار دن تحریک پاکستان میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اس روز قرارداد پاکستان منظور کی گئی، قیام پاکستان کے خواب کو حقیقت کا روپ ملا اور قائداعظم محمد علی جناح کی بصیرت افروز قیادت میں آزاد پاکستان حاصل کیا گیا۔ یوم پاکستان مناتے وقت پوری قوم کی طرف سے تعمیر پاکستان کے عزم کی تجدید کرکے ترقی اور خوشحالی کی جانب تیزی سے آگے بڑھنے کا پیغام دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مستقبل کے معماروں سے کہا کہ وہ وطن عزیز کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنانے کے لئے اپنے حصے کا جاندار کردار ادا کریں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ یوم پاکستان ہمیں متحد ہو کر وطن کی خدمت کا درس دیتا ہے جس کو کبھی نہیں بھولنا اور شہری ترقی کے مراحل میں اپنے حصے کا کردار ادا کرنا ہے۔ دیگر افسران نے کہا کہ یوم پاکستان مناتے ہوئے ہمیں اپنے عہد کو مزید پختہ کرنا ہے کہ قومی یکجہتی، باہمی محبت، اخوت اور بھائی چارے کو فروغ دیکر وطن عزیز کو عظیم سے عظیم تر بنائیں گے۔ قبل ازیں دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کی خصوصی دعاؤں سے ہوا جبکہ تحریک پاکستان کے شہداء کے لئے قرآن خوانی کی گئی۔ اسی طرح یوم پاکستان کی تقریبات کے سلسلے میں تعلیمی اداروں میں مختلف پروگرام منعقد ہوئے جبکہ سیاسی، سماجی ومذہبی اور کاروباری تنظیموں نے بھی یوم پاکستان کے حوالے سے مختلف تقریبات منعقد کیں۔ یوم پاکستان کے موقع پر ضلع بھر کی تحصیلوں میں بھی اسی نوعیت کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ دریں اثناء ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل نے گورنمنٹ ہائی سکول مندر روڈ میں یوم پاکستان سیمینار میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر طالب علموں نے ملی نغمے پیش کیے۔

## مرحوم جاوید اختر بھٹی کے ایصال ثواب کیلئے چوک کھاریاں چونیاں میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح

چونیاں (تحصیل رپورٹر) پانی پلانا سب سے بڑا صدقہ جاریہ ہے اور پانی کسی نعمت سے کم نہیں۔ چوک کھاریاں والا چونیاں میں یاسر جاوید بھٹی نے اپنے والد مرحوم جاوید اختر بھٹی کے ایصال ثواب کے لئے چوک کھاریاں چونیاں میں واٹر فلٹریشن پلانٹ کا افتتاح اپنی والدہ محترمہ کے دست مبارک سے کیا۔ اس واٹر فلٹریشن پلانٹ سے اہل محلہ اور اہل علاقہ چوبیس گھنٹے مستفید ہوں گے۔ اللہ کریم اپنی بارگاہ میں ماہ رمضان میں یہ صدقہ جاریہ اپنے حضور قبول ومنظور فرمائے۔ آمین

## قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ کے زیر اہتمام پروقار تقریب

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی چنیوٹ کے زیر اہتمام 23 مارچ قرارداد پاکستان کے حوالے سے ایک پروقار تقریب زیر صدارت سٹی صدر محمد مرید سلطان ٹوانہ وضلعی نائب صدر مہر دستگیر نیکوکارہ منعقد ہوئی تقریب میں قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے پریس سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھڑارہ نے خصوصی شرکت کی اس موقع پر ڈسٹرکٹ انفارمیشن سیکرٹری ملک احسان الہی حسرت سٹی سینئر نائب صدر زر محمد خان سماجی کارکن ڈاکٹر وحید گجر سمیت دیگر عہدیداران وممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی اجلاس کے دوران قومی امن کمیٹی بین المذاہب ہم آہنگی پنجاب کے سیکرٹری شیخ محمد عثمان بھڑارہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 23 مارچ کا دن پاکستان کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اس دن قرارداد پاکستان منظور کی گئی اور پھر پاکستان وجود میں آیا انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے دوران بے شمار قربانیاں ہوئی اس کے بعد ہمارا پیارا وطن وجود میں آیا شہدا کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا علامہ محمد اقبال اور قائداعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز قیادت نے ہمارا ملک وجود میں آیا ہم پاکستان کی سلامتی اور بقا کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے سٹی صدر ملک مرید سلطان ٹوانہ ودیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے پاک افواج اور شہدا کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اجلاس کے اختتام پر زر محمد خان نے ملکی سلامتی پاک فوج کے شہدا کیلئے خصوصی دعا کروائی

## 2 اوباشوں نے گن پوائنٹ پر لڑکی کو زبردستی اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں دو اوباشوں نے گن پوائنٹ پر لڑکی کو زبردستی اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 26 فور اے ایل کی رہائشی بیوہ رانی بی بی کی 18 سالہ بیٹی گھر میں اکیلی تھی کہ اچانک اسلحہ سے مسلح اوباش اسحاق اور غلام حسین اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ گھر میں داخل ہوئے اور اسلحہ کے زور پر لڑکی اٹھا کر لے گئے جہاں اسحاق اور غلام حسین نے جان سے مارنے کی دھمکی دیکر گن پوائنٹ پر اسے باری باری اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنا دیا اس کے کپڑے پھاڑ دیئے۔

## پتوکی تشدد کے باعث شوہر کے ہاتھوں بیوی کا قتل

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی تشدد کے باعث شوہر کے ہاتھوں بیوی کا قتل۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز تھانہ سٹی پتوکی کی حدود الٰہی بخش ٹاؤن میں نور محمد کا اپنی 38 سالہ بیوی نسیم بی بی پر تشدد کے باعث خاتون جانبحق ہو گئی پولیس کے مطابق خاتون بچیکی کی رہائشی ہے مقتولہ 5 بچوں کی ماں ہے۔ پولیس نے کرائم سین سے ضروری ثبوت اکٹھے کر لیے۔

## مٹی سے لدی تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے سڑک کنارے کھڑے دو نوجوانوں کو کچل دیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مٹی سے لدی تیز رفتار ٹریکٹر ٹرالی نے سڑک کنارے کھڑے دو نوجوانوں کو کچل دیا دونوں نوجوان موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جاں بحق ہونے والوں میں 16 سالہ نعمان اور 13 سالہ ریحان شامل دونوں کا تعلق گلوٹیاں خورد سے ہے ریسکیورز نے دونوں لاشیں سول ہسپتال ڈسکہ منتقل کر دیں صدر پولیس نے ڈرائیور ابراہیم اور رضوان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔

## سوہاوہ پولیس نے 13 سالہ لڑکے کو اجتماعی بدفعلی کا نشانہ بنانے والے تین اوباش ملزمان گرفتار کر لیے

جہلم (بیورو رپورٹ) سوہاوہ پولیس نے 13 سالہ لڑکے کو اجتماعی بدفعلی کا نشانہ بنانے والے تین اوباش ملزمان گرفتار کر لیے ملزمان نے یکم مارچ کو معصوم بچے کو ایک گھر میں لے جا کر باری باری بدفعلی کا نشانہ بنایا بلیک میل ہونے پر متاثرہ لڑکے نے 17 مارچ کو گھر میں والد کو بتایا تفتیشی افسر نے ڈی این اے کے لیے نمونے لاہور لیبارٹری بھجوا دیے دوسری جانب ملزمان نے جرم کا اعتراف کر لیا تاہم۔ مزید تفتیش جاری ہے

## تھانہ صدر مریدکے کے بدمست اہلکاروں کا سینئر صحافی کے گھر پر دھاوا

### بوڑھی بیوی خاتون کے ساتھ بدتمیزی گھر کے گیٹ توڑ دیے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تھانہ صدر مریدکے پولیس کے بدمست اہلکاروں کا شہر کے مرحوم سینئر ترین صحافی کے گھر دھاوا، بوڑھی بیوہ خاتون کے ساتھ بدتمیزی کرتے ہوئے بیرونی گیٹ توڑتے ہوئے اندر داخل ہو گئے علاقہ بھر کی صحافی برادری اور سول سوسائٹی کا احتجاج اور چادر چار دیواری کا تقدس پامال کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ قتل کے ملزم کی گرفتاری کے لیے غلط گھر میں داخل ہو گئے پولیس کا موقف تفصیل کے مطابق تھانہ صدر مریدکے پولیس نے ایس ایچ او ثمر عباس اور چوکی انچارج افضل ڈھلوں کے ہمراہ تھانہ سٹی کے علاقہ گلشن ظفر کالونی میں شہر کے سینئر مرحوم صحافی ملک محمد شریف اعوان کے گھر پر افطاری کے فوری بعد دھاوا بول دیا اور بیرونی آہنی گیٹ توڑ کر گھر میں داخل ہو گئے گھر میں موجود سینئر مرحوم صحافی کی عمر رسیدہ بیوہ کے ساتھ بدتمیزی کرتے ہوئے پورے گھر کی تلاشی لی اور کمروں میں رکھا سامان الٹ پلٹ دیا اکیلی بوڑھی خاتون کراہتے ہوئے بپھرے اہلکاروں سے چادر اور چار دیواری کا تقدس پامال کرنے کی وجہ پوچھتی رہی مگر اختیارات کے نشے میں چور اہلکار پورے گھر کو کھنگالنے کا فریضہ سرانجام دیتے رہے واقعہ کی اطلاع پر شہر بھر کی صحافی برادری نے سخت غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے احتجاج کیا اور انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے شریف شہریوں کی پگڑیاں اچھالنے والے اہلکاروں کے خلاف سخت کارروائی کا مطالبہ کیا مقامی پریس کلب نارنگ مریدکے کی طرف سے ڈی پی او اور آر پی او شیخوپورہ، آئی جی پنجاب کو درخواستیں ارسال کر دی گئی ہیں اور ذمہ داران کے خلاف کارروائی نہ کرنے پر پنجاب بھر میں بھرپور احتجاج کا اعلان کیا ہے بدمست پولیس اہلکاروں کا موقف ہے کہ وہ قتل کے ملزم کی گرفتاری کے لیے گئے تھے مگر غلطی سے مرحوم صحافی ملک شریف اعوان کے گھر داخل ہو گئے۔

## گورنمنٹ ہائی سکول ظفروال میں یوم پاکستان کی پروقار تقریب کا انعقاد

### 23 مارچ پاکستان کی تاریخ کا سنگ میل ہے، تعلیمی ترقی کے بغیر مضبوط پاکستان کا خواب ممکن نہیں: اسسٹنٹ کمشنر شبانہ نذیر

ظفروال (زاہد چوہدری سے) یوم پاکستان کی مناسبت سے گورنمنٹ ہائی سکول ظفروال میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں اسسٹنٹ کمشنر ظفروال نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) زاہد پرویز، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آصف مسعود سمیت دیگر تعلیمی شخصیات اور اساتذہ نے بھی شرکت کی۔ اس تقریب کا انعقاد ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی نارووال کے زیر اہتمام کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد قومی ترانہ بجایا گیا اور پرچم کشائی کی گئی۔ طلبہ نے ملی نغمے، تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے، جن میں قرارداد پاکستان 1940 کی تاریخی اہمیت اور قیام پاکستان کے لیے دی گئی قربانیوں کو اجاگر کیا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ظفروال نے کہا کہ 23 مارچ پاکستان کی تاریخ میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور اس دن ہمیں تجدید عہد کرنا چاہیے کہ ہم ملک کی ترقی واستحکام کے لیے اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائیں گے۔ انہوں نے نوجوان نسل کو تعلیم، محنت اور دیانتداری کو اپنا شعار بنانے کی تلقین کی۔ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (ایلیمنٹری) زاہد پرویز نے تعلیم کو ملکی ترقی کا بنیادی ستون قرار دیتے ہوئے کہا کہ اساتذہ اور والدین کا کردار نئی نسل کو قومی ترقی کے لیے تیار کرنے میں کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر آصف مسعود نے اپنے خطاب میں کہا کہ محنت، دیانت اور حب الوطنی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے بنیادی اصول ہیں، جنہیں اپنانا ہر شہری کی ذمہ داری ہے۔ تقریب کے اختتام پر ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ تمام شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ پاکستان کو ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنانے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

## 46 گردواروں کی بحالی کے منصوبے پر آغاز کر دیا گیا ہے

### اسی طرح 70 سالوں سے بند گردوارہ بابے دی بیری صاحب کو کھولنے کے بعد مقامی سنگت کے سپرد کر دیا ہے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب میں قیام پاکستان کے بعد بند پڑے 46 گردواروں کی بحالی کے منصوبے پر آغاز کر دیا گیا ہے، اسی طرح 70 سالوں سے بند گردوارہ بابے دی بیری صاحب کو کھولنے کے بعد تالاب بابے کی بیری صاحب سے قبضہ ختم کروا کر اس کو مقامی سنگت کے سپرد کر دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے 12 سالانہ سماگم گردوارہ بابے دی بیری صاحب میں جاری بھوگ صاحب کی ارداس میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور نے سکھوں کے مقدس تالاب بیری صاحب کو قبضہ مافیا سے واگذار کروانے پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گردوارہ بابے بیری صاحب کو سکھوں کا بین الاقوامی استھان بنانا چاہتے ہیں تاکہ سکھوں کو کوئی بھی بین الاقوامی سنگت پاکستان آئے تو وہ لاہور، نارووال، پنجہ صاحب یا ننکانہ صاحب آئے تو سیالکوٹ میں بابا گرونانک کی سیالکوٹ میں یادگار بیری صاحب گردوارہ پر ماتھے ٹیکنے ضرور آئیں۔ جس سے سیالکوٹ میں مذہبی سیاحت کو فروغ حاصل ہوگا اور سیالکوٹ کی معاشی سرگرمیوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج 23 مارچ ہے جس روز ایک ایسی فلاحی ریاست کے قیام کی قرارداد منظور کی گئی جس میں مسلمانوں سمیت تمام اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ میاں نواز شریف کے ویژن کے مطابق پاکستان میں اقلیت اور اکثریت میں کوئی فرق نہیں۔

CRIME & COURT
جرم وسزا

## عارفوالا میں یوم شہادت مولا علی کا جلوس جاری

### پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی ہدایت پر جلوس کی سیکیورٹی کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان جاری

عارفوالا (امیر احمد خان سے) عارفوالا میں یوم شہادت مولا علی کا جلوس جاری۔ پولیس کی جانب سے سیکیورٹی کے سخت انتظامات ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی ہدایت پر جلوس کی سیکیورٹی کے لیے فول پروف سیکیورٹی پلان جاری پاکپتن پولیس کے 550 افسران واہلکاران سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جلوس کے داخلی وخارجی راستوں سمیت اطراف میں بھی پولیس کی بھاری نفری تعینات جلوس کی انٹری پوائنٹس پر میٹل ڈیٹیکٹر اور واک تھرو گیٹس سے چیکنگ جاری جلوس کے راستے سے ملحقہ چھتوں پر پولیس سنائپر تعینات شہر میں پولیس گشت جاری ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کے لیے سڑکوں پر ٹریفک پولیس پاکپتن کی نفری تعینات ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے جلوس کا وزٹ کیا اور سیکیورٹی انتظامات کو چیک کیا۔

## مناظر اسلام سرمایہ ملت جعفریہ کے زیر انتظام مجلس عزاء بعنوان ذبح عظیم کا پرسہ منعقد ہوگی

سالانہ مجلس عزا
ذبح عظیم کا پرسہ
26 رمضان المبارک
قلعہ میاں سنگھ
براستہ اعوان چوک ضلع گوجرانوالہ
وکیل ولائیت
علامہ تقی عباس جوئیہ
لاہور
LIVE
0300 4256910

شکرگڑھ (عمران عارف سے) مناظر اسلام سرمایہ ملت جعفریہ علامہ سید ریاض حسین رضوی کے زیر انتظام 27 مارچ 26 رمضان بروز جمعرات 12 بجے دن تا افطار قلعہ میاں سنگھ گوجرانوالہ مجلس عزاء بعنوان ذبح عظیم کا پرسہ منعقد ہوگی۔ ملک بھر کے نامور علماء وذاکرین خطاب کریں گے۔ وکیل ولائیت علامہ تقی عباس جوئیہ 2 بجے سہ پہر خصوصی خطاب کریں گے۔ صدر انتظامیہ علامہ امجد علی علوی شاگرد خاص علامہ ریاض حسین رضوی ہوں گے۔

## مصطفی آباد: پولیس تھانہ مصطفی آباد نے 8 سالہ بچی کو والد کے حوالے کر دیا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد نے 8 سالہ بچی کو والد کے حوالے کر دیا، 8 سالہ بچی والد کے ساتھ راشن لینے گئی اور گم ہو گئی تھی، پولیس تھانہ مصطفی آباد میں مقدمہ درج کر کے بچی کو تلاش کر لیا، والدین کی پولیس کو دعائیں، تفصیلات کے مطابق وزیر اعلیٰ پنجاب وآئی جی پنجاب کے ویژن کے مطابق قصور پولیس کا بچھڑوں کو اپنوں سے ملانے کا سلسلہ جاری، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری نے لاپتہ ہونے والی 8 سالہ مریم کو مسلسل محنت اور قلیل وقت میں ڈھونڈ کر با حفاظت والد کے حوالے کر دیا، گزشتہ روز ڈونا کی رہائشی عذرا بی بی نے تھانہ مصطفی آباد میں اپنے گم ہونے والی 8 سالہ بچی کی درخواست دی جس پر ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری نے فوری طور پر مقدمہ درج کر کے بچی کی تلاش شروع کر دی، ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد نے اپنی ٹیم کے ہمراہ مصطفی آباد اور گردونواح کے گلی محلوں، چوکوں چوراہوں سمیت دیگر مقامات پر تلاش کرتے ہوئے کمسن بچی کو رات گئے ایک نجی کالونی سے تلاش کرنے میں کامیابی حاصل کر لی، والدین نے بچی کے ملنے پر ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد سید ثقلین بخاری، ان کی ٹیم اور قصور پولیس کو دعائیں دی، ایس ایچ او سید ثقلین بخاری نے کہا کہ بطور ایس ایچ او عوام کی خدمت میرا فرض ہے۔

## پتوکی غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور ایل پی جی گیس ریفلنگ کا دھندہ کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور ایل پی جی گیس ریفلنگ کا دھندہ کرنے والوں کے خلاف مقدمات درج۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پولیس تھانہ سٹی پتوکی کا غیر قانونی گیس ری فلنگ اور منی پٹرول پمپس کے خلاف کریک ڈاؤن پولیس تھانہ سٹی پتوکی نے ایس ایچ او انسپکٹر عابد محمود چھینہ کی سربراہی میں رنگے ہاتھوں متعدد ملزمان گرفتار کرتے ہوئے 2 غیر قانونی منی پٹرول پمپس اور 3 غیر قانونی LPG گیس ری فلنگ کا غیر قانونی دھندہ چلانے والوں کے خلاف مقدمات درج کر لئے اور انکے قبضہ سے ملنے والی غیر قانونی مشینیں بطور وجہ ثبوت قبضہ میں لے لیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ منی پٹرول پمپس اور LPG ری فلنگ کے سبب کئی جانیں ضائع ہو چکی ہیں۔ علاقہ تھانہ سٹی پتوکی میں غیر قانونی دھندہ سے ملوث تمام ملزمان کی گرفتاری تک آپریشن جاری رہے گا۔

## جہلم ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور مستحق مریضوں کو ادویات کی خریداری میں سخت مالی مشکلات کا سامنا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے سے غریب اور مستحق مریضوں کو ادویات کی خریداری میں سخت مالی مشکلات کا سامنا ادویات کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے متوسط طبقہ بھی بے حد پریشان کوئی پرسان حال نہیں شہریوں کی وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کی اپیل تفصیلات کے مطابق موجودہ حکومت کی طرف سے ادویات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے سے غریب اور مستحق مریضوں کو ادویات کی خریداری میں شدید مالی مشکلات کا سامنا ہے مختلف بیماریوں میں مبتلا مریض اپنی ادویات کی خریداری کے لیے گھریلو سامان تک بیچنے پر مجبور گزشتہ دو ماہ سے ادویات کی قیمتوں میں سو سے دو سو فیصد تک کا اضافہ کر دیا گیا غریب اور مستحق مریض اپنی جانوں کو بچانے کے لیے قرضہ لینے پر مجبور ادویات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے نے عوام خصوصاً غریب طبقے کے لیے مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔ وزارت صحت کی جانب سے ادویات کی قیمتوں میں اضافے کی اجازت کے بعد، بیمار افراد کے لیے ضروری ادویات خریدنا مشکل ہو گیا ہے

## معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول وکموڈیٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ کا ساہیوال کا تفصیلی دورہ

### ڈپٹی کمشنر آفس میں رمضان نگہبان پیکج، پرائس کنٹرول اور رمضان سہولت بازار کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب برائے پرائس کنٹرول وکموڈیٹیز مینجمنٹ سلمیٰ بٹ کا ساہیوال کا تفصیلی دورہ، ڈپٹی کمشنر آفس میں رمضان نگہبان پیکج، پرائس کنٹرول اور رمضان سہولت بازار کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ ڈپٹی کمشنر شاہد محمود، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کیپٹن (ر) اسامہ مجید، اے ڈی سی جنرل نیاز احمد مغل، اے سی رانا اورنگزیب سمیت مختلف محکموں کے ضلعی افسران نے بھی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے معاون خصوصی وزیر اعلیٰ پنجاب سلمیٰ بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہیں، رمضان نگہبان پیکج مستحق افراد کی حقیقی خدمت کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پہلی بار ایسا دیکھنے میں آیا ہے کہ 10 ہزار روپے پے آرڈرز کو مستحقین کی دہلیز تک پہنچایا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان نگہبان پیکیج 30 ارب روپے کا ایک جامع امدادی منصوبہ ہے۔

## ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں

### ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی ہدایات پر ضلع بھر کے چرچ ہائے پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق ساہیوال پولیس اقلیتوں کے تحفظ کے لیے کوشاں، اقلیتی برادری کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان کی ہدایات پر ضلع بھر کے چرچ ہائے پر سیکورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ سیکورٹی انتظامات کو چرچ ہائے پر اضافی نفری اور سیکورٹی Gadgets کے ذریعے مزید فول پروف بنایا گیا ہے۔ ڈی پی او ساہیوال رانا طاہر رحمن خان نے جملہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو ہدایت کی ہے کہ اپنے اپنے چرچ ہائے کا وزٹ کر کے نفری کو چیک/بریف کریں اور سیکورٹی انتظامات کا جائزہ لے کر رپورٹ دیں، سیکورٹی ڈیوٹی انتہائی الرٹ چوکس ہو کر کریں چرچ ہا※ کے آس پاس سے گزرنے والوں پر کڑی نظر رکھیں۔ چرچ میں آنے والوں کی تلاشی کو یقینی بنائیں۔

## حافظ محمد اسماعیل اور حافظ محمد عثمان کی حفظ قرآن مجید کی تکمیل کی تقریب

### اس موقع پر حاضرین نے اساتذہ اور والدین کو حفظ قرآن کی تکمیل کی مبارکباد پیش کی

دیپالپور (مرزا فاروق احمد سلفی سے) گلشن محمود وانور جامعہ محمودیہ تعلیم القرآن شاہی جامع مسجد دیپالپور میں گزشتہ روز دو طلباء حافظ محمد اسماعیل بن محمد منشاء اور حافظ محمد عثمان بن نور احمد نے حفظ قرآن مجید کی تکمیل کی۔ جمعۃ المبارک کے عظیم اجتماع میں حضرت شاہ جی دامت برکاتہم کو اپنا آخری سبق سنایا اس موقع پر حاضرین نے اساتذہ اور والدین کو حفظ قرآن کی تکمیل کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اللہ کریم ان طلباء کو دین کے داعیوں والی صفات سے نوازے۔ اور دین کی خدمت کے لیے قبول فرمائے آمین اس موقع پر خطیب ابن خطیب ابن انور فخر السادات حضرت مولانا پیر سید انظر محمود بخاری مدیر ادارہ بڈا، ضلعی جنرل سیکرٹری اوکاڑہ جمعیت علمائے اسلام پاکستان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اس عظیم کتاب قرآن مجید کی حفاظت کا خود ذمہ لیا ہے اور اسکی حفاظت کے لئے ان ننھے منے طلباء کے سینوں میں محفوظ کر دیا۔ اور یہ جنت کے پھول ہیں۔ قیامت میں حافظ قرآن کے والد کے سر پر سونے کا تاج سجایا جائے گا جس کی روشنی آفتاب سے بھی کئی گنا زیادہ ہوگی۔ اور حافظ قرآن کے خاندان سے دس آدمیوں کے بارے میں سفارش قبول کی جائے گی جو مسلمان کلمہ گو ہوں گے لیکن اپنے گناہوں کی کثرت کی وجہ سے جن پر جہنم واجب ہو چکی ہوگی انکو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

## افطار کے وقت مرغن غذا سے پرہیز کیجیے: حکیم ظہیر الاحسن قریشی

### دواخانہ سعیدیہ قومی خدمت سے سرشار ہے۔ حکیم صہیب عادل قریشی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) رمضان المبارک میں فوڈ پوائزننگ ودیگر امراض کی بنیادی وجہ سحر اور خصوصاً افطار کے وقت مرغن ومصالحہ دار چکنائی والی غذاؤں اور ٹھنڈے مشروبات کا حد سے زیادہ استعمال ہے اس کے تدارک کیلئے اول تو افطار کے وقت اس سے پرہیز کرتے ہوئے کھجور وپانی اور دودھ کیساتھ افطار کیا جائے دوسرے نماز کی ادائیگی کے آدھ گھنٹہ بعد تازہ سادی غذا استعمال کی جائے۔ روزہ کی حالت میں معدہ ہیٹ میں ہوتا ہے اور اچانک مرغن پکوان وٹھنڈے مشروبات کا حد سے زیادہ استعمال ضعف معدہ پیٹ کے جملہ امراض کا موجب بنتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار سینکڑوں سالہ قدیمی دواخانہ سعیدیہ کے مہتمم قبلہ بڑے حکیم صاحب جناب ظہیر الاحسن قریشی وصاحبزادہ حکیم صہیب عادل قریشی نے سینئر صحافیوں کیساتھ خصوصی نشست کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ دواخانہ سعیدیہ جذبہ حب الوطنی سے سرشار الحمدللہ اپنے جد امجد کی اعلیٰ انسان دوست روایات کا امین ہے اور ہم شعبہ طب جو قومی خدمت سے سرشار مخلوق اللہ کی بھلائی کیلئے کوشاں ہیں۔

## پنجاب حکومت جیلوں میں قید اسیران کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے کوشاں ہے: میاں عمیر اکرام

### جیل کیچن میں اسیران کو دیئے جانیوالے کھانے کے معیار کو باقاعدگی سے چیک کیا جاتا ہے

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار راؤ شہزاد کا سینئر صحافی سعید احمد بھٹی کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل قصور کا وزٹ، سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل قصور میاں عمیر اکرام سے جیل میں اسیران کو دی جانے والی سہولیات بارے تفصیلی گفتگو کی گئی تفصیل کے مطابق جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن قصور راؤ شہزاد اور سینئر صحافی سعید احمد بھٹی نے گذشتہ روز ڈسٹرکٹ جیل قصور کا وزٹ کیا جہاں پر سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل قصور میاں عمیر اکرام سے جیل میں اسیران کو دی جانے والی سہولیات بارے تفصیلی گفتگو ہوئی، اس موقع پر سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل قصور میاں عمیر اکرام کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور آئی جی جیل خانہ جات پنجاب کی ہدایات پر ڈسٹرکٹ جیل قصور میں اسیران کے لیے ماہ صیام کے مقدس مہینے میں سحری اور افطاری کا خاص اہتمام کیا گیا ہے، جیل میں اسیران کو ہر ممکن سہولیات دینے کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جا رہا ہے، جیل کچن میں اسیران کو دیئے جانیوالے کھانے کے معیار کو باقاعدگی سے چیک کیا جاتا ہے، جیل میں قیدیوں کی تعلیم وتربیت، اصلاح واحوال اور انہیں ہنرمند بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کا مشن ہے جیلوں سے لوگ ہنرمند بن کر معاشرے میں عزت سے زندگی گزاریں، منشیات کے خاتمے کیلئے جیل میں سخت اقدامات کیئے گئے ہیں جبکہ قیدیوں کے ساتھ ملاقاتی کے نظام میں بھی مزید بہتری لائی جا رہی ہے، جدید سسٹم سے اپنوں کیساتھ آسانی سے ملاقات کی سہولت میسر آئے گی، پنجاب حکومت جیلوں میں قید اسیران کو ہر ممکن سہولیات دینے کیلئے کوشاں ہے۔

## پانچ مختلف وارداتوں میں شہری موبائل فون، نقدی موبائل فونز، طلائی زیورات اور دیگر قیمتی اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پانچ مختلف وارداتوں میں شہری موبائل فون، نقدی موبائل فونز، طلائی زیورات اور دیگر قیمتی اشیاءس محروم۔ ڈھولیوالی کا فیاض احمد اپنی بیوی کے ہمراہ سسرال جا رہا تھا کہ دو نامعلوم ملزمان نے گن پوائنٹ پر دو موبائل فون اور نقدی 15 ہزار چھین لی جنڈو کے گورائیہ کے محمد عرفان کی ماں کو لفٹ دینے کے بہانے نامعلوم ملزم نے اسلحہ کے زور پر طلائی بالیاں اور نقدی 4 ہزار چھین لئے گھوئینکی کے محمد اصغر سے 3 نوسربازوں نے 40 ہزار نقدی چوری کر لی نوکریاں کے ساجد حسین کے ڈیرہ سے 2 مرغے 9 مرغیاں چوری جبکہ ملیانوالہ کے محمد اصغر کے ڈیرہ سے بھینس چوری ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیا

## معمولی جھگڑے پر ملزم نے چاقو کے پے درپے وار کر کے نوجوان کو شدید زخمی کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) معمولی جھگڑے پر ملزم نے چاقو کے پے درپے وار کر کے نوجوان کو شدید زخمی کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود 2 فور ایل میں معمولی جھگڑے پر قیصر علی نے طیش میں آ کر چاقو کے پے درپے وار کر کے نوجوان فیضان کو شدید زخمی کر دیا اطلاع ملنے پر پولیس تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم قیصر علی کو گرفتار کر کے کارروائی کا آغاز کر دیا ہے جبکہ زخمی فیضان کو ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال اوکاڑہ منتقل کر دیا ہے۔

## تھانہ سٹی دیپالپور کی حدود میں پولیس مقابلہ: پکار 15 پر شہری نے خلیل آباد میں ہاؤس رابری کی اطلاع دی

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تھانہ سٹی دیپالپور کی حدود میں پولیس مقابلہ۔ پکار 15 پر شہری نے خلیل آباد میں ہاؤس رابری کی اطلاع دی۔ پولیس فوری ریسپانڈ کرتے ہوئے موقع پر پہنچی۔ پولیس کے موقع پر پہنچتے ہی ڈاکوؤں نے پولیس پر سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی۔ کچھ دیر بعد فائرنگ کا سلسلہ رکنے پر 01 ڈاکو مردہ حالت میں پایا گیا۔ ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کے فائرنگ سے ہلاک ہو گیا۔ ہلاک ڈاکو کے قبضہ سے نقدی اور شناختی کارڈ برآمد۔ ساتھی ڈاکو رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہو گئے۔

## بھوانہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری سرفراز غازی تھہر کے انتقال کر گئے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) بھوانہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری سرفراز غازی تھہر کے انتقال کر گئے تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز چک نمبر 195 بھلو سابق چیئرمین یونین کونسل چوہدری سرفراز غازی تھہر کا وفات پا گئے۔ چوہدری سرفراز غازی کو دل کا دورہ پڑا جس سے جانبر نا ہو سکے۔ چوہدری سرفراز غازی مرحوم کی نماز جنازہ آبائی قبرستان میں ادا کر دی گئی۔ نماز جنازہ میں سیاسی وسماجی شخصیات ایم این اے مہر غلام محمد لالی چوہدری سلیم ※ پرنسپل محسن بائیر ایجوکیشنل کمپلیکس مہر حسن رضا سپرا سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد شریک ہوئی۔

## محکمہ بجلی کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے: عبدالرحمن خان کانجو

مریدکے (تحصیل رپورٹر) وفاقی وزیر مملکت برائے بجلی وپبلک آفیئر یونٹ عبدالرحمن خان کانجو نے کہا ہے کہ قائد مسلم لیگ ن میاں نواز شریف وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف کی قیادت میں ہم بطور ٹیم ملکی ترقی واپنی وزارت میں محکمہ بجلی کی تعمیر وترقی میں اپنا حصہ ڈالیں گے اور عوامی وسائل کو وسیع پیمانے پر عوام کے لیے آسان کریں گے رمضان مہینے کے اس مقدس مہینے میں عام عوام کے لیے وزیر اعظم پاکستان میاں شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے مفت راشن کی فراہمی اور عید پر دس دس ہزار دیئے جا رہے ہیں جو کہ موجودہ حکومت کا بہت ہی قابل تحسین اقدام ہے گزشتہ روز انہوں نے مریدکے میں ایک نجی تقریب میں شرکت کے دوران وفاقی وزیر مملکت برائے بجلی وپبلک آفیئر یونٹ مزید کہا ہے کہ میں اور میرا سیاسی گروپ شہید کانجو گروپ اپنے ضلع کی تعمیر وترقی کے لیے کوشاں ہیں مختلف پروجیکٹس پر کام جاری ہیں آنے والے سالوں میں اپنے ضلع کو مثالی ضلع واپنے آبائی حلقہ کے تعمیر وترقی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اس موقع پر شہید کانجو گروپ کے سیاسی رہنما طاہر خان کانجو امجد مان وحید خان سید علی شاہ عدیل چوہدری موجود تھے

## پتوکی کے نواحی علاقے چکو میں غیرت کے نام پر سفاک قتل

پتوکی (نامہ نگار) پتوکی کے نواحی علاقے چکو میں غیرت کے نام پر سفاک قتل، خاوند نے کلہاڑی کے وار سے بیوی کی جان لے لی، ملزم موقع سے فرار تاحال گرفتار نہ ہو سکا۔ تفصیل کے مطابق گزشتہ روز پتوکی کے نواحی گاؤں تھانہ سرائے مغل کی حدود چکو میں ایک لرزہ خیز واقعہ پیش آیا جہاں غیرت کے نام پر خاوند نے بیوی کو بے دردی سے قتل کر دیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم نے تیز دھار کلہاڑی سے اپنی بیوی مافیہ کا گلا کاٹ کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او سرائے مغل اور پولیس کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی۔ پولیس نے لاش کو قانونی کارروائی کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا جبکہ ملزم فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ کرائم سین یونٹ اور فرانزک لیب کی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر شواہد اکٹھے کر لیے جنہیں مزید تحقیقات کے لیے فرانزک لیب بھجوایا جائے گا۔ پولیس ذرائع کیمطابق مقتولہ کی پانچ سال قبل ملزم کے ساتھ شادی ہوئی تھی اور ان کے تین بچے بھی تھے۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق گھریلو جھگڑوں کے باعث دونوں کے درمیان تنازعات چل رہے تھے جو اس ہولناک قتل کا سبب بنے۔ ڈی پی او قصور نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ جبکہ ڈی پی او قصور کا کہنا ہے کہ خواتین پر تشدد اور قتل جیسے جرائم کسی صورت برداشت نہیں کیے جائیں گے اور ملزم کو قانون کے مطابق سخت سے سخت سزا دلوائی جائے گی۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

### بقیہ بقیہ جات 1

گامزن ہے، ہمارا وطن اسلامی اصولوں کو ہمیشہ مقدم رکھے ہوئے ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق اللہ کی نصرت سے پاکستان جمہوری اداروں کو مستحکم کرنے کے لیے پُرعزم ہے، پاکستان اپنے شہریوں کی فلاح و بہبود کے لیے پُرعزم ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق مسلح افواج ہمیشہ مقدس سرحدوں کی حفاظت کے لیے پُرعزم ہیں، مسلح افواج مادر وطن کی خودمختاری کے دفاع کے لیے پُرعزم ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ آج پاکستان عالمی برادری کا ایک ذمہ دار اور باوقار رکن ہے، پاکستان امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کیلئے کوشاں ہے، متحد قوم کے طور پر ہم نئی امیدوں کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق متحد قوم کے طور ترقی و خوشحالی کے سفر میں استقامت کے ساتھ گامزن ہیں، ہم اس امن کی پاسداری اور حفاظت کرتے رہیں گے جو ہماری قومی پہچان ہے۔ آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ پاکستان امن کا پیامبر ہے اور ہم اسے ہر حال میں محفوظ رکھیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 2

ستارے کی طرح چمک رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نے پاکستان بنایا مسلم لیگ ہی اس کو سنوار رہی ہے، قائد اور اقبال کا پاکستان آج نواز شریف کی قیادت میں ترقی کی منازل طے کر رہا ہے، الحمداللہ آج پاکستان اسلامی دنیا کی واحد ایٹمی قوت ہے۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ عالم اسلام میں پاکستان اپنی منفرد اور الگ پہچان رکھتا ہے، پاکستان آگے بڑھنے کیلئے بنا تھا اس نے آگے ہی بڑھنا ہے، تمام اندرونی و بیرونی سازشوں کا قلع قمع کرتے ہوئے اس عظیم قوم نے خوشحالی کا سفر طے کرنا ہے، ملکی سلامتی اور دفاع کیلئے افواج پاکستان کی ناقابل فراموش خدمات ہیں۔ صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ ارض پاک کی حفاظت کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء قوم کے ماتھے کا جھومر ہیں، قوم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں پر فخر کرتی ہے، ہمارے شہداء اور غازی ہمارے ہیروز ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 3

مسلح افواج کی پریڈ ہوئی، تینوں مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے پریڈ کا حصہ تھے، آرمی، نیوی اور فضائیہ کے دستوں نے مارچ پاسٹ کیا، قومی پرچم کو سلامی دی، آرمی چیف جنرل عاصم منیر، اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق، چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر کی آمد پر چاق و چوبند دستے نے سلامی دی، صدر مملکت آصف زرداری روایتی بگھی میں تقریب میں پہنچے، بگل بجا کر اعلان کیا گیا، صدر مملکت نے استقبالیہ کمیٹی کے ارکان سے مصافحہ کیا، وزیراعظم شہباز شریف، وزیر دفاع خواجہ آصف اور مسلح افواج کے سربراہان اسٹیج پر موجود رہے۔ یوم پاکستان کی پریڈ میں پاک فضائیہ کے شاہینوں نے فلائی پاسٹ کا مظاہرہ کرکے دشمن پر لرزہ طاری کر دیا، پاک فضائیہ کی شیر دل فارمیشن نے شاندار فضائی مظاہرہ کیا، جے ایف 17 تھنڈر، ایف 16، جے 10 سی، میراج طیاروں کے ذریعے شاندار فلائی پاسٹ کیا۔ صدر آصف علی زرداری نے یوم پاکستان کی تقریب کے شرکا کو مبارکباد دیتے ہوئے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کے دن لاکھوں مسلمانوں کی قربانیوں کی یاد تازہ کرتے ہیں، لاکھوں قربانیوں کی بدولت پاکستان کا خواب حقیقت میں بدلا، شہدا کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، ہم نے بہت سی قربانیاں دے کر آزادی حاصل کی، ہم نے بیرونی اور اندرونی دہشت گردی کا منہ توڑ مقابلہ کیا۔ صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ بھارت ہمیشہ پاکستان کو میلی آنکھ سے دیکھتا ہے، پاکستان کا مقصد مضبوط اور جدید اسلامی فلاحی مملکت ہے، فتنہ الخوارج اور دیگر دہشت گرد تنظیموں کے ناپاک عزائم ناکام بنائیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 4

فوجی اعزازات سے نوازا گیا ہے۔ بیان کے مطابق 23 افسران کو ہلال امتیاز، 122 کو ستارہ امتیاز اور 133 کو تمغہ امتیاز دیا گیا۔ مزید برآں دو افسران اور جوانوں کو ستارہ بسالت سے نوازا گیا جبکہ 227 کو تمغہ بسالت دیا گیا۔ اس کے علاوہ 82 افسران اور جوانوں کو امتیازی اسناد جبکہ 185 کو آرمی چیف تہنیتی کارڈ عطا کیے گئے ہیں

### بقیہ بقیہ جات 5

۔ ایوان صدر میں سول اعزازات کی تقریب میں چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی، چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری اور خاتون اول آصفہ بھٹو بھی موجود تھیں۔ شہید ذوالفقار علی بھٹو کو ملک کیلئے بہترین خدمات پر نشان پاکستان بعد از وفات کا اعزاز دیا گیا، شہید ذوالفقار علی بھٹو کو ملک کیلئے شاندار خدمات پر اعلیٰ ترین سول ایوارڈ نشان پاکستان عطا کیا گیا، شہید ذوالفقار علی بھٹو کا اعزاز ان کی صاحبزادی صنم بھٹو نے وصول کیا۔ تقریب میں ایئر مارشل ریٹائرڈ راجہ شاہد حامد مرحوم کو گراں قدر خدمات کے اعتراف میں نشان امتیاز عطا کیا گیا، نشان امتیاز ان کی بیوہ نورین شاہد نے موصول کیا، سلطان علی اکبرالانا کو مالیاتی شعبے میں گرانقدر خدمات پر نشان خدمت عطا کیا گیا۔ ایوان صدر میں منعقدہ تقریب میں ایس پی محمد اعجاز خان (شہید) کو غیر معمولی بہادری کے اعتراف میں ہلال شجاعت عطا کیا گیا، اعجاز خان شہید کا اعزاز ان کی بیٹی نے وصول کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 6

مبارکباد دی، ان کا کہنا تھا کہ 23 مارچ ہمیں قیام پاکستان کے سنہری اغراض و مقاصد کی یاد دہانی کراتا ہے، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے پاکستان قائم ہوا اور تا قیامت شاد و آباد رہے گا۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے دنیائے اسلام کی پہلی ایٹمی طاقت بننے کا منفرد اعزاز بھی عطا کیا، یوم پاکستان پر پاک سرزمین کے تقدس اور حفاظت کے تقاضوں کے عہد کا اعادہ کیا جانا چاہیے۔ مریم نواز نے کہا کہ یوم پاکستان پر اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے سنہری اصولوں کو بھی دہرانا اور یاد رکھنا چاہیے۔

### بقیہ بقیہ جات 7

کی وفات پر اظہار افسوس کیا ہے انہوں نے کہا کہ اللہ کریم مرحوم سراج الدین کی مغفرت فرمائے، لغزشوں سے درگذر فرما کر اعلیٰ علیین میں مقام عطا فرمائے انہوں نے کہا کہ مولانا امان اللہ حقانی اور اہل خانہ کے ساتھ تعزیت کرتا ہوں اور ان کے غم میں برابر کا شریک ہوں اللہ کریم اہل خانہ کو صبر جمیل دے۔

### بقیہ بقیہ جات 8

بھٹو سے ملاقات کریں گے۔ چیئرمین بلاول بھٹو سے پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما بھی ملاقاتیں کریں گے، مسلم لیگ ن سے پاور شیئرنگ کے لئے بنائی گئی پیپلز پارٹی کی رابطہ کمیٹی ن لیگی کمیٹی سے ہونے والی میٹنگ کی بلاول بھٹو کو بریفنگ بھی دے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 9

چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی، گورنر اور وزیر اعلیٰ نے مہمانوں کی کتاب میں تاثرات بھی درج کیے۔ تقریب میں چیف سیکرٹری سندھ، آئی جی سندھ، کراچی پولیس چیف سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا کہ دعا ہے اللہ تعالیٰ پاکستان کو رہتی دنیا تک قائم رکھے، یہ وطن بہت قربانیاں دیکر حاصل کیا گیا، اللہ قائداعظم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام دے، لگتا ہے کہ آج ہم پاکستان کی قدر کھوتے جا رہے ہیں، اللہ ہم سب میں اتحاد کے ساتھ احساس بھی پیدا کرے۔ انہوں نے کہا کہ دشمن تاک میں بیٹھا ہے، دشمن تخریب کاری اور دہشتگردی میں پیچھے نہیں، جعفر ایکسپریس واقعہ پورے پاکستان کے سامنے ہے، سوچی سمجھی سازش کے تحت جال بنا جا رہا ہے، دہشتگردی کے تانے بانے ہمسایہ ملک سے ملتے ہیں، جن کے ساتھ ہماری سرحدیں جڑی ہوئی ہیں وہاں سے بیٹھ کر دہشتگردی کو کنٹرول کیا جا رہا ہے، پوری قوم کو دہشتگردی کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ کامران ٹیسوری نے کہا کہ جہاں افواج کمزور نظر آئیں دشمنوں نے ان ممالک کو کہیں کا نہیں چھوڑا، ایراق، لبنان اور فلسطین کی مثالیں دی جا سکتی ہیں، پاکستان نے 90ہزار سے زائد شہادتیں اور دیگر دہشت گردی کا مقابلہ کیا، آئیں وطن کی ترقی میں اپنا اپنا حصہ ڈالیں، آج 23مارچ کو خوشخبری دیں کہ ہم نے دہشتگردی کیخلاف ایک ہوکر لڑنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 10

پر قرارداد پاکستان پیش کی گئی تھی، اس قرارداد میں یہ فیصلہ ہوا تھا کہ ایک علیحدہ ملک بنایا جائے جہاں مسلمان اپنی آزادانہ زندگی گزار سکے۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے اس وقت کوئی آزاد نہیں ہے، میڈیا آزاد نہیں ہے، جو بات کرتا ہے اس کو پیکا ایکٹ کے تحت بند کر دیا جاتا ہے، اس وقت پاکستان کے تمام صوبوں میں حالات خراب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملنے کی پوری تیاری تھی، سپیکر کو اجازت کیلئے خط بھی لکھا گیا جس کو منظور نہ کیا گیا جس پر احتجاجاً ہم نے میٹنگ میں شرکت نہیں کی، پارٹی کا جو سیاسی فیصلہ تھا وہ بالکل درست تھا۔ عمر ایوب نے کہا کہ دہشت گردی واقعات کی مذمت کرتے ہیں، بارڈر پر خاردار باڑ لگی ہونے کے باوجود آمد ورفت سوالیہ نشان ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 11

آباؤ اجداد کی قربانیوں اور جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، یوم پاکستان نا صرف خوشی کا موقع ہے بلکہ مستقبل کے حوالے سے ہماری ذمہ داریوں کی یاد دہانی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 23 مارچ ہمیں اتحاد، قربانی اور عزم کی تجدید کا درس دیتا ہے، یوم پاکستان پر سب کو قومی یکجہتی اور بھائی چارے کا عہد کرنا چاہیے اور پاکستان کی خاطر ایک ہونا چاہیے، باہمی اختلافات بھلا کر وطن عزیز کے مفادات کو مقدم رکھ کر ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے متحد ہونا ہوگا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ زبانی جمع خرچ کی بجائے حقیقی معنوں میں اتحاد، ایمان اور نظم و ضبط کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے کا وقت ہے، پاکستان کی سرزمین ہمارے لیے ایک عظیم تحفہ ہے جس کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے، پاکستان کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ قومی یکجہتی اور عزم سے کریں گے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ قومی سلامتی، ترقی اور استحکام کے لیے ہر پاکستانی کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہے، دہشت گردی اور انتشار پھیلانے والوں کی پاکستان میں کوئی جگہ نہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف جدوجہد جاری ہے اور مکمل خاتمے تک جاری رہے گی، آئیے آج روشن مستقبل کے لیے مل کر کام کرنے کے عزم کا اعادہ کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 12

کے انخلا میں 09 دن باقی رہ گئے ہیں۔ حکومت پاکستان کی جانب سے غیر قانونی، غیر ملکی اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیا گیا ہے اور غیر قانونی مقیم اور افغان سٹیزن کارڈ ہولڈرز کو پاکستان چھوڑنے کی ڈیڈ لائن ختم ہونے میں صرف 09 دن باقی ہیں۔ 21 مارچ تک پاکستان چھوڑنے والے غیر قانونی افغان باشندوں کی کل تعداد 875,661 تک پہنچ چکی ہے اور واپسی کا یہ سلسلہ جاری اور ساری ہے۔ حکومت پاکستان کی جانب سے 31 مارچ تک ملک چھوڑنے کا حکم جاری کیا گیا۔ حکومت پاکستان کے فیصلے کے مطابق ملک چھوڑنے میں 09 دن باقی رہ گئے۔ حکومت کی جانب سے اس بات کی یقین دہانی کرائی گئی کہ انخلا کے دوران کسی سے بدسلوکی نہیں کی جائے گی۔ حکومت پاکستان نے واپس جانے والوں کے لیے خوراک اور صحت کی سہولیات کے انتظامات مکمل کر لیے ہیں۔ مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد متعلقہ افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی

### بقیہ بقیہ جات 13

بلوچ یکجہتی کمیٹی کی مرکزی آرگنائزر ماہ رنگ بلوچ کو کوئٹہ جیل منتقل کر دیا گیا۔ ماہ رنگ بلوچ اور دیگر 4 خواتین کو تھری ایم پی او کے تحت ایک ماہ کیلئے جیل منتقل کیا گیا۔ کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس کے ہلاک دہشت گردوں کے حق میں بلوچ یکجہتی کمیٹی کے احتجاج کے دوران پُرتشدد مظاہرین نے پولیس پر پتھراؤ کیا اور فائرنگ کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ بلوچ یکجہتی کمیٹی کے قائدین کے ساتھ موجود مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 مزدور اور ایک افغان شہری ہلاک ہوئے۔ دوسری جانب نجی ٹی وی کے پروگرام "نیا پاکستان" میں بات کرتے ہوئے ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند نے کہا کہ سول اسپتال کوئٹہ پر حملے کے بعد بلوچ یکجہتی کونسل کی قیادت کو گرفتار کر لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بی وائی سی کے احتجاج میں مسلح افراد شامل تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ خصوصی صورتحال ہوں تو خصوصی قوانین کی ضرورت ہوتی ہے، بلوچ یکجہتی کمیٹی مارے گئے دہشت گردوں کی لاشوں کے لیے احتجاج کر رہی تھی، پولیس نے مظاہرین کو واٹر کینن کے ذریعے منتشر کرنے کی کوشش کی تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 14

گورنر پنجاب نے روایتی پاکستانی کھانوں کا لطف اٹھایا، جن میں مرغ چنے، پائے، نہاری، لسی اور گرما گرم نان شامل تھے۔ گورنر پنجاب کی چاندنی چوک فوڈ سٹریٹ میں موجودگی پر راولپنڈی کے مقامی افراد نے خوشی کا اظہار کیا اور گورنر کے ساتھ سیلفیوں کا سلسلہ جاری رکھا۔ گورنر سردار سلیم حیدر خان نے اس موقع پر راولپنڈی کے لوگوں سے ملاقاتیں کیں اور عید کے تحائف بھی بچوں میں تقسیم کیے۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ میں پنجاب کی ہر گلی اور محلے میں جا کر لوگوں کے درمیان بیٹھنا پسند کرتا ہوں۔ پیپلز پارٹی ایک عوامی جماعت ہے اور ہماری سیاست کا مقصد ہمیشہ عوام کے ساتھ رہنا اور ان کے مسائل حل کرنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ گورنر پنجاب کا کردار صرف گورنر ہاؤس تک محدود نہیں ہے۔ میں ہر ضلع میں جا کر عوام کے مسائل سنوں گا اور ان کے حل کے لیے بھرپور کوشش کروں گا۔

### بقیہ بقیہ جات 15

میں لیزر لائٹ شو کا اہتمام کیا گیا، لیزر لائٹس سے مینار پاکستان پر قومی پرچم میں چاند تارا بھی بنایا گیا۔ لیزر لائٹ شو کے دوران گریٹر اقبال پارک ملی نغموں سے گونج رہا، یوم پاکستان کو شایان شان طریقے سے منانے کے لیے لیزر لائٹ شو دو روز جاری رہے گا۔ اس کے علاوہ یوم پاکستان پر آئی ایس پی آر نے نغمہ بھی جاری کر دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 16

والوں سے بندوقیں واپس لینے میں افغان طالبان کو بھی مشکلات ہیں، ان کا کہنا ہے کہ اس کام کے لیے وقت چاہیے، اس پر اتفاق رائے ہوا تھا، معلوم نہیں آج ہم نے معاملہ کیوں بگاڑ دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 17

سرگودھا میں شجرکاری مہم پلانٹ فار پاکستان تیزی سے جاری ہے جس کے تحت ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال سرگودھا میں مختلف قسم کے پودے لگاتے ہوئے پورے جوش و خروش کا مظاہرہ کرکے ریلی نکالی گئی۔ اس موقع پر ایم ایس ڈاکٹر مشتاق بشیر عاکف اور ڈاکٹر زکیمونی نے شجرکاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ماحول کے تحفظ کے لئے آگاہی وقت کی ضرورت ہے اس لئے زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر ان کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا اور کہا کہ شجرکاری نہ صرف ماحول کا تحفظ کرتی ہے بلکہ یہ ہمارے لیے توانائی اور قدرتی وسائل کے بہتر استعمال کا باعث بنتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 18

سیکرٹری داخلہ پنجاب نے پریزن سٹاف ٹریننگ کالج کی پیشہ ورانہ صلاحیت کو سراہا ہے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے اپنے پیغام میں کہا کہ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال میں نظم و ضبط اور اسیران کی اصلاح کیلئے عمدہ تربیت کروائی جا رہی ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پاکستان آرمی (ملٹری پولیس) کے پہلے بیچ کی پاسنگ آؤٹ تقریب پریزن سٹاف ٹریننگ کالج ساہیوال میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں کمانڈنگ آفیسر 36 ایم پی لیفٹیننٹ کرنل عدنان خالد اور ڈپٹی کمانڈنٹ پریزن سٹاف ٹریننگ کالج اصغر علی نے شرکت کی۔ پاسنگ آؤٹ تقریب میں کورس کے شرکا کو اسناد پیش کی گئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 19

مقدس شہروں مکہ اور مدینہ میں عمرہ پیکج مہنگا ہونے لگا ہے۔ کئی کمپنیوں نے اپنے کرائے بڑھا لیے کہ انہیں لوگوں کے ذوق و شوق کی وجہ سے ایسا لگتا ہے کہ لوگ بڑھے ہوئے کرائے بھی دینے پر تیار ہوں گے حتیٰ کہ عیدالفطر پر سعودی عرب سے اپنے گھروں کو جانے کے آرزومند مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی وجہ سے بھی کرایوں میں اضافہ کر دیا گیا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی عرب میں رمضان المبارک عمرہ ادا کرنے کے لیے دنیا بھر سے آنے والے خواتین و حضرات کے لیے اہم موقع ہوتا ہے۔ ٹریولنگ کمپنیاں اور ٹور آپریٹر کمپنیاں اس رش کو اپنے لیے کاروباری طور پر مفید بنانے کے لیے ان انے والوں کے 'تعاقب' میں ہیں۔ حتیٰ کہ ریاض اور جدہ کے درمیان کی پروازیں بھی اپنے کرایوں میں کیا گیا اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ تاہم سعودی عرب کے قومی دن کے موقع پر رمضان المبارک کے برعکس آنے والوں کو اندرون ملک اور بیرون ملک کی ٹکٹیں سستی فراہم ہوتی رہی ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 20

سنبھال لیے۔ مزار اقبال پر تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ پاک فضائیہ نے پاکستان رینجرز سے اعزازی گارڈز کے فرائض سنبھالے، پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے سلامی بھی دی گئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزی نے مزار اقبال پر حاضری دی، پھولوں کی چادر چڑھائی، فاتحہ خوانی اور ملک و قوم کی سلامتی و خوشحالی کیلئے دعا کی۔ ایئر وائس مارشل اختر عمران سدوزی نے گارڈ آف آنر کا معائنہ اور بعد ازاں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی درج کیے۔ قبل ازیں لاہور میں یوم پاکستان کا آغاز 21 توپوں کی سلامی کی تقریب سے ہوا، محفوظ شہید گیریژن میں 21 توپوں کی سلامی دی گئی۔ پاک فوج کے چاک و چوبند دستے نے توپوں کی سلامی دی، تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے کیا گیا، تقریب میں پاک فوج کے چاک و چوبند دستے نے نعرہ تکبیر بلند کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 21

کئی تحقیقات کا جائزہ لینے کے لیے ایک ٹیم مقرر کر دی ہے۔ ٹیم کے سینیئر ریزرو آفیسر تحقیقات کا از سر نو جائزہ لے کر اپنی فائنڈنگ کو ایک رپورٹ کی صورت پیش کرے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ بات اسرائیلی فوج نے بتائی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 22

بلوچ نے پاکستانی نژاد فرانسیسی تاجروں کے مختلف طبقوں سے ملاقات کی۔ اس ملاقات میں دو طرفہ تجارتی اور سرمایہ کاری کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سفیر پاکستان نے تاجروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی اور انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے دی جانے والی مراعات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فرانس میں مقیم پاکستانی نژاد کاروباری افراد پاکستان کی معیشت میں کلیدی کردار ادا کر سکتے ہیں اور دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنا سکتے ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ نے شرکاء کو یقین دلایا کہ سفارتخانہ پاکستان ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کرے گا اور انہیں پاکستان میں کاروبار کے مواقع تلاش کرنے میں مدد دے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 23

گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 23 مارچ ہماری تاریخ کا ایک اہم دن ہے، ہمارے بزرگوں کی مسلسل جدوجہد کے باعث علیحدہ وطن کا قیام ممکن ہوا، 14 اگست 1947 کو پاکستان دنیا کے نقشے پر ایک آزاد ملک کے طور پر ابھرا۔ قرارداد پاکستان کی طرح آج قرارداد ترقی پاکستان وقت کی اشد ضرورت ہے۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ پاکستان کو درپیش سنگین مسائل سے پوری طرح آگاہ ہیں، بحیثیت قوم غیر معمولی حالات کا مقابلہ کرتے ہوئے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرنا ہے، مربوط پالیسی اصلاحات کے فریم ورک کے ساتھ پاکستان کو مضبوط معیشت بنائیں گے، امید ہے جلد ملک میں مہنگائی کی موجودہ لہر پر قابو پالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عظیم اور حقیقی معنوں میں عظیم ریاست بنانے کے لیے ہر فرد اور طبقے کو اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 24

ہے کہ انارکلی، نیلا گنبد اور مال روڈ بارے فیصلوں اور پارکنگ کے منصوبے کیلئے تاجروں سے مشاورت لی جانی چاہیے، نواز شریف کی جانب سے پنجاب حکومت کو تجاوزات کے متاثرین کو کاروبار کے لئے متبادل جگہ دینے اور معاوضہ ادا کرنے کی ہدایت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں سرپرست اعلیٰ ظہیر بابر، مرکزی جنرل سیکرٹری محبوب علی سرگی، لاہور کے صدر میاں طارق فیروز، سینئر نائب صدور لاہور شیخ اختر، رفعت سنی، نائب صدور لاہور مرزا اطہر بیگ، چوہدری نوید، جنرل سیکرٹری نعیم بادشاہ، چیئرمین لاہور عطاء جٹ، سینئر وائس چیئرمین ملک ناظم، شہزاد بھٹی سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ لاہور اتھارٹی فار ہیریٹیج ریوائیول میں سابق وزیر اعظم نواز شریف کی شمولیت سے امید کی جا سکتی ہے کہ یہ منصوبہ جلد پایہ تکمیل کو پہنچے گا اور لاہور اپنی اصل حالت میں بحال ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہم طویل عرصے سے یہ مطالبہ کرتے آرہے ہیں کہ تجاوزات کے خاتمے کیلئے بھرپور کریک ڈاؤن کیا جائے، ہمارا یہی موقف رہا ہے کہ کاروبار کے لئے متبادل جگہ فراہم کی جائے اور اس حوالے سے نواز شریف کے احکامات قابل ستائش ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 25

عامر کے کیس کی پیروی کرنے والے قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل منتظر مہدی کو نامعلوم افراد کی جانب سے دھمکیاں موصول ہوئی ہیں۔ قائم مقام پراسیکیوٹر جنرل نے تصدیق کی کہ مجھے بلا واسطہ دھمکیاں دی گئیں، ایک آڈیو میسج موصول ہوا جس میں انسداد دہشت گردی کی عدالت کے جج ذاکر حسین اور دو دیگر ججز کے نام لیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ میرے ساتھ کام کرنے والے فہیم پہنور کا تعاقب کیا گیا اور ان کی گاڑی کو ٹکر مار کر نامعلوم افراد نے شیشے توڑے جبکہ گاڑی سے لیپ ٹاپ نکال کر لے گئے۔ پراسیکیوٹر کے مطابق انہوں نے دھمکیوں کے بارے میں متعلقہ حکام کو آگاہ کر دیا ہے۔ منتظر مہدی نے مطالبہ کیا کہ میں چاہتا ہوں آڈیو کا فرانزک کروایا جائے ساتھ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ مصطفیٰ عامر کیس میں واٹس ایپ ریکارڈنگ لیک ہونے کے باعث دھمکیاں دی گئیں ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 26

،یہ ملک کے وجود پر ایک وار ہے اس کو ختم کرنا ہماری اولین ترجیح ہونا چاہیے، جو بھی معتبر مدبر پاکستان تحریک انصاف دے سکے کی جس کا ہم نے بار بار اظہار بھی کیا ہے اور وہ ہم کرتے بھی رہے ہیں اور وہ ہم کرتے رہیں گے۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم نے کبھی خان صاحب کی رہائی کو کسی چیز کے ساتھ نہیں جوڑا اور نہ ہی خان صاحب ہمیں ایسا کرنے دیں گے۔ چیئرمین کے ٹریڈ سیکیورٹیز علی فرید خواجہ نے کہا کہ کرپٹو ریگولیٹری فریم ورک بنانے سے بالکل فائدہ ہوگا، فائدے سے زیادہ ضروری ہے کہ ہم ریگولیشن بنائیں کیونکہ پاکستان میں بہت زیادہ لوگ اس کو استعمال کر رہے ہیں، کچھ اندازوں کے مطابق پاکستان میں 2 کروڑ سے زیادہ لوگ کرپٹو ایکسچینجز میں انویسٹ کر رہے ہیں، اس کے برعکس اسٹاک مارکیٹ میں صرف تین لاکھ پچاس ہزار لوگ انویسٹ کرتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 27

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں پہلا بینچ کیسز سنے گا جبکہ جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب بھی بینچ ون کا حصہ ہوں گے۔ دوسرے بینچ کی سربراہی جسٹس جمال خان مندوخیل کریں گے جبکہ جسٹس اطہر من اللہ اور جسٹس شہزاد احمد بینچ میں شامل ہیں۔ اسی طرح جسٹس نعیم اختر کی سربراہی میں بنے تیسرے بینچ میں جسٹس اشتیاق ابراہیم بھی شامل ہیں۔ علاوہ ازیں جسٹس سردار طارق مسعود چوتھے بینچ کی سربراہی کریں گے، جسٹس مظہر عالم خان میاں خیل بینچ کا حصہ ہوں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 28

لوگ نشانہ بن رہے ہیں، یقین ہے کہ افغانستان سے بات کرنے کے نتیجے میں دہشت گردی کی لہر میں کمی آئے گی۔ ان کا کہنا تھا پاکستان کے خلاف سرگرم تمام تنظیموں کے ساتھ بات چیت ضروری ہے، آخر اس مسئلہ کا انجام کیا ہے کیا مزید لڑنا ہے یا مسئلہ ختم کرنا ہے، افغانستان سے بات کریں اور ان سے کہیں کہ ٹی ٹی پی کو کنٹرول کریں۔ مشیر اطلاعات کے پی کا کہنا تھا 2021 میں افغانستان سے امریکی افواج کا انخلا ہوا، طے ہوا تھا کہ افغان طالبان پاکستان کے ساتھ مسائل پر بات کریں گے، اپریل 2022 میں پی ڈی ایم کی حکومت آئی تب بھی یہ معاملہ چلتا رہا، بعد میں افغانستان سے تعلقات خراب ہونے پر یہ معاملہ رک گیا، حکومت کی نااہلی ہے کہ اب تک جنگ چل رہی ہے ورنہ یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 29

پہلی سپیشل ٹرین بدھ کے روز کراچی سے لاہور کیلئے روانہ ہوگی۔ پاکستان ریلوے کی جانب سے تین عید سپیشل ٹرینیں چلانے کا اعلان کیا گیا ہے۔ کراچی سے لاہور کے لیے 2 عید سپیشل ٹرینیں اور کراچی سے راولپنڈی کے لیے ایک عید سپیشل ٹرین چلائی جائے گی۔ پہلی عید سپیشل ٹرین کراچی کینٹ اسٹیشن سے لاہور کے لیے 26 مارچ کو چلائی جائے گی، پہلی عید سپیشل ٹرین دوپہر ایک بجے مسافروں کو لے کر روانہ ہو گی۔ دوسری عید سپیشل ٹرین کراچی سٹی اسٹیشن سے راولپنڈی کے لیے 27 مارچ کو چلائی جائے گی جو کراچی سٹی سے مسافروں کو لے کر رات ساڑھے آٹھ بجے روانہ ہوگی۔ کراچی سے لاہور کے لیے تیسری عید سپیشل ٹرین کراچی کینٹ سٹیشن سے رات 9 بجے 28 مارچ کو روانہ ہوگی۔

### بقیہ بقیہ جات 30

انٹرویو کے دوران اچانک ایک بچہ نمودار ہو گیا اور اس نے معصومانہ ڈانس شروع کر دیا جس کی ویڈیو وائرل ہوگئی۔ نجی ٹی وی کے لائیو پروگرام کی ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ پنجاب اسمبلی میں قائد حزب اختلاف احمد خان بچھر وزیراعظم سے متعلق بات کر رہے تھے کہ اس دوران ایک بچہ اچانک کیمرے کے سامنے آ گیا اور ڈانس شروع کر دیا، بچے کو احمد خان نے کیمرے کے سامنے سے ہٹانے کی کوشش کی مگر بچہ پھر بھی نہ ہٹا۔ بچے کو اسکرین پر ڈانس کرتا دیکھ کر پروگرام کی اینکر مسکراتی رہیں اور انہوں نے قائد حزب اختلاف کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کوئی مسئلہ نہیں ہے آپ اپنی بات جاری رکھیں۔

### بقیہ بقیہ جات 31

سالہ شخص جاں بحق ہو گیا۔ بیدیاں روڈ کا رہائشی 45 سالہ ساہ مسیح ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوا جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا مگر وہ جانبر نہ ہو سکا۔ پولیس کی ضروری کارروائی کے بعد لاش کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 32

والے 2 منشیات فروشوں کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق منشیات فروشوں سے 4 کلو سے زائد آئس برآمد ہوئی ہے۔ سی پی او کے مطابق ایک سال کے دوران 4 ہزار سے زائد منشیات فروشوں کو گرفتار کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 33

کے بعد مکمل طور پر بحال کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ سیکیورٹی خطرات کے خاتمے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں، ان خطرات کو کم کر کے ہی ریلوے سروس دوبارہ شروع ہوگی۔ وزیر مملکت نے کہا ہے کہ حکومت دہشت گردی کے خلاف مضبوطی کے ساتھ کھڑی ہے اور اس کے خاتمے تک غیر متزلزل عزم کے ساتھ دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 34

میں کئے جانے والے فیصلوں کی وجہ سے ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم کا ایک ہی سوال ہے عمران خان کو کس جرم کی پاداش میں جیل میں رکھا گیا ہے، پارٹی رہنماؤں کو ان سے ملنے میں رکاوٹیں ڈالی جاتی ہیں، اہم معاملات پر مشاورت کے لئے بھی ملاقاتوں کی اجازت نہیں دی جاتی۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکمران جس طرح کے فیصلے کر رہے ہیں اس سے حالات مزید خراب ہو رہے ہیں، اب بھی وقت ہے کہ ہوش کے ناخن لیے جائیں تاکہ پاکستان مشکلات کی دلدل سے باہر نکل کر ترقی کی جانب گامزن ہو سکے۔

### بقیہ بقیہ جات 35

میں علمائے کرام کی ٹارگٹ کلنگ سے ریاستی اداروں کی سیکیورٹی کی قلعی کھل گئی ہے جو ہر طرح سے ناکامی ہے۔ خیبر پختونخواہ اور بلوچستان کے بعد پنجاب میں علماء کی ٹارگٹ کلنگ حکومت اور اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، بلوچستان اور خیبر پختونخواہ دہشتگردی کی آگ میں جل رہا ہے، جے یو آئی کے رہنماؤں پر مسلسل حملوں کے باعث ریاست علماء کو فول پروف سیکیورٹی فراہم کرے۔ بے گناہ انسانوں کا خون بہانے والوں کو کیفر کردار تک پہنچانا ضروری ہے، دین اسلام میں کسی بے گناہ کا خون بہانے کی اجازت نہیں۔ دہشتگردی کے واقعات نے قوم کو ماہ رمضان میں خون کے آنسو رلا دیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 36

خلاف عالمی میڈیا، عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی مجرمانہ فعل ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ او آئی سی اجلاس بلا کر فلسطین کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہو کر اسرائیل کے خلاف مزاحمت کا اعلان کرے۔ اسرائیل کی فلسطینیوں پر بمباری اور مظالم سے فلسطین میں انسانیت تڑپ رہی ہے۔ فلسطینیوں کی نسل کشی پر عالم اسلام اور عالمی برادری کی خاموشی قابل افسوس ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 37

عظیم انقلاب برپا کیا اسی وجہ سے علی گڑھ تحریک کی بنیاد پڑی۔ سر سید احمد خان نے ادبی خدمات کیلئے 1857ء میں محمڈن اینگلو اورینٹل کالج کی بنیاد رکھی جسے 1920ء میں یونیورسٹی کا درجہ ملا اور آج یہ علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کی حیثیت سے عالمی شہرت حاصل ہے۔ سر سید ایک بلند پایہ مبلغ تھے انہوں نے قرآن پاک کی تفسیر لکھی لیکن اسے پایہ تکمیل تک نہ پہنچا سکے۔ سر سید احمد خان کا قوم پر اتنا بڑا احسان ہے کہ بر صغیر کے مسلمانوں میں آج جو تعلیم عام نظر آتی ہے اس کی داغ بیل سر سید احمد خان نے ڈالی۔ محسن قوم و ملت سر سید احمد خان 27 مارچ 1898ء کو علی گڑھ میں انتقال کر گئے تھے انہیں وہیں پر دفن کیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 38

آباد کے قریب بنا اور وہاں پر عوام سے ریگولر ٹیکس لینے کا سلسلہ بھی جاری ہے چند ماہ پہلے بھی چوکی کے علاقہ پھولنگر میں دوسرا ٹول پلازہ قائم کرنے کی کوشش کی گئی تھی عوام بھاری ٹریفک پر سراپا احتجاج ہوئی اور مقامی ایم این اے رانا محمد حیات خاں، اور وزیر تعلیم رانا سکندر نے مداخلت کی اور فل وقت ٹول پلازہ کی تعمیر کا کام روک دیا گیا تھا ابھی چند پہلے سے پھر سے دوبارہ پھولنگر کے قریب ٹول پلازہ تعمیر کیا جا رہا ہے جس وجہ سے ٹریفک بلاک رہنے لگی لاہور جانے اور آنے والے مسافروں، سرکاری ملازمین اور افسران اور خاص کر فیکٹری ورکروں کو گھنٹوں گھنٹوں بسوں میں بیٹھ کر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے صدر امن سول سوسائٹی چوکی محمد نوید بھٹی، احمد شیخ، اکمل علی کمبوہ سمیت دیگر نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ چوکی کے علاقہ پھولنگر کے قریب نیا بننے والا ٹول پلازہ فوری طور پر ختم کیا جائے تاکہ شہریوں کی مشکلات میں کمی آسکے۔

### بقیہ بقیہ جات 39

نمائندہ وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی حاجی افضل دھرالہ، سابق وائس چیئرمینز چوہدری بابر وحید، کامران بشیر مغل، فرحان شہزاد، سیکرٹری پنجاب بار رفاقت علی سوہل، اکاؤنٹ آفیسر رانا عمیر احمد سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ وائس چیئرمین عرفاق صادق تارڑ نے کہا کہ پنجاب بار کونسل نے شفافیت کو یقینی بنانے اور وکلاء کی سہولت کیلئے تمام سسٹم کو آن لائن کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سسٹم کو اپ گریڈ کرنے کی تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وکالت ایک معتبر پیشہ ہے، متفقہ فیصلہ ہے کہ جعلی وکلاء کا کڑا محاسبہ کیا جائے گا، اس تناظر میں مینوئل سسٹم ختم کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے، نئے وکلاء کی انرولمنٹ، اسناد کی تصدیق اور وکالت کارڈ آن لائن دستیاب ہو گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزارت قانون سے اپیل ہے کہ موجودہ دور سے مطابقت نہ رکھنے والے پرانے قوانین کو تبدیل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جس کیلئے پنجاب بار کونسل اپنا ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 40

حافظ حسین احمد نے ہر مشکل وقت میں نہ صرف جمعیت علمائے اسلام کے پلیٹ فارم سے بلکہ پوری قوم کی آواز بن کر استقامت اور جرات کا مظاہرہ کیا، حافظ حسین احمد کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور ان کی جدوجہد نوجوان نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 41

کے باہر پھینک کر چلے گئے۔ تاہم پولیس نے گھر کی دیواروں پر خون کے نشانات اور 4 سالہ بچے کے بیان کی روشنی میں ملزمہ کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا۔ مقتول کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا گیا ہے اور پولیس نے واقعے کی ہر پہلو سے تحقیقات شروع کر دی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 42

حکومت کے چینی کی قیمتیں مقرر کرنے کے اختیار کا ہے، شوگر ملز کے مطابق عبوری حکومت چینی کی قیمتوں کا تعین نہیں کر سکتی، اب منتخب حکومت آ چکی ہے، استدعا ہے کہ مرکزی کیس کو سماعت کے لئے جلد مقرر کیا جائے۔ شوگر ملز نے نگران حکومت کے چینی کی قیمتوں کو مقرر کرنے کے اقدام کو چیلنج کر رکھا ہے، عدالت نے اگست 2023 میں پنجاب حکومت کے چینی کی قیمتیں مقرر کرنے کے اختیار کو معطل کر رکھا ہے، لاہور ہائیکورٹ نے 23 نومبر 2023 کو تفصیلی دلائل کے بعد فیصلہ محفوظ کیا تھا۔

### بقیہ بقیہ جات 43

شریف کی قیادت میں حکومت نے تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر، ہاؤسنگ، ٹرانسپورٹ، زراعت اور لائیوسٹاک کے میں نمایاں اقدامات کیے ہیں۔ حکومت کے خلاف پراپیگنڈا کرنے والے ہوش کے ناخن لیں اور عوامی خدمت کے اس سفر میں رکاوٹیں ڈالنے کی بجائے حکومت کا بھرپور ساتھ دیں۔

### بقیہ بقیہ جات 44

انہوں نے جامع مسجد احمد علی اچھرہ لاہور میں علماء اور تاجروں کو دی گئی افطاری کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ رمضان عبادات کا مہینہ ہے، ہمیں اپنے ہر عمل سے اللہ کو راضی کرنے کی کوشش کرنا ہے۔ اس ماہ رمضان میں ہمیں اپنے گھروں کو مسجد بنانا ہے اور اپنے رب سے دعا کرنی ہے کہ وہ اپنے فضل سے ملک کو دہشتگردی سے نجات عطا کرے۔ تاجر حضرات اس ماہ مقدس میں عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دے کر اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کی کوشش کریں، اللہ تعالیٰ ہمیں اس ماہ مقدس کا احترام اور اس میں زیادہ سے زیادہ عبادت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

### بقیہ بقیہ جات 45

میں محفل حسن قرات تقریب میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا مزید کہ نزول قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے مسلمانوں کیلئے ایک تحفہ رشد و ہدایت ہے قرآن متقی کے لئے ہے جو قرآن سے ہدایت نہ پائے وہ بدقسمت انسان ہے، آج مسلمانوں کی پریشانیوں اور نفاق کی بنیادی وجہ بھی قرآن سے دوری ہے، جس نے بھی زندگی کو آسان اور خوبصورت بنانا ہو وہ قرآن پاک کو ترجمہ اور تفسیر کے ساتھ سمجھنے کی کوشش کرے۔

### بقیہ بقیہ جات 46

بدقسمتی سے پاکستان میں جمہوریت کو یرغمال بنا کر کرپٹ حکمرانوں کو مسلط کیا گیا ہے۔ انہی نااہل حکمرانوں کی غلط پالیسیوں اور کرپٹ طرز حکمرانی کی وجہ سے عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دب چکی ہے۔ رانا جاوید عمر نے کہا کہ ملک میں دہشت گردی میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے، جو قومی سلامتی کے لیے نہایت تشویشناک ہے۔ ملک میں بدامنی اور افراتفری کا ماحول پیدا ہو چکا ہے، جس سے ملکی استحکام کو شدید خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ اگر عوام کی امنگوں کے مطابق فیصلے نہ کیے گئے تو ملک ایک بنانا ریپبلک بن کر رہ جائے گا، جہاں قانون کی عملداری ختم ہو جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فوج بھی ہماری ہے اور یہ ادارے بھی ہمارے ہیں، ہمیں ایسی پالیسیاں مرتب کرنی ہوں گی جن سے ملک ترقی کرے اور حقیقی جمہوریت پروان چڑھے۔ کرپٹ اور چور حکمرانوں کا خاتمہ اب وقت کی ضرورت بن چکا ہے۔ اگر ملک کو بحرانوں سے نکالنا ہے تو شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے اور عمران خان سمیت تمام سیاسی اسیران کو فوری رہا کیا جائے اور جھوٹے کیسز ختم کیے جائیں تاکہ عوام کو ان کے حقیقی نمائندے مل سکیں اور پاکستان کو ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

### بقیہ بقیہ جات 47

اہم رہنماؤں سے ملاقاتیں کی تھیں جس کے بعد طالبان نے امریکی شہری جارج گلیزمن کو رہا کیا تھا۔ اب افغان وزارت داخلہ کے ترجمان نے دعویٰ کیا کہ امریکا نے وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر ایک کروڑ ڈالر انعامی رقم ختم کر دی ہے۔ تاہم امریکی محکمہ خارجہ نے اس پر کوئی ردعمل نہیں دیا۔

### بقیہ بقیہ جات 48

فیصل اقبال، ایس ڈی او محمد اکمل، محمد شہباز مرزا، سابق کونسلر ملک محمد اسلم، ملک عبدالحق فوجی سمیت معززین حلقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی، مسجد کیلئے ملک سجاد حسین نے 78 لاکھ روپے کی خطیر رقم فراہم کی مہمانان خصوصی نے مسجد کی تعمیر پر ملک سجاد حسین کی کاوش کو خراج تحسین پیش کیا، پیر سید تیم نقوی اور کرنل (ر) امانت علی نے کہا کہ مساجد بنانا نبی کریم کی سنت ہے، مساجد تعمیر کرنے والے اپنے لئے جنت میں گھر تعمیر کرتے ہیں، دنیا میں جو شخص رب کی رضا کیلئے مسجد تعمیر کرتا ہے اس کیلئے جنت میں گھر بنا دیا جاتا ہے، قیامت کے دن مساجد کو بیت اللہ شریف کے ساتھ ملایا جائیگا اور بیت اللہ شریف کو جنت سے ملایا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 49

بشانہ کھڑے رہنے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کرینگے یہ دن ہمیں قیام پاکستان کی جدوجہد، قربانیوں اور بانیان پاکستان کے عزم واستقلال کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 23 مارچ کا دن جب بھی آتا ہے قوم کے اذہان وقلوب میں 1940 کی آزادی کی تڑپ کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے انہوں نے کہا کہ قائداعظم نے قوم کو اتحاد، تنظیم، جدوجہد اور عزم واستقلال کا فلسفہ عملی طور پر دیا جس کے نتیجے میں پاکستان کا قیام عمل میں آیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد نہ صرف اپنے اسلاف کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے بلکہ ملکی ترقی، استحکام اور یکجہتی کے عہد کی تجدید بھی کرنا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 50

نجم الدین مزاری نے کہا کہ ساری دنیا جانتی ہے کہ بلوچستان کے حالات کو خراب کرنے میں کون سے بیرونی عناصر کا ہاتھ ہے، بلوچستان میں طویل عرصے سے بیرونی قوتیں دخل اندازی کرکے دہشتگردی کی سرپرستی کر رہی ہیں، کلبھوشن یادیو کی گرفتاری اس کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت مشکل صورتحال سے دوچار ہے، سب کو اپنی اپنی سیاست کو ایک طرف رکھتے ہوئے ملک کے وسیع تر مفاد میں اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 51

پر ابھرا اور 23 مارچ کا یہ دن ہر سال اہل پاکستان کو اسی جذبے کی یاد دلاتا ہے جو قیام پاکستان کا باعث بنا تھا۔ مگر بدقسمتی سے 78 سال گزر جانے کے باوجود اسلامی پاکستان اور خوشحال پاکستان کا خواب پورا نہیں ہو سکا۔ مفاد پرست اور کرپٹ حکمرانوں نے ملک و قوم کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا اور اسلامی نظام کو نافذ کرنے کی بجائے اسلامی تشخص کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔ امیر لاہور نے مزید کہا کہ آج کے دن ہمیں ان رہنماؤں کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے جنہوں نے اس قرارداد کو پیش کیا۔ ان کی خدمات اور تعلیمات کو نصاب تعلیم کا حصہ بنانا چاہیے تاکہ طالبعلم نظریہ پاکستان کے اصل حقائق اور اس کی روح سے روشناس ہوں۔ بعد میں آنے والوں نے اس حقیقت کو فراموش کر کے اصل حقائق سے روگردانی کی ہے اور وہ قوم کے مجرم ہیں۔ مسلمانوں کی آٹھ سو سالہ تاریخ کو مسخ کر دیا گیا اور ہمارے عظیم رہنماؤں کو جنہوں نے اپنا سب کچھ قیام پاکستان کیلئے وقف کر دیا تھا، نصاب سے نکال دیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 52

وابستہ ماہرین ٹی بی کے بڑھتے ہوئے مرض کے بارے میں عوام کو آگاہی فراہم کریں گے اور اس مہلک لیکن قابل علاج مرض کی وجوہات، علامات، علاج، پرہیز اس کے تدارک کے متعلق معلومات فراہم کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 53

سپرد کر دیا ہے۔ یہ بات انہوں نے 12ویں سالانہ سالگرہ گردوارہ بابے دی بیری صاحب میں جاری بھوگ صاحب کی ارداس میں شرکت کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور نے سکھوں کے مقدس تالاب بیری صاحب کو قبضہ مافیا سے واگزار کروانے پر وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف اور ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین لنگڑیال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ گردوارہ بیری صاحب کو سکھوں کا بین الاقوامی استھان بنانا چاہتے ہیں تاکہ سکھوں کو کوئی بھی بین الاقوامی سنگت پاکستان آئے تو وہ لاہور، ناروال، پنجہ صاحب یا ننکانہ صاحب آئے تو سیالکوٹ میں بابا گرو نانک کی سیالکوٹ میں یادگار بیری صاحب گردوارہ پر ماتھے ٹیکنے ضرور آئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 54

میں ریپڈ سپورٹ کے ٹھکانوں کی طرف جائے گی اور فوجی کارروائیاں جاری رہیں گی۔ سوڈانی وزیر خارجہ نے زور دے کر کہا کہ سوڈان میں امن کے حصول کا حل بات چیت میں نہیں فوجی فتح میں ہے۔ اس حوالے سے جنگ کے خاتمے کے بعد ریپڈ سپیڈ فورسز سے مذاکرات کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس کی بھی تصدیق کی ہے کہ حکومت نے جنگ بندی اور ریپڈ سپورٹ فورسز کے مخصوص مقامات سے بغیر ہتھیاروں کے نکلنے کی پیشکش کی ہے۔ علی یوسف نے مزید کہا کہ وہ سیاسی قوتیں جنہوں نے جرائم کا ارتکاب کیا اور ریپڈ سپورٹ کے ساتھ اتحاد کیا انہیں اگلے مرحلے میں سیاسی عمل سے باہر کر دیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 55

کو ہوا میں اڑا دیا۔ مین بازار، انارکلی بازار، کمیٹی بازار، حمید نظامی روڈ اور سبزی منڈی بازار میں تجاوزات کے خلاف چند ماہ قبل اپریشن ہونے کے باوجود تجاوزات پھر سے قائم ہوگئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر لگایا جانے والا ماڈل بازار کی ریڑھیاں بھی کمیٹی بازار سبزی منڈی اور حمید نظامی روڈ پر منتقل ہوگئیں۔ دوسری طرف کمیٹی بازار، کلاک ٹاور چوک، حمید نظامی روڈ اور ریلوے روڈ پر جگہ جگہ غیر قانونی رکشہ اسٹینڈ بن گئے جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ راہگیروں کو بھی شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، اسسٹنٹ کمشنر سانگلہ ہل اور ٹریفک پولیس سمیت دیگر انتظامیہ تاجر برادری سے ساز باز ہو کر خاموش تماشائی بن گئی۔ شہریوں نے حکام بالا سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 56

مارکیٹوں کے نقشے پاس کرنے کی بجائے لاکھوں روپیہ رشوت لے کر انہیں رہائشی مکان ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ دوسری طرف میونسپل کمیٹی کے درجہ چہارم کے ملازمین جعلی پرچیاں لے کر دوکانداروں اور ریڑھی بانوں کے چالان اور ٹیکس کی آڑ میں ماہانہ مٹھیاں لے کر اپنی جیبیں بھرنے لگے۔ جس میں مقامی افسران بھی پورے حصے دار ہیں۔ جس کے باعث سرکاری خزانے کو لاکھوں کا چونا لگایا جا رہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 57

ہیں۔ مملکت میں غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کے دوران گرفتار ہونے والوں کی کل تعداد 1,553 تک پہنچ گئی ہے۔ ان میں سے 28 فیصد یمنی، 69 فیصد ایتھوپین اور 3 فیصد دیگر قومیتوں کے لوگ تھے۔ رہائش، کام اور سرحدی سلامتی کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنے والوں کو نقل و حمل، پناہ دینے، ملازمت دینے اور ان کی پردہ پوشی کرنے والے 36 افراد کو بھی حراست میں لے لیا گیا ہے۔ قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر پکڑے گئے غیر ملکیوں کی تعداد 38061 تک پہنچ گئی ہے۔ ان میں 2266 خواتین بھی شامل ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 58

اس حکومت کو لات مار کر گرا دیں گے۔ پیپلز پارٹی رہنما کا کہنا تھا کہ حکومت میں اتنی طاقت نہیں ہے کہ پیپلز پارٹی کے منع کرنے کے بعد بھی وہ کینال نکال لیں، کچھ سیاسی اور مذہبی جماعتیں کینال منصوبے کو ضمنی انتخاب میں کارڈ کے طور پر استعمال کر رہی ہیں۔ دوسری جانب پانی کے عالمی دن پر دریائے سندھ سے 6 نہریں نکالنے کے خلاف مزدوروں اور کسانوں کی تنظیموں نے حیدرآباد میں احتجاجی ریلی نکالی جبکہ میرپور خاص، بدین، نواب شاہ، دادو، عمرکوٹ اور پڈعیدن میں بھی مظاہرے کیے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 59

قوم کیلئے خدمات پر تفصیل سے روشنی ڈالی جائے گی اخبارات خصوصی ایڈیشن شائع کریں گے جبکہ نجی ٹی وی چینلز سے بھی خصوصی پروگرام نشر کیے جائیں گے جس میں سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی ملک و قوم کیلئے پیش کی گئی خدمات کو اجاگر کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 60

مام حسنؑ کی صلح پسندی اور قیادت کی صلاحیتیں ہمیں رہنمائی فراہم کرتی ہیں، آج کے مسلمان حضرت علیؑ کی تعلیمات پر عمل کر کے دین و دنیا میں سرخرو ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرت علیؑ کی غریب پروری، یتیم و مسکینوں سے محبت اور ان کی سادہ زندگی اور طرز حکمرانی ہمارے حکمرانوں کیلئے مشعل راہ ہے، آپ نے سب سے پہلے قاضی کے کٹہرے میں خود کو پیش کر کے ایک مثال قائم کی، سیاسی، سماجی اور تعلیمی شعبوں میں اقدامات و اصلاحات کیں، ہمارے مسلم حکمرانوں کیلئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ و دیگر صحابہ کرام، اہل بیت اطہار کی زندگی کا ہر پہلو اور دورہ خلافت رہنمائی کا بہترین ذریعہ ہے۔ ہم دعا گو ہیں کہ یا اللہ مسلم حکمرانوں کو خلفائے راشدین رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرز حکمرانی سے رہنمائی حاصل کرنے کی توفیق عطا فرما۔

### بقیہ بقیہ جات 61

قانون، چیئرمین سینیٹ اور پاکستان کے صدر بھی رہ چکے ہیں۔ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں وہ ریکارڈ چار مرتبہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہو چکے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 62

حاصل کر کے فرنٹیئر فورس رجمنٹ میں شامل ہوئے۔ 1971 کی پاک بھارت جنگ میں انہیں مشرقی پاکستان میں ہلی کے محاذ پر تعینات کیا گیا تھا۔ میجر اکرم شہید نے اس یادگار معرکے میں نہایت جرات اور استقامت کے ساتھ دشمن کا مقابلہ کیا اور 5 دسمبر 1971 کو جام شہادت نوش کیا ان کی شاندار خدمات اور بہادری کے اعتراف میں انہیں پاک فوج کا اعلیٰ ترین فوجی اعزاز نشان حیدر عطا کیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 63

سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ سامنے آنے پر بھی یقین یاہو کے خارجہ امور کے لیے سینئر مشیر نے مزید کہا کہ یہ فوجی اور جنگی دباؤ ہی تھا جس نے سب سے پہلے نومبر 2023 میں حماس کو مختصر جنگ بندی کے لیے مجبور کر دیا تھا اور ہمارے 80 قیدی رہا ہو گئے تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 64

مناسب نہ سمجھا۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم پوش علاقوں سمیت مختلف مقامات پر 70 سے 80 روپے کلو فروخت ہوا، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم 40 کی بجائے 50 سے 60، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40 سے 45 روپے، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے 50، پیاز درجہ سوم 30 کی بجائے 40، ٹماٹر درجہ اول 60 کی بجائے 80، ٹماٹر درجہ دوم 50 کی بجائے 70، ٹماٹر درجہ سوم 40 کی بجائے 50 روپے، لہسن دیسی نیا 250 کی بجائے 360 سے 380، لہسن چائنہ 600 کی بجائے 700 سے 740، لہسن جی ون 375 کی بجائے 400 سے 420، ادرک تھائی لینڈ 420 کی بجائے 460 سے 480، کھجور عراقی 415 کی بجائے 500 سے 520، کھجور ایرانی 460 کی بجائے 550 سے 560 جبکہ کھجور اصیل 445 کی بجائے 460 سے 470 روپے کلو فروخت ہوئی۔ دوسری جانب حکومت کے زیر انتظام بازاروں میں پھل اور سبزیاں مقررہ نرخوں پر فروخت ہوئے۔ کئی مقامات پر معیار جبکہ بعض مقامات پر پھل اور سبزیاں دوپہر سے پہلے ختم ہونے کی شکایات رہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 65

،اس موقع پر محمد اکرام باری نے کہا کہ درخت قومی اثاثہ ہیں، درخت لگانا نہ صرف صدقہ جاریہ بلکہ سنت نبویؐ بھی ہے، پودہ لگانا انسانی صحت کی بقا کیلئے نہایت ضروری اور ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے بہت اہم ہے، درخت لگانا دنیاوی زندگی کے فائدے کے ساتھ ساتھ ہماری آخرت سے بھی بہت بڑا فائدہ ہے نبی اکرم ﷺ کا ارشاد ہے کہ جس مسلمان نے کوئی درخت لگایا اور اسکا پھل آدمیوں یا جانوروں نے کھایا تو اس لگانے والے کیلئے صدقے کا ثواب ہے، انہوں نے کہا کہ عوامی تعاون کے بغیر شجرکاری مہم کامیاب نہیں ہو سکتی، ماحولیاتی آلودگی کے خاتمے کیلئے سب کو ملکر کردار ادا کرنا ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 66

میں رکھنے والی گولیاں کھا کر خودکشی کر لی تھی، تاہم حالات کی ستائی اسکی اہلیہ نگہت بی بی نے بھی گندم میں رکھنے والی گولیاں نگل لیں۔ جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال لایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے اس کا معدہ واش کرتے ہوئے جان بچانے کی سرتوڑ کوشش کی لیکن دوران علاج وہ زندگی کی بازی ہار گئی۔ ہسپتال انتظامیہ نے نعش قبضہ میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 67

حوالے سے لوٹنے پر بضد ہیں، وزراء کو پہلے ہی لگژری گاڑیوں، بڑے گھروں، مفت بجلی، گیس، پٹرول کی مراعات حاصل ہیں، مفت ہوائی سفر تک کی سہولت دستیاب ہیں، حج، غیر ملکی دورے کے ساتھ ساتھ ترقیاتی فنڈز، صوابدیدی فنڈز، سیکورٹی اور پروٹوکول میسر ہے لیکن ان کی لالچ پھر ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی۔ اختر ڈار نے کہا کہ تحریک انصاف نظریاتی نے فیصلہ کیا ہے کہ ان غریب ونادار وزراء کی کفالت کیلئے وزراء کفالت فنڈ قائم کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 69

ریفائنری میں بطور اکاؤنٹ ملازمت کرتا تھا۔ ملزم نے دیگر ساتھیوں بشمول بینک منیجر کی معاونت سے فیصل آباد آئل ریفائنری کے اکاؤنٹ میں خرد برد کی۔ اس سے قبل بھی ملزم کا ساتھی ساجد کامران گرفتار ہو چکا ہے۔ ملزم نے بینک عملے کی ملی بھگت سے جعل سازی کرتے ہوئے فیکٹری کے نام سے بینک اکاؤنٹ کھلوایا۔ ملزم نے کھاتہ داروں کی جانب سے پیش کیے گئے چیکس کو کمپنی اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے بجائے جعل سازی سے کھلوائے گئے اکاؤنٹ میں جمع کروائے۔

### بقیہ بقیہ جات 70

گولڈ میڈل جیت لیا۔ پاکستان کے اعصام الحق قریشی نے اپنی فرانسیسی پارٹنر میگالی جیرارڈ کے ساتھ مل کر آئی ٹی ایف ماسٹرز 40 پلس ورلڈ چیمپئن شپ مکسڈ ڈبلز کیٹیگری میں ایک اور گولڈ میڈل حاصل کیا۔ ایک سنسنی خیز فائنل میں اعصام اور میگالی جیرارڈ نے جرمنی کی کیتھرینا راتھ اور اینڈریاس تھیوسن کو 7-5، 6-3 سے شکست دے کر چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کیا۔ میچ میں ڈرامائی تبدیلی دیکھنے میں آئی۔

---

## بعدالت جناب مہر احسن شہزاد ہرل
## صاحب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ
## تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع سالم

متوفی اسلام دین ولد محمد یٰسین وارثان محمد یٰسین والد بیگم بی بی والدہ اختری بی بی بیوہ متوفی پہلے فوت شدہ زندہ محمد اسلم، محمد اکرم، محمد اشرف، محمد افتخار پسران ،افسری بیگم، ماشااللہ، زیب النساء دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

---

## بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
## صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
## حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بختنی نور

متوفیہ سرداراں بی بی بیوہ غلام حسین، وارثان راجہ والد سجاداں بی بی والدہ، غلام حسین خاوند متوفیہ پہلے فوت شدہ، محمد نذیر، طالب حسین پسران متوفیہ بعد میں فوت شدہ۔

زندہ محمد اشرف، محمد بشیر، محمد اعجاز، محمد ریاض پسران ،رسولاں بی بی دختر متوفیہ ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

---

## بعدالت جناب قیصر عباس جسپال
## صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر
## حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع بختنی نور

متوفی محمد نذیر ولد غلام حسین لاولد وارثان غلام حسین، والد سرداراں بی بی والدہ پہلے فوت شدہ، طالب حسین برادر متوفی بعد میں فوت شدہ

زندہ محمد اشرف محمد بشیر محمد اعجاز محمد ریاض برادران، رسولاں بی بی ہمشیرہ متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کروا سکتا ہے بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کر دیا جائیگا۔ دستخط و مہر عدالت ہذا سے جاری ہوا۔

---

## بعدالت جناب مسز مہوش حیات فلک صاحبہ نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل بھلوال
## درخواست تقسیم اراضی کھیوٹ نمبر 1208 موضع پوانا بھلوال

**عنوان: محمد امیر وغیرہ بنام محمد اکبر وغیرہ**

بنام 1_محمد اکبر ولد زمان ذات پڈھر 2_محمد سرور ولد اللہ بخش 3_فاطمہ دختر محمد بخش 4_سرداراں دختر غلام محمد 2_فاطمہ دختر غلام محمد 6_محمد افضل ولد محمد کان
7_غلام محمد ولد صالحوں موچی 8_محمد انور ولد احمد خان 9_صفدر عباس ولد عباس شاہ 10_ارشد عباس ولد عباس شاہ 11_سیف اللہ ولد غلام عباس شاہ
12_آصف عباس ولد غلام عباس شاہ 13_احمد خان ولد جلال 14_محمد بخش ولد جلال 15_محمد اشرف ولد دوسہ 16_محمد خان ولد دوسہ 17_پروین بی بی
18_حاجراں بی بی دختراں محمد انور 19_فیصل نور دختر مرید حسین کھوت 20_عاطف اشرف ولد محمد اشرف 21_محمد سرفراز ولد محمد خان 22_منیر احمد ولد غلام حسین
23_محمد سلطان ولد محمد رمضان 24_خالد محمود ولد محمد رمضان 25_تاج حسین ولد غلام یٰسین ذات میکن 26_جاوید تنویر ولد منیر احمد 27_فیصل قدیر ولد منیر احمد
28_عمر حیات ولد محمد خان 29_نذر محمد ولد فتح محمد 30_گل محمد ولد فتح محمد ذات منہاس 31_غلام یٰسین ولد میانی خان 32_محمد رمضان ولد شیرا 33_محمد جمیل ولد
سردار خان ذات اعوان 34_محمد ارشد ولد دوست محمد 35_محمد مختار ولد محمد یوسف ذات بھٹی 36_فرمان اللہ ولد محمد حیات ذات بھٹی 37_محمد نذیر ولد محمد بخش
38_ظفر اقبال ولد محمد یوسف ذات بھٹی 39_خالد محمود ولد خادم حسین ذات بھٹی 40_غلام حسین ولد خادم حسین ذات بھٹی 41_منیر حسین ولد دوست محمد ذات مسلم شیخ
42_نصیر حیات ولد محمد رزاق 43_غلام مصطفیٰ ولد محمد بخش ذات ملک 44_محمد نصیر ولد جمان 45_محمد ارشد ولد ملکا 46_کلثوم دختر ملکا 47_محمد انور ولد طالب حسین
ذات آرائیں 48_محمد اعجاز ولد محمد ریاض 49_غلام حسن ولد عبدالرحمن ذات اعوان 50_نصیری ولد دوست محمد ذات مسلم شیخ 51_غلام عباس ولد دوست محمد
52_پرویز اقبال دوست 53_عابد حسین ولد محمد شیر 54_قیصر احمد ولد شیر 55_محمد امیر ولد محمد خان 56_محمد بشیر ولد مولا بخش 57_محمد اظہر ولد بخش ذات تکہ
58_محمد انور ولد طالب حسین آرائیں 59_محمد مظہر ولد محمد بخش تکہ 60_مسجد فاروقیہ رضویہ عصمت کالونی 61_منظور حسین 62_تصور حسین 63_عبدالحمید ولد ضا
64_عبدالحمید ولد عبدالجبار 65_محمد رشید ولد سلطان 66_محمد ظفر ولد سلطان 67_نذر اللہ ولد سلطان 68_خالد محمود ولد محمد رفیق 69_شہزاد فیصل ولد محمد فیض
70_عبدالوحید ولد عبدالمجید 71_غلام شبیر ولد غلام حسین 72_غلام اصغر ولد نور الٰہی 73_غلام اصر ولد نور الٰہی 74_محمد عسکری ولد غلام اصغر 75_محمد تقی ولد
غلام اصغر 77_محمد علی ولد غلام اصغر 78_ظفر اقبال ولد محمد حیات کھوکھر 79_زوار حسین ولد رقیہ بیگم 80_سکینہ بی بی والدہ رقیہ بیگم 81_محمد علی خاوند رقیہ بیگم
82_غضنفر علی حقیقی پسر رقیہ بیگم 83_محمد علی قمر پسر رقیہ بیگم 84_عنصر علی پسر محمد پسر رقیہ بیگم 85_قمر شاہین دختر رقیہ بیگم 86_وقار احمد ولد محمد صدیق کھوکھر 87_قمر
نوین دختر رقیہ بیگم 88_قمر شیری دختر رقیہ بیگم 89_ظفر اقبال حیات ولد حسین 90_محمد جہانگیر ولد غلام حسین 91_محمد انور ولد غلام یٰسین 92_ظفر اقبال ولد دوست
محمد 93_محمد وسیم ولد سخی محمد 94_سیف اللہ ولد غلام رسول نجیم 95_محمد اسلم ولد محمد یوسف 96_منیر احمد ولد عبدالحمید بھٹی 97_محمد رشید ولد محمد اسمٰعیل 98_تنویر احمد
ولد احمد علی 99_محمد عثمان ولد شیر محمد 100_شاہد اقبال ولد منظور احمد 101_مشتاق حسین ولد محمد حیات 102_فرید حسین ولد محمد حیات 103_محمد اعجاز ولد کرم علی
104_غلام عباس 105_عابد حسین پسران غلام حیدر 106_مسماۃ سائرہ، یاسمین زوجہ تصور حیات 107_ظفر اقبال ولد منظور احمد مسلم 108_غلام حسین ولد
غلام حیدر 109_احمد یار 110_عبدالغفار پسران خوشی محمد بھیرہ 111_محمد حنیف ولد محمد دین 112_محمد شاہ ولد تصور حسین 113_امان اللہ ولد تصور حسین
114_محمد عرفان ولد تسور حسین پنجوتہ 115_محمد عمر حیات ولد محمد یوسف 116_طارق حسین ولد محمد خان 117_غلام حسین ولد نصر اللہ 118_کوثر پروین دختر غلام مغل
119_رابعہ بیوہ محمد دین مغل 120_عبدالروف ولد محمد دین مغل 121_منظوراں بی بی دختر محمد مغل 122_نذیراں دختر محمد 123_محمد پرویز ولد محمد
بشیر 124_حامد علی ولد محمد یار مسلم شیخ 125_عابد حسین ولد محمد بشیر گوندل 126_محمد یوسف ولد غلام رسول انصاری 127_محمود الحسن ولد منظور حسین 128_افتخار احمد
ولد بشیر احمد وڑائچ 129_محمد ثقلین ولد خدا بخش 130_اعجاز حسین ولد محمد ریاض 131_ذوالفقار علی ولد سرور علی 132_بشیر احمد ولد شاہ محمد لنگاہ
133_عنایت ولد محمد نواز پٹھان 134_ذوالفقار علی ولد غلام رسول جنجوعہ 135_منیر احمد ولد خدا بخش 136_گلزار بیگم بیوہ حبیب الرحمن 137_حبیب الرحمن
ولد 138_ضیاء الرحمن ولد 139_خلیل الرحمن ولد 140_شجاع الرحمن ولد 141_عزیز الرحمن ولد قصاب 142_محمد انور ولد محمد سرور 143_محمد بشیر ولد محمد
خان مانگٹ 144_غلام حسین ولد غلام حیدر قریشی 145_محمد نواز ولد متعلی خان 146_محمد نواز ولد محمد خان جنجوعہ 147_سرفراز ولد محمد خان جنجوعہ 148_محمد اعظم ولد
ملک مسلم شیخ 149_شاہد اقبال ولد گاماں جنجوعہ 150_محمد یوسف ولد محمد امیر 151_شکیل انور ولد محمد انور 152_محمد ممتاز ولد خادم حسین 153_وقار احمد
مظہر حسین 154_ظفر اقبال ولد سیف علی 155_تصور حسین ولد محمد خان 156_محمد نذیر ولد محمد خان 157_محبوب الٰہی ولد محمد اسلم 158_فاطمہ بیوہ محمد افضل
159_محمد سلطان ولد ربعہ کھوکھر 160_نذر محمد ولد سلطان کھوکھر 161_سلطان احمد ولد 162_غلام شبیر ولد محمد اقبال سکنائے پرانا بھلوال تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا

ہرگاہ مقدمہ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کو بار بار طلب کیا گیا مگر آسان طریقہ سے تعمیل نہ ہوئی ہے اس لیئے اشتہار اخبار حذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر مقررہ تاریخ 24 مارچ 2025 کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر پیش ہوں بصورت دیگر آپکے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا ہے۔

## قوم کو آج اسلامی اور خوشحال پاکستان کیلئے 23 مارچ کے جذبہ کی ضرورت ہے: ضیاء الدین انصاری

### برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں 23 مارچ 1940ء کا دن نہایت اہمیت اور تجدید عہد وفا کا دن ہے، زندہ قومیں اپنے اسلاف کی قربانیوں اور جدوجہد کو نہ صرف یاد رکھتی ہیں بلکہ نئی نسل میں منتقل بھی کرتی ہیں۔

### آزادی کی اہمیت سمجھنے کیلئے فلسطین اور کشمیر کے لوگوں کو دیکھیں کس طرح مسلمانوں کی نسل کشی کی جا رہی ہے، امیر جماعت اسلامی لاہور کا 23 مارچ کے تاریخی دن کے حوالے سے افطار ڈنر تقریب سے خطاب

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاکستانی قوم اور حکمران طبقے کو اسلامی وخوشحال پاکستان کیلئے آج پھر سے 23 مارچ کے جذبہ کی شدت سے ضرورت ہے۔ قوم 23 مارچ کے دن کی اہمیت کو بھول چکی ہے۔ قوموں کی تاریخ میں بہت سے دن اہمیت کے ہوتے ہیں اور زندہ قومیں اپنے اسلاف کی قربانیوں اور جدوجہد کو نہ صرف یاد رکھتی ہیں بلکہ اسے امانت کی صورت میں اپنی نئی نسل میں منتقل بھی کرتی ہیں۔ برصغیر پاک وہند کی تاریخ میں 23 مارچ 1940ء کا دن نہایت اہمیت اور تجدید عہد وفا کا دن ہے۔ آج کے دن آزاد اور خودمختار مملکت کے قیام کا مطالبہ کیا تھا تاکہ مسلمانوں کے حقوق کا تحفظ ہو سکے اور وہ اپنے دین کے مطابق زندگی بسر کرسکیں۔ قرار داد پاکستان ہی دراصل وہ مطالبہ ہے جو اسلامی جمہوریہ پاکستان کے نام سے دنیا کے نقشے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ زون 166 میں تربیتی نشست سے خطاب کر رہے ہیں

## مہنگائی کیخلاف سرکاری مشینری مؤثر کریک ڈاؤن نہ کرسکی

### اوپن مارکیٹوں، گلی محلے میں پھل، سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت ہوئے، دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی مناسب نہ سمجھا

### حکومت کے زیر انتظام بازاروں میں مقررہ نرخوں پر فروخت، کئی مقامات پر معیار، پھل اور سبزیاں دوپہر سے پہلے ختم ہونے کی شکایات

لاہور (این این آئی) رمضان المبارک کے آخری عشرے میں بھی سرکاری مشینری مؤثر کریک ڈاؤن نہ کرسکی جس کی وجہ سے شہر کی اوپن مارکیٹوں خصوصاً گلی محلے کی سطح پر دکانداروں نے پھل اور سبزیاں من مانے نرخوں پر فروخت کرنے کا سلسلہ جاری رکھا، کیرج شاپ، جی ٹی روڈ، گڑھی شاہو، باغبانپورہ، راوی روڈ، دھرمپورہ، مزنگ، اسلامپورہ سمیت کئی مقامات پر دکانداروں نے سرکاری ریٹ لسٹ آویزاں کرنا بھی مناسب نہ سمجھا۔ سرکاری نرخنامے میں آلو کچا چھلکا نیا درجہ اول کی قیمت 50 روپے مقرر کی گئی تاہم پوش علاقوں سمیت مختلف مقامات پر 70 سے 80 روپے کلو فروخت ہوا، آلو کچا چھلکا نیا درجہ دوم 40 کی بجائے 50 سے 60، آلو کچا نیا چھلکا درجہ سوم 35 کی بجائے 40 سے 45 روپے، پیاز درجہ اول 50 کی بجائے 70، پیاز درجہ دوم 40 کی بجائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 64)

اسلام آباد: مارگلہ ہلز پر مسمار کیے گئے مونال ریسٹورنٹ والی جگہ پر شہریوں کی بڑی تعداد روزہ افطار کر رہی ہیں

## ملک کو بحرانوں سے نکالنا ہے تو شفاف انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے‘ رانا جاوید عمر

### ملک، فوج اور یہ ادارے ہمارے ہیں، ہمیں عوام کی امنگوں کے مطابق فیصلے کرنے ہوں گے

رائے ونڈ (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما رانا جاوید عمر نے کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں سے نکالنا ہے تو شفاف اور غیر جانبدار انتخابات کا انعقاد یقینی بنایا جائے، ملک، فوج اور یہ ادارے ہمارے ہیں، ہمیں عوام کی امنگوں کے مطابق فیصلے کرنے ہوں گے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ عمران خان ملک کے عظیم لیڈر ہیں جنہیں عوام نے اپنے ووٹ کے ذریعے منتخب کیا لیکن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 46)

## رمیش سنگھ اروڑہ کی سیالکوٹ میں بابے دی بیری صاحب میں جاری بھوگ تقریب میں شرکت

### گردوارہ بیری صاحب کو سکھوں کا بین الاقوامی استھان بنانا چاہتے ہیں، رمیش سنگھ اروڑہ

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر پنجاب میں قیام پاکستان کے بعد بند پڑے 46 گردواروں کی بحالی کے منصوبے پر آغاز کر دیا گیا ہے، اسی طرح 70 سالوں سے بند گردوارہ بابے دی بیری صاحب کو کھولنے کے بعد تالاب بابے کی بیر صاحب سے قبضہ ختم کروا کر اس کو مقامی سنگت کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 53)

## مساجد تعمیر کرنے والے اپنے لئے جنت میں گھر تعمیر کرتے ہیں، سید فہیم نقوی

### دنیا میں جو شخص رب کی رضا کیلئے مسجد تعمیر کرتا ہے اس کیلئے جنت میں گھر بنا دیا جاتا ہے، افتتاح پر خطاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) المعراج ویلفیئر فاؤنڈیشن چک نمبر 42 مرڑ کے زیر اہتمام محلہ نکو پورہ میں تعمیر ہونے والی نئی مسجد کو نمازیوں کیلئے کھول دیا گیا، مسجد کا باقاعدہ افتتاح آستانہ عالیہ مکان شریف بھلیر 119 کے سجادہ نشین سید فہیم نقوی، پی پی 132 کے سابق امیدوار کرنل (ر) امانت علی نے کیا، اس ضمن میں تقریب کا انعقاد کیا گیا، جسکی صدارت چیئرمین فاؤنڈیشن حاجی محمد افضل ملک پرنسپل گورنمنٹ علامہ اقبال ماڈل ہائی سکول نے کی، ملک سجاد حسین آف سعودیہ نے خصوصی شرکت کی، تقریب میں عوامی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر میاں طارق جمیل، ریسکیو 1122 کے کمیونٹی انسٹرکٹر رانا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 48)

## سعودی عرب، ایک ہفتہ میں قانون کی خلاف ورزی پر 25 ہزار افراد گرفتار

### ان سب کو 13 سے لے کر 19 مارچ 2025 کے درمیان حراست میں لیا گیا

ریاض (این این آئی) سعودی وزارت داخلہ نے انکشاف کیا ہے کہ سعودی عرب کے تمام خطوں میں مشترکہ فیلڈ مہم میں قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے پر گرفتار ہونے والوں کی تعداد ایک ہفتے کے دوران 25150 رہی ہے۔ ان سب کو 13 سے لے کر 19 مارچ 2025 کے درمیان حراست میں لیا گیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق مملکت کے تمام خطوں میں مشترکہ سکیورٹی فیلڈ مہمات کے ذریعے گرفتار کیے گئے افراد میں ریذیڈنسی سسٹم کی خلاف ورزی کرنے والے 17,886، بارڈر سکیورٹی سسٹم کی خلاف ورزی کرنے والے 4,247 اور لیبر سسٹم کی خلاف ورزی کرنے والے 3,017 افراد شامل ہیں۔ مملکت میں غیر قانونی طور پر سرحد عبور کرنے کی کوشش کے دوران گرفتار ہونے والوں کی کل تعداد 1,553 تک پہنچ گئی ہے۔ ان میں سے 28 فیصد یمنی، 69 فیصد ایتھوپین اور 3 فیصد دیگر قومیتوں کے لوگ تھے۔ رہائش، کام اور سرحدی سلامتی کے ضوابط کی خلاف ورزی کرنے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

## درخت لگانا نہ صرف صدقہ جاریہ بلکہ سنت نبویؐ بھی ہے، محمد اکرام باری

### زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر ہمیں اپنی پاک دھرتی سے محبت کا ثبوت دینا ہوگا، شجرکاری پر خطاب

ننکانہ صاحب (این این آئی) اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ وکمیونٹی ڈویلپمنٹ محمد اکرام باری نے گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چوہر سکھاں میں پودے لگا کر شجرکاری مہم کا افتتاح کر دیا، سکول میں پھلدار پودے لگائے گئے، اسسٹنٹ پراجیکٹ لوکل گورنمنٹ ریاض احمد، سیکرٹری یونین کونسل ملک خالد محمود جاوید ماہیا، ہیڈ ماسٹر محمد شہباز، اساتذہ کبیر حسین، محمد طارق علی، عبدالغفار ودیگر بھی موجود تھے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 65)

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں ٹی بی (تپدق) سے بچاؤ کا عالمی دن (آج) 24 مارچ کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ٹی بی (تپدق) سے بچاؤ کا عالمی دن (آج) 24 مارچ کو منایا جائے گا اس دن کو منانے کا مقصد مہلک اور اچھوت مرض ٹی بی کی علامات، اس سے بچاؤ اور علاج اور پرہیز وغیرہ کے متعلق عوام میں شعور وآگہی بیدار کرنا ہے اس دن کے حوالے سے فیصل آباد سمیت ملک بھر میں محکمہ صحت اور سماجی تنظیموں کے زیر اہتمام شعبہ طب سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

## 23 مارچ ہمیں قیام پاکستان کی جدوجہد، قربانیوں اور بانیانِ پاکستان کے عزم واستقلال کی یاد دلاتا ہے، صاحبزادہ حافظ فاران سہیل

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے سینئر رہنما صاحبزادہ حافظ فاران سہیل نے 23 مارچ یوم پاکستان کے موقع پر قوم کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ 23 مارچ یوم پاکستان کو منانے کا مقصد نظریہ پاکستان اور ملک سے اظہار محبت کا پیغام دینا ہے اور عزم کرنا ہے کہ ملک کی حفاظت کیلئے ہم سب آپس میں شانہ بہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 49)

## تعمیر نو کے لیے سعودی عرب، مصر، کویت اور قطر سے رابطہ کر رہے، سوڈانی وزیر خارجہ

### خرطوم کی آزادی کے بعد فوج کردفان اور دارفور میں ریپڈ سپورٹ کے ٹھکانوں کی طرف جائے گی، گفتگو

خرطوم (این این آئی) سوڈانی وزیر خارجہ علی یوسف نے کہا ہے کہ ان کا ملک تعمیر نو کے لیے سعودی عرب، مصر، کویت اور قطر کے ساتھ بات چیت کر رہا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق انہوں نے کہا ریپڈ سپورٹ فورسز نے اداروں کی تباہی کی ہے جس سے خرطوم میں سرکاری اداروں کی بحالی میں کمزوری آئی ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ خرطوم کی آزادی کے بعد فوج کردفان اور دارفور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 54)

## سانگلہ ہل مقامی میونسپل کمیٹی کرپشن کی آماجگاہ بن گئی

### جعلی چالان اور دوکانداروں ریڑھی بانوں سے ہفتہ وار منتھلی اکٹھی کرنے لگے

ننکانہ صاحب (این این آئی) سانگلہ ہل مقامی میونسپل کمیٹی کرپشن کی آماجگاہ بن گئی، جعلی چالان اور دوکانداروں ریڑھی بانوں سے ہفتہ وار منتھلی اکٹھی کرنے لگے، بلڈنگ انسپکٹر نے بھی کرپشن کا بازار گرم کر دیا، مختلف حربوں سے شہریوں کو بلیک میل کرنے لگا، تعمیر ہونے والی کمرشل بلڈنگوں کو بھاری رقم کے عوض رہائشی مکانوں میں شو کر دیا جاتا ہے، سرکاری خزانے کو لاکھوں کا چونا۔ بتایا گیا ہے کہ میونسپل کمیٹی کے بلڈنگ انسپکٹر نے کرپشن کا بازار گرم کر دیا۔ شہر میں تعمیر ہونے والی کمرشل بلڈنگوں اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

کراچی: کیماڑی ٹاؤن کے علاقے مدینہ کالونی میں لوگ دور دراز سے آکر پینے کا پانی بھر رہے ہیں

## بلوچستان میں دہشتگردی کا حل آرمی چیف، اختر مینگل ہی حل کر سکتے ہیں‘ مذاکرہ

### حالات دور اندیشی پر مبنی اقدامات کے متقاضی ہیں، مشاورت کے عمل کو فروغ دیا جائے: نجم الدین مزاری

### آل پارٹیز کانفرنس، بلوچستان کی سیاسی جماعتوں، تنظیموں کو عزت کے ساتھ مدعو کیا جائے‘ اسحاق بریار

لاہور (این این آئی) بلوچستان کی موجودہ صورتحال میں دور اندیشی کا مظاہرہ کرنا ہوگا، بلوچستان میں دہشتگردی کا حل آرمی چیف عاصم منیر اور بلوچ رہنما سردار اختر مینگل ہی حل کر سکتے ہیں، پاک فوج نے ایک بار پھر ثابت کر دیا کہ وہ کسی کو ریاست کی رٹ چیلنج کرنے کی اجازت نہیں دے گی، پاک فوج اور دیگر سکیورٹی فورسز نے جعفر ایکسپریس پر دہشتگردوں کے حملے کو ناکام بنا کر ایک بار پھر ملک دشمنوں پر اپنی صلاحیت واضح کر دی ہے۔ ان خیالات کا اظہار مقررین نے ”بلوچستان کی موجودہ صورتحال اور ہماری حکمت عملی“ کے موضوع پر مذاکرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تھنکرز فورم کے سربراہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

## تحریک انصاف نظریاتی کا وفاقی وزراء کی جانب سے خود ہی تنخواہوں میں غیر معمولی اضافے پر تشویش کا اظہار

لاہور (این این آئی) تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے وفاقی کابینہ کے ارکان کی جانب سے خود ہی اپنی تنخواہوں میں 188 فیصد کے غیر معمولی اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ غریب ونادار وزراء کی کفالت کیلئے ”وزراء کفالت فنڈ“ قائم کریں گے اور عوام سے ان کے لئے عطیات وصدقات دینے کی اپیل کریں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ قرضوں میں ڈوبے ہوئے ملک کے حکمران ملک کو ہر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 67)

## فیصل آباد، کروڑوں روپے کی بدعنوانی، دھوکہ دہی اور مالیاتی فراڈ میں ملوث اشتہاری ملزم گرفتار

مکوآنہ (این این آئی) کروڑوں روپے کی بدعنوانی، دھوکہ دہی اور مالیاتی فراڈ میں ملوث اشتہاری ملزم گرفتار، ایف آئی اے فیصل آباد زون کی بڑی کارروائی۔ 25 کروڑ کی خرد برد میں ملوث اشتہاری ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت افضل شہزاد کے نام سے ہوئی۔ گرفتار ملزم سال 2022 سے اشتہاری تھا، ملزم آئل (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 69)

کراچی: شہری لوڈشیڈنگ کی وجہ سے چارجنگ والے پنکھے خرید کر لے جا رہے ہیں

## امریکا نے سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر مقرر انعامی رقم ختم کردی، طالبان

### طالبان کی جانب سے یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں ہی امریکی وفد نے کابل کا دورہ کیا تھا: ذرائع

### حقانی نیٹ ورک کے دیگر رہنماؤں عبدالعزیز حقانی اور یحییٰ حقانی پر بھی انعامی رقم ختم کردی ہے‘ افغان میڈیا کا دعویٰ

کابل (این این آئی) افغانستان کی وزارت داخلہ نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے افغان وزیر داخلہ سراج الدین حقانی کی گرفتاری پر ایک کروڑ ڈالر کی انعامی رقم ختم کردی۔ طالبان کی جانب سے یہ دعویٰ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ دنوں ہی امریکی وفد نے کابل کا دورہ کیا تھا۔ طالبان اور امریکی وفد کے درمیان کابل میں اہم ملاقات میں امریکی خصوصی ایلچی برائے مغوی افراد ایڈم بوہلر اور زلمے خلیل زاد شامل تھے، اس وفد نے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 47)

## قوم کا ایک ہی سوال، عمران خان کو کس جرم میں جیل میں رکھا ہے: مسرت چیمہ

### موجودہ حکومت کو عوام کی تائید حاصل نہیں، قومی سطح کے فیصلوں میں عمران خان کی شمولیت کے بغیر پائیدار استحکام نہیں آسکتا

### موجودہ حالات میں قوم کے اتحاد میں سب سے بڑی رکاوٹ حکومت خود ہے، حکمرانوں کی ضد اور انا کی وجہ سے حالات ابتر ہو رہے ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں قوم کے اتحاد میں سب سے بڑی رکاوٹ حکومت خود ہے، حکمرانوں کی ضد اور انا کی وجہ سے حالات ابتر ہو رہے ہیں لیکن انہیں کوئی پرواہ نہیں، قومی سطح کے فیصلوں میں عمران خان کی شمولیت کے بغیر ملک میں پائیدار استحکام نہیں آسکتا۔ اپنے بیان میں مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ موجودہ حکومت کو عوام کی تائید حاصل نہیں، بند کمروں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

لاہور: لبرٹی مارکیٹ میں خواتین چوڑیاں خرید رہی ہیں

## تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سر سیّد احمد خاں کی 127 ویں برسی 27 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) تحریک پاکستان کے عظیم رہنما سر سیّد احمد خاں کی 127 ویں برسی 27 مارچ کو منائی جائے گی مسلم نشاط ثانیہ کے علمبردار سر سیّد احمد خاں 1817ء میں دہلی میں پیدا ہوئے وہ انیسویں صدی کے ایک عظیم رہبر تھے انہوں نے ہندوستانی مسلمانوں کو باعزت قوم بنانے کیلئے سخت جدوجہد کی سر سیّد احمد خاں کی پوری زندگی قوم کی خدمت کرتے گزری وہ ایک بلند پایہ مفکر، مصنف اور جلیل القدر رہنما تھے۔ سر سیّد احمد خاں نے اپنی ادبی تخلیقات سے مسلمانان ہند میں ایک (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

## وزارت قانون موجودہ دور سے مطابقت نہ رکھنے والے پرانے قوانین کو تبدیل کرے‘ پنجاب بار کونسل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین عرفان صادق تارڑ نے کہا ہے کہ جعلی وکلاء کا راستہ روکنے کیلئے موثر ڈیجیٹل نظام لایا جا رہا ہے جس کے تحت وکالت کے لائسنس کا جعلی ڈپلیکیٹ بنانا ناممکن ہوگا، بروقت انصاف کے حصول میں رکاوٹوں کو دور کرنے کیلئے مثبت تجاویز کی فراہمی کو بھی اپنا فرض سمجھتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف اضلاع سے آنے والے وکلاء کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

## چینی کی قیمتیں مقرر کرنے کے اختیار کی معطلی کیخلاف پنجاب حکومت کی درخواست پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں چینی کی قیمتیں مقرر کرنے کے اختیار کی معطلی کے خلاف پنجاب حکومت کی درخواست پر سماعت آج (پیر) کے روز ہوگی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم پر مشتمل دو رکنی بنچ نے درخواست سماعت کے لئے مقرر کرنے کا حکم دیا تھا۔ پنجاب حکومت کے موقف ہے کہ یہ معاملہ عبوری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

## پھولنگر کے قریب ملتان روڈ بائی پاس پر نیا ٹول ٹیکس بنانے کا سلسلہ شروع

### گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام ہونے لگی لاہور جانے والے سرکاری ملازمین، فیکٹری ورکرز مشکلات کا شکار

پتوکی (این این آئی) وزیر تعلیم کے علاقہ پھولنگر کے قریب ملتان روڈ بائی پاس پر نیا ٹول ٹیکس بنانے کا سلسلہ شروع گھنٹوں گھنٹوں ٹریفک جام ہونے لگی لاہور جانے والے سرکاری ملازمین، فیکٹری ورکرز مشکلات کا شکار امن سول سوسائٹی پتوکی کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے فوری طور ٹول پلازہ ختم کرنے کا مطالبہ۔ تحصیل پتوکی میں دوسرا ٹول پلازہ بننے کے قریب پہنچ گیا پہلا ٹول پلازہ حبیب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

## حافظ حسین احمد کی وفات ایک ناقابل تلافی نقصان ہے‘ حافظ عبدالودود

### ان کا جوانی سے لے کر آخری سانس تک قومی سیاست میں حق وصداقت کی جدوجہد تاریخ کا سنہری باب ہے

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے رہنما حافظ عبدالودود نے کہا ہے کہ حافظ حسین احمد کی وفات ایک ناقابل تلافی نقصان ہے، وہ باوقار سیاستدان ہی نہیں بلکہ اپنی حق گوئی اور اصول پسندی کے باعث ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے، ان کا جوانی سے لے کر آخری سانس تک قومی سیاست میں حق وصداقت کی جدوجہد تاریخ کا سنہری باب ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

## حیدر آباد میں بیوی نے شوہر کو لوہے کے راڈ سے قتل کر ڈالا

### لیلیٰ نامی خاتون نے اپنے شوہر کو گھریلو ناچاقی پر لوہے کے راڈ اور ڈنڈے مار کر قتل کیا

حیدرآباد (این این آئی) حیدر آباد میں بیوی نے شوہر کو لوہے کے راڈ اور ڈنڈے کے وار کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق حیدر آباد کے نواحی علاقے ٹنڈو حیدر کے گوٹھ بھلن کالونی میں لیلیٰ نامی خاتون نے اپنے شوہر کو گھریلو ناچاقی پر لوہے کے راڈ اور ڈنڈے مار کر قتل کیا۔ ملزمہ نے ابتدائی طور پر پولیس کو گمراہ کرنے کی کوشش کی کہ نامعلوم افراد اس کے شوہر کو زخمی حالت میں گھر کے دروازے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

لاہور: جامع مسجد احمد علی لاہوری اچھرہ میں علماء وتاجر مولانا علیم الدین شاکر کی جانب سے دی گئی افطار پارٹی میں شریک ہیں

## دہشتگردوں کا مسلسل علماء کو ہی نشانہ بنانا سوالیہ نشان ہے‘ جے یو آئی

### حالیہ دہشتگردی کے واقعات میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں کو سب سے زیادہ ٹارگٹ کیا گیا

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ دہشتگردوں کا مسلسل علماء کو ہی نشانہ بنانا سوالیہ نشان ہے، بڑھتی ہوئی دہشتگردی کی وجہ سے کوئی بھی محفوظ نہیں رہا، حکمران دہشتگردوں کے مسئلہ کو سنجیدہ لیں، حالیہ دہشتگردی کے واقعات میں جمعیت علمائے اسلام کے رہنماؤں کو سب سے زیادہ ٹارگٹ کیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک بھر خاص کر خیبر پختونخواہ اور بلوچستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

## اسرائیل کے خلاف عالمی برادری کی خاموشی قابل افسوس ہے‘ جے یو آئی (س)

### اسرائیلی مظالم کے خلاف عالمی میڈیا، عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی مجرمانہ فعل ہے‘ مشترکہ بیان

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) پنجاب کے امیر پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، مرکزی سالار وامیر لاہور مولانا قاری اعظم حسین، ناظم اعلیٰ لاہور مولانا طیب عثمان الحسینی، سیکرٹری اطلاعات لاہور قاری رحمت اللہ لاشاری، پیر اکبر ساقی، مولانا عرفان شاکر، مولانا عبد الجبار، مولانا عبیداللہ بھکروی، مولانا صلاح الدین ایوبی ودیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اسرائیل کے خلاف عالمی برادری کی خاموشی باعث افسوس ہے، امریکہ کی منافقت سے اسلامی ممالک امن کے حوالے سے بہت بڑے خطرے سے دوچار ہو رہے ہیں، اسرائیل مظالم کے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

نارووال: یوم پاکستان کی تقریب میں طالبات ملی نغمہ پیش کر رہی ہیں

## مسلم لیگ (ن) ملک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر لے آئی‘ میاں اسلم ندیم

### وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) علماء ومشائخ ونگ لاہور ڈویژن کے سیکرٹری جنرل، رکن جنرل کونسل مولانا میاں محمد اسلم ندیم نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) ملک کو دوبارہ ترقی کی راہ پر لے آئی، (ن) لیگ کی بہتر معاشی پالیسیوں کے باعث پاکستان دن بدن ترقی، خوشحالی کی منازل طے کر رہا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پاکستان کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ایک عوامی جماعت ہے اس لیے ہمیشہ عوام کی فلاح کے لیے کام کیے گئے ہیں مریم نواز نے رمضان پیکج کے حقداروں میں 10/10 ہزار کے چیک تقسیم کیے ہیں جس سے غریب اور نادار لوگوں کو ریلیف دیا گیا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

## رمضان تجارت کا نہیں عبادت کا مہینہ ہے‘ مولانا علیم الدین شاکر

### تجوریاں نہیں بھوکے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے‘ خطاب

لاہور (این این آئی) عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت لاہور کے ناظم اعلیٰ مہتمم جامعہ فاطمۃ الزاہرہ للبنات مولانا علیم الدین شاکر نے کہا ہے کہ رمضان تجارت کا نہیں عبادت کا مہینہ ہے، ناجائز منافع خور اور سود خور میں کوئی خاص فرق نہیں، ماہ رمضان میں دنیا دار مال جبکہ دیندار اعمال بناتا ہے، تجوریاں نہیں بھوکے انسانوں کا پیٹ بھرنا دونوں جہانوں میں کامیابی کا راز ہے۔ ان خیالات کا اظہار (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 44)

## شب قدر نزول قرآن، مغفرت کی عظیم رات ہے‘ مولانا شعیب الرحمٰن قاسمی

### قرآن کریم کلام الٰہی کے ساتھ نوع انسانی کیلئے سرچشمہ ہدایت اور دنیاوی واخروی سعادت بھی ہے

لاہور (این این آئی) دارالعلوم حنفیہ کے مہتمم مولانا شعیب الرحمٰن قاسمی نے کہا ہے کہ شب قدر نزول قرآن اور مغفرت کی عظیم رات ہے، رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ختم قرآن میں دعا براہ راست قبول ہوتی ہے، قرآن رشد وہدایت کا سرچشمہ ہے، قرآن کریم کلام الٰہی کے ساتھ نوع انسانی کیلئے سرچشمہ ہدایت اور دنیاوی واخروی سعادت بھی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دارالعلوم حنفیہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 45)

یوم پاکستان
23
MARCH
PAKISTAN DAY
منجانب: ایڈمنسٹریٹر/چیف آفیسر میونسپل کمیٹی، شرقپور شریف

شرقپور شریف: یوم پاکستان کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر انعم اکرم کی زیر قیادت ریلی نکالی جا رہی ہے

## نئی نہریں نکالنا ن لیگ کا خواب ہے جو پورا نہیں ہوگا، رہنما پیپلز پارٹی

### اگر ایسا کیا گیا تو 24 گھنٹے میں اس حکومت کو لات مار کر گرا دیں گے، تیمور تالپور

عمرکوٹ (این این آئی) رہنما پیپلز پارٹی ورکن سندھ اسمبلی تیمور تالپور نے کہا ہے کہ نئی نہریں نکالنا نواز لیگ کا خواب ہے جو پورا نہیں ہوگا۔ عمرکوٹ میں میڈیا سے گفتگو میں کہا تیمور تالپور نے کہا کہ نئی نہریں نکالنا نواز لیگ کا خواب ہے جو پورا نہیں ہوگا، اگر ایسا کیا گیا تو 24 گھنٹے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

## سیدنا علیؓ کی تعلیمات ہر دور میں مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہیں‘ صاحبزادہ نعمان شاکر

### آج کے مسلمان حضرت علیؓ کی تعلیمات پر عمل کر کے دین و دنیا میں سرخرو ہو سکتے ہیں‘ سلیم قادری

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک کے رہنما اور مذہبی سکالر صاحبزادہ نعمان شاکر، پاکستان سنی تحریک ضلع لاہور کے جوائنٹ سیکرٹری محمد سلیم قادری نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیدنا علیؓ کی تعلیمات ہر دور میں مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہیں، سیدنا علیؓ کی شجاعت اور علم اور ا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

لاہور: دارالعلوم حنفیہ کے مہتمم مولانا شعیب قاسمی کے زیر اہتمام محفل نعت میں نعت خوانی کی جا رہی ہے

## پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین وسابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی

ننکانہ صاحب (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی چیئرمین وسابق وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو کی 46 ویں برسی 4 اپریل کو منائی جائے گی اس سلسلے میں ملک بھر میں پیپلز پارٹی کے زیر اہتمام ذوالفقار علی بھٹو کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور اجتماعی فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا جائے گا برسی کے موقع پر ملک بھر کے تمام چھوٹے بڑے شہروں میں سیمینارز، جلسے، جلوس، مذاکرے، مشاعرے اور دیگر تقریبات منعقد ہوں گی جس میں قائد عوام ذوالفقار علی بھٹو کی جمہوریت اور ملک و (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

## ملک کے سینئر سیاستدان سابق چیئرمین سینیٹ وسیم سجاد کی 84 ویں سالگرہ 30 مارچ کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) ملک کے سینئر سیاستدان سابق چیئرمین سینیٹ وسیم سجاد کی 84 ویں سالگرہ 30 مارچ کو منائی جائے گی۔ وسیم سجاد 30 مارچ 1941ء کو جالندھر میں پیدا ہوئے، وسیم سجاد چار مرتبہ چیئرمین سینیٹ منتخب ہو چکے ہیں وہ اسی کی دہائی میں سیاست میں آئے وہ وفاقی وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

## نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا

ننکانہ صاحب (این این آئی) نشان حیدر اعزاز حاصل کرنے والے شیر دل جوان میجر محمد اکرم شہید کا 87 واں یوم پیدائش 4 اپریل کو منایا جائے گا اس سلسلے میں ملک کے مختلف شہروں میں منعقدہ تقریبات میں میجر اکرم شہید کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ میجر محمد اکرم شہید 4 اپریل 1938 کو ضلع گجرات کے علاقہ ڈنگہ میں پیدا ہوئے وہ 13 اکتوبر 1963 کو پاکستان آرمی میں کمیشن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

## جنگی دباؤ حماس کو قیدیوں کی رہائی پر مجبور کر دے گا، اسرائیل

### حماس سے قیدی چھڑوانے کا ایک ہی راستہ ہے کہ اس پر جنگی دباؤ ڈالا جائے، مشیر وزیر اعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیر اعظم کے سینئر مشیر اوفیر فلک نے کہا ہے کہ اسرائیل غزہ پر بمباری جاری رکھے گا، اس کے نتیجے میں حماس پر دباؤ بڑھایا جا سکے گا اور وہ اسرائیلی قیدیوں کی رہائی کے لیے جلدی تیار ہو جائے گا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق نیتن یاہو کے سینئر مشیر نے یہ بات یورپی ملکوں کی طرف سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ سامنے آنے پر کہی۔ نیتن یاہو کے خارجہ امور کے لیے سینئر مشیر نے مزید کہا کہ یہ فوجی اور جنگی دباؤ ہی تھا جس نے سب سے پہلے نومبر 2023 میں حماس کو مختصر جنگ بندی کے لیے مجبور کر دیا تھا اور ہمارے 80 قیدی رہا ہو گئے تھے۔ اب 59 بقیہ قیدی بھی اسی طرح رہا ہو سکیں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا حماس کو مذاکرات کی میز پر لا کر قیدی چھڑوانے کا ایک ہی راستہ ہے کہ اس پر جنگی دباؤ ڈالا جائے۔ نیتن یاہو کے سینئر مشیر نے یہ بات یورپی ملکوں کی طرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 63)

لاہور: شہری بادامی باغ سبزی منڈی سے خریداری کر رہے ہیں

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداداللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور